باسمہ تعالےٰ

عرضِ ناشر

"پیشِ نظر کتاب الموسوم بہ "عزاداری از دیدگاہ مرجعیت شیعہ" حضرت حجۃ الاسلام علی ربانی دام عزہ کی تالیف ہے۔ جس میں حضرت امام حسین علیہ السلام کی عزاداری، اس کی دینی افادیت، اس کی ترویج واشاعت کے بارے میں تقریباً ایک سو سے زائد علماء اعلام کے ارشادات گرامیقدر درج کیے گئے ہیں اس دورِ پرآشوب میں جب کہ عزاداری حضرت سیّد الشہداء علیہ السلام پر چاروں طرف سے مخالفانہ یورش ہو رہی ہے۔ مسلمانوں کا ایک طبقہ اس کو بدعت تصور کرتا ہے اور نوجوان لوگ اس میں ترمیم وتنسیخ چاہتے ہیں میری دلی خواہش تھی کہ یہ کتاب ترجمہ کی صورت میں شائع ہو سکے۔ اس کتاب کا حاصل کرنا بھی مشکل تھا مگر بفضلہ تعالےٰ باآسانی دستیاب ہو گئی اور اردو ترجمہ بھی حسب منشا ہو گیا۔ اور ہمارا ولی العصر ٹرسٹ رتہ متہ ضلع جھنگ اس کتاب کو بصورت اردو ترجمہ شائع کرنے کی سعادت حاصل کر رہا ہے۔

میں نے اس کتاب کو جاذبِ نظر بنانے کے لیے متعلقہ علماء اعلام کی تصاویر بھی شامل کتاب کی ہیں عزاداری امام حسین علیہ السلام سے متعلق یہ کتاب ایک ایسی دستاویز ہے کہ جس پر علماء اعلام کی مہر تصدیق ثبت ہے

عزاداری کے متعلق حضرت پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے۔ کہ قتل حسینؑ کے سبب سے مومنین کے دلوں میں ایک ایسی (درد و غم) حرارت ہے جو کبھی ٹھنڈی نہ ہوگی۔ آنحضرتؐ کا یہ ارشاد مبارکہ عزاداری امام حسینؑ کی طرف راجع ہے۔ بس عزاداری کے خلاف زبان کھولنا۔ حرف گیری کرنا۔ واجب ومستحب کی بحث کرنا کوئی دینی کام نہیں ہے۔ بلکہ اس سے مخالفین کے نظریات کو تقویت پہنچتی ہے جس کا تصور بھی خطرات آمیز ہے ہمارا دینی فریضہ ہے کہ عزاداری امام حسین علیہ السلام کو اپنی سابقہ روایات کے ساتھ جاری رکھیں۔ عزاداری کے ساتھ ہم زندہ ہیں اور ہم زندہ ہیں تو عزاداری زندہ ہے اور اسی چیز کو یہ کتاب اپنے دامن میں لیے ہوئے ہے۔ میں یہ بھی واضح کر دینا ضروری سمجھتا ہوں کہ ولی العصر ٹرسٹ کی طرف سے جو کتاب بھی شائع ہوتی ہے اس میں ترجمہ کرنے والوں اور ٹرسٹ کے دوسرے لوگوں کو ان کا حق خدمت ادا کر دیا جاتا ہے۔ اس کتاب کی طباعت و اشاعت کے جملہ حقوق مستقلاً ولی العصر ٹرسٹ رتہ متہ ضلع جھنگ کے حق محفوظ ہیں۔ میں مولانا محمد حسین اکبر فاضل قم کا ممنون ہوں کہ موصوف نے مولانا اثیر صاحب کی زیارات کی روانگی کے بعد بے لوث اس اردو ترجمہ پر نظر فرمائی اور کتاب ہذا کی زیبائش اور جاذبیت کو نمایاں کرنے کے لیے علماء اعلام کی تصاویر بھی عنایت فرمائی۔ جو کہ شامل کی گئی ہیں۔

خداوند تعالےٰ کی بارگاہ میں یہ دعا ہے کہ اس کتاب عزا کا نام روشن سے روشن تر ہو اس کی افادیت عام ہو۔ اور اس کا ثواب میرے والدین اور بزرگوں کی ارواح کو پہنچے۔ وما توفیقی الا باللہ۔ "سید محمد شبر عباس"

"ولی العصر ٹرسٹ رتہ متہ ضلع جھنگ"

فہرست

نمبر شمار	مضامین	صفحہ نمبر
۱	مقدمہ	
۲	صدائے مؤلف	
۳	عزاداروں سے ضروری گزارش۔	
۴	عزاداری اور آیت اللہ خمینی	
۵	طالقانی بنظر آیت اللہ خمینی	
۶	خاک شفا اور سجدہ	
۷	خاک شفا اور نماز	
۸	درس گاہ حسینؑ	
۹	فکر حسین بنظر فقہ	
۱۰	رونے والے اور حسینؑ	
۱۱	عزاداری کیوں؟	
۱۲	سوالات اور اعتراضات	
۱۳	حسین بنظر اجتماع اور فلسفہ	
۱۴	تعمیر مزارات آئمہ	
۱۵	ذاکری اور آیت اللہ خمینی	
۱۶	حسین ابن علیؑ	
۱۷	فتاوائے علماء کا ترجمہ	
۱۸	آیت اللہ نائینی کے "فتویٰ ترجمہ"	
۱۹	مراجع شیعیت کے دستخط	

خصوصی توجہ

زیر نظر کتاب میں علمائے اعلام سے جو فتاوی پوچھے گئے ہیں اور علمائے اعلام نے اپنے جوابات مرحمت فرمائے ہیں وہ سب کے سب غیر شیعہ افراد کی طرف سے کیئے گئے اعتراضات ہیں۔ بلکہ تمام اعتراضات ظاہر ہیں شیعہ اور باطن میں مخالفین مذہب شیعہ کی طرف سے اٹھائے گئے ہیں۔ علمائے اعلام اور مراجع عظام کے جوابات سے دشمنان عزاداری سید الشہداءؑ بھی راہ حق کو تلاش کر سکتے ہیں۔ اور عزاداران امام مظلومؑ بھی اپنے ایمان وایقان میں اضافے کا سامان تلاش کر سکتے ہیں!

دوسری اشاعت کا مقدمہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ الحمد للہ رب العالمین وصلی اللہ علی محمد و آلہ الطاہرین ولعنۃ اللہ علی اعدائہم اجمعین الی قیام یوم الدین۔

زیر نظر کتاب۔ مراسم عزا کی طرف متوجہ کرنے کی خاطر علمائے اعلام کے فتاوی کا ترجمہ ہے۔ البتہ عزاداری کے سلسلہ میں چند ضروری اضافہ جات ہم نے از خود کیئے ہیں۔ اس کا پہلا ایڈیشن ۱۳۹۹ھ کی عید الاضحی پر ہم نے شائع کیا تھا اور دوسرے ایڈیشن کی اشاعت بر مراجع تقلید علمائے اعلام اور حوزہ علمیہ قم کے قابل فخر اساتذہ کے حکم نما ارشادات کے بعد شائع کیا جاتا ہے۔

سنہ ۱۴۰۰ھ کی دوسری محرم جو پندرہویں صدی ہجری کا نقطہ آغاز معلوم ہوتی ہے کہ موقع پر آیت اللہ العظمیٰ آقائے خمینی کے اس پیغام کا عزاداری سے متعلق حصہ بھی پیش خدمت ہے جو انہوں نے یکم محرم الحرام کو قم کے واعظین۔ اور مذہبی خطباء کو دوران ملاقات دیا ہے جس میں عزاداری کی عظمت، ذاکری کی اہمیت اور سید الشہداءؑ پر گریہ کی قیمت پر تبصرہ فرمایا ہے۔

علاوہ ازیں سرکار آیۃ اللہ آقائے گلپائیگانی مجاہد کبیر کے اس خطاب کا عزاداری سے متعلق کچھ حصہ بھی پیش کیا جا رہا ہے۔ جو انہوں نے قم کی مسجد اعظم میں عشرہ محرم کے لیے جانے والے فاضل اور مبلغ طلبہ کو فرمایا ہے۔

ہمیں امید ہے کہ ہماری اس حقیر سی خدمت کو حضرت سید الشہداؑ اپنے دربارِ عالی میں شرفِ قبولیت سے نوازیں گے۔

۳ محرم ۱۴۰۰ھ

علی ربانی خلخالی

سیّد الشہداء علیہ السلام نے مذہب کا بیمہ کرایا ہے

آیۃ اللہ خمینی کے خطاب کا حصّہ:

(شبِ اوّل محرم ۱۴۰۰ھ واعظین و ذاکرین قم کے اجتماع میں)

یہ تو مسلم ہے کہ حق غالب اور کامیاب ہے۔ ہمیں صرف اس نعرہ تک محدود نہیں رہنا چاہیئے۔ بلکہ ہمیں غلبہ حق کے سربستہ راز کو معلوم کرنا چاہیئے۔ ہمیں دیکھنا چاہیئے کہ ہماری کامیابی کا راز کیا ہے ہمارے سامنے اپنی تاریخ کا ایک طویل ترین دور ہے جو حضرت علی کے زمانہ سے لے کر اس وقت تک پھیلا ہوا ہے ایک وہ وقت بھی تھا جب ہماری تعداد کم تھی۔ بلکہ نہ ہونے کے برابر تھی اب بحمد اللہ ہماری تعداد کافی ہے۔ لیکن دیگر مذاہب کے مقابلہ میں تو زیادہ نہیں البتہ سابقہ ادوار کے مقابلہ میں زیادہ ہے۔ ہمیں یہ دیکھنا ہے کہ ملت شیعہ کی بقاء ممالک اسلامیہ کی بقاء اور شیعہ حکومتوں کی بقاء کا کیا راز ہے؟ ہمیں یہ راز معلوم کر لینے کے بعد اسے یاد رکھنا ہوگا۔

ملت مسلم بالعموم اور مسلک شیعہ بالخصوص کی بقا کے اسباب میں سے عظیم اور اہم ترین سبب نواسہ رسول کا واقعہ کربلا ہے۔ یہ حقیقت ہے کہ فرزند زہراؑ نے مذہب کا ہمیشہ کے لیے بیمہ کرا لیا ہے۔ برادر زینب نے اپنے عمل سے

اسلام کا بیمہ کرالیا ہے۔ اسلام کو ہر لحاظ سے تحفظ دے دیا ہے۔

جس قیام اور تحریک کا آپ نے آغاز کیا اور جس جنگ میں خود شہید ہوئے ہیں۔ لیکن اموی نظریات کا تختہ الٹ کر رکھ دیا ہے۔ اس جنگ تحریک اور آپ کے قیام کا تحفظ ضروری ہے۔ اگر ہم الٰہی مملکت اور اس کی آزادی کو مستقل بنانا چاہتے ہیں تو ہمیں اس راز کا تحفظ کرنا ہوگا۔ اور ہمارے بعض اشتباہ زدہ نوجوان کے اس واہمہ کے علی الرغم کہ۔۔۔۔ ایک وقت تھا جب مجالس عزا کا انعقاد سیاسی ضرورت تھی اب اس کی کوئی ضرورت نہیں رہی۔ اب رونا دھونا ختم ہونا چاہیئے ہمیں اپنی طویل تاریخ میں ان مجالس عزا کو برقرار رکھنا ہوگا۔ یہ مجالس عزا حکم آئمہ سے منعقد کی جاتی تھیں اور اب بھی رہنا چاہیئے۔ انہیں بلا ضرورت سمجھنے والے لوگ اشتباہ اور غلط فہمی میں مبتلا ہیں۔

حضرت امام باقر علیہ السلام کی وصیت؛

امام محمد باقرؑ زندگی کے آخری لمحات میں وصیت فرماتے ہیں کہ میری شہادت کے بعد دس برس تک ہر سال ایام حج میں مقام منی پر نوحہ خوانی کرائی جائے یہ کیا ہے؟ کیا امامؑ باقر کو گریہ کی ضرورت تھی؟ ایام حج کے دوران مقام منی پر گریہ کو امام باقرؑ کیا کرنا چاہتے تھے؟

یہی بنیادی اور قابل توجہ نقطہ ہے اور یہی عین فطرت ہے کہ جب بعد از شہادت ایام حج میں دس برس تک گریہ کیا جائے گا۔ دور دراز کے ممالک سے لوگ آئیں گے وہ رونیوالوں کو روتا دیکھیں گے تو وہ پوچھیں گے رونیوالے کیسے رو رہے ہیں؟ اور کیوں رو رہے ہیں؟ جب انہیں بتایا جائے گا۔ تو انہیں ظلم ظالم۔ اور مظلوم سے آشنائی ہوگی۔ اس سے مظلوم کو قوت ملے گی اور ظالم ذلیل و

رسوا ہوگا۔ کربلا کی طرح ہم نے بھی جوان بیٹے دیئے ہیں ہمیں بھی اس نقطہ کو سامنے رکھنا ہوگا۔

کچھ کہتے ہیں کہ اس طرح رونا بیسود ہے۔ وہ لوگ کیا سمجھتے ہیں کہ کیا یہ صرف گریہ ہے؟ ہرگز ایسا نہیں مع یہ ایک معاشرتی اور اجتماعی مسئلہ ہے۔ بھلا کیا غریب کربلا محتاج گریہ ہے؟ آخر آئمہ نے عزاداری پر اس قدر اصرار کیوں فرمایا ہے کہ۔ اجتماعات منعقد کرو۔ غریب کربلا کی غربت پر آنسو بہاتہ اس کا مقصد صرف یہ ہے کہ عزاداری کے ذریعہ شیعہ ہمارے مسلک کا تحفظ کریں۔ یوم عاشور جلوس ہائے عزا ہمیں کسی قسم کی تبدیلی کا سوچنا بھی مت۔ ان جلوسوں کو کسی قسم کے لانگ مارچ کی شکل مت دینا۔ انہیں اپنی سابقہ روشن اور روایات کے مطابق۔ اسی سینہ ہائی ماتم اور نوحہ خوانی کے ساتھ بلکہ اگر ہو سکے تو سابقہ روایات سے بھی زیادہ ہر عظمت طریقہ سے برقرار رکھا جائے۔ یہی کامیابی کا راز ہے۔ لانگ مارچ ایک سیاسی مقام ہے اسے الگ رہنے دیں۔ پورے ملک کو امامبارگاہ ہونا چاہیئے۔ ہر شخص کو ذاکر اور ہر شخص کو عزادار ہونا چاہیئے اس سے زیادہ اتحاد کہاں ملے گا؟ دنیا میں سے کون ایسی قوم جو ہماری طرح متحد ہو؟ یہ اتحاد کس کی پیداوار ہے؟ یہ غریب کربلا کی نوازش ہے۔

تمام اسلامی ممالک۔ اور مسلم اقوام میں یوم عاشور۔ یوم نہم۔ یوم ہشتم وغیرہ میں جلوس ہائے عزا کا تحفظ انتہائی ضروری ہے۔ ہاں ان جلوسوں میں غیر شرعی امور کا اچھے طریقے سے محاسبہ کیا جائے اور شرعی امور برقرار رکھے جائیں۔ ایسے باعظمت عظیم جلوس آپ کو اور کہیں بھی نہ ملیں گے۔ دنیا کا وہ کون سا حصہ ہے جس میں اتنے عظیم جلوس منظم ہوں؟ آپ ہندوستان پاکستان، افغانستان اور عراق وغیرہ کسی ملک میں چلے جائیں اور ان جلوسوں کی عظمت و شکوہ ملاحظہ فرمائیں

اور غور کریں یہ ہم آہنگی کس نے پیدا کی ہے۔ اس ہم آہنگی کو ضائع مت کرو۔ کچھ لوگ استعمار کے ایجنٹ ہیں جو ہمارے جوانوں کو اس ہم آہنگی سے غافل کرنا چاہتے ہیں۔ ہمارے یہ صاف دل اور عزیز جان نوجوان ان لوگوں کے ان شیطانی ہتھکنڈوں کی طرف کوئی توجہ نہیں دیں گے۔ ایک وقت تھا جب ان غیر ملکی لوگوں نے ہمارے اتحاد کو پارہ پارہ کیا۔ علماء اور نسل جوان کو ایک دوسرے سے دور کیا۔ ان لوگوں کے مخصوص مقاصد تھے۔ ان کا مقصد ہمیں غفلت سے دوچار کرنا تھا۔ علماء میں اپنے ایجنٹ چھوڑے جنہوں نے علماء کو جوانوں سے جدا کرنے کے لیے کہنا شروع کیا کہ یہ داڑھی منڈے بیدین ہیں۔ دوسری طرف نوجوانوں میں ان کے ایجنٹوں نے کہنا شروع کیا۔ یہ علماء انگریزوں کے ایجنٹ ہیں۔ دونوں طرف اسی قسم کی نفرت انگیز باتیں کر کر کے باہمی نفرتوں میں اضافہ کیا۔ اب آپ خود سوچیں اس کا نفع کسے حاصل ہوا۔ انہی لوگوں کو جو چاہتے تھے کہ ہمارے تیل کی دولت پر عیاشیاں کریں۔ یوں یہ لوگ ہمیں ایک دوسرے سے جدا کرتے ہیں۔ ہمارے درمیان نفرتوں کے بیج بوتے ہیں تاکہ ہمارا باہمی اتحاد لخت لخت ہو جائے جب اتحاد ختم ہو گیا پھر یہ لوگ من مانی کریں گے اور ہم کچھ بھی نہ کرسکیں گے۔ جب کہ محرم قریب ہے کچھ باتیں سننے میں آرہی ہیں خدا کرے یہ باتیں غلط ہوں ان کی طرف کہا جارہا ہے کہ ہماری نسل کے یا کوئی نوجوان جو دوسروں کے آلہ کار بنے ہوئے ہیں کہہ رہے ہیں کہ اگر ایک عام آدمی عزا پڑھ دیتا ہے تو کہتے ہیں اب کسی دوسری مجلس کی ضرورت نہیں انہیں یہ معلوم نہیں ہے کہ جو لوگ عزاداری کی مخالفت کرتے ہیں یہ وہی ہیں جو علمائے دین کے دشمن تھے۔ یونیورسٹی میں تعلیم کے مخالف تھے۔ کارخانوں میں مزدور کے مخالف تھے۔ کھیتوں میں کاشتکاروں کے مخالف تھے۔ یہی وہ

لوگ ہیں جو ہمیں لوٹنا چاہتے تھے۔ ہمیں ذلیل کرنا چاہتے تھے۔ واقعہ کربلا میں ہماری ہم آہنگی عالمی سطح پر ہمارا بنیادی مرکز ہے۔ عالمی سطح پر ایک زندگی ہے یہ وہ مبارک واقعہ ہے جس سے ہم دلی طور پر متحد ہوتے ہیں۔ اگر ہم اس اتحاد کو صحیح راہ پر لگائیں تو ہم کامیاب ہوں گے ہمیں چاہیئے کہ ہم اس اتحاد کی قدر و منزلت کی عزت کریں اور ہمارے نوجوانوں کو اس طرف توجہ دینا چاہیئے!

ہمارے جوانوں کو اس طرف خصوصی توجہ دینا چاہیئے۔ ابھی تک معاملات ہمارے ہاتھ میں ہیں لیکن استعماری ایجنٹ ہمارے موثر ترین اور کام کے آدمیوں میں سے ہر ایک کو ایک ایک کر کے ختم کرنا چاہتے ہیں ہماری مجالس عزا مساجد میں اجتماعات ہماری ہفتہ وار مجالس عزا وغیرہ جیسے تمام مراکز اتحاد کو نابود کرنا چاہتے ہیں۔ اگر دوسرے ممالک اپنی ملت کے ہر طبقہ فکر میں کلی طور پر اتحاد و یگانگت پیدا کرنا چاہیں تو ان کے لیے قطعاً ناممکن ہے۔ اگر ہمارے جیسا اتحاد پیدا کرنے کی خاطر یہ لوگ اربوں ڈالر بھی خرچ کر ڈالیں تو بھی ان کے لیے ممکن نہیں ہے۔ ہمارا یہ اتحاد و غریب کربلا کا مرہون منت ہے۔ شہید کربلا نے ہمیں متحد کر دیا ہے۔ وہ سیّد الشہداء جن کی وجہ سے ہمیں یہ اتحاد نصیب ہوا ہے کیا ہم انہیں رونا بند کر دیں۔ ان پر اظہار غم نہ کریں (حالانکہ اسی گریہ ہی نے ہمیں اتحاد کی عظیم تر دولت سے نوازا ہے۔ یہ شیطانی ہتھکنڈے ہیں۔ اور شیطانی چپاٹے ہوئے لقمے ہیں۔ یہ لوگ چاہتے ہیں کہ یہ عظیم اتحاد ہم سے چھین لیں ان کے جال میں نہ پھنسو اے جوانو! اسی عزاداری نے آج تک ہمیں تحفظ دیا ہے۔ اسی عزاداری نے ہمارے ملک کو محفوظ رکھا ہے علماء و ذاکرین کی شرعی ذمہ داری ہے کہ وہ مجالس عزا پڑھیں اور انہیں کا شرعی وظیفہ ہے کہ اپنے جلوسوں کو پر عظمت بنائیں۔ ماتمی دستے سینہ زنی کریں۔ خلاف شریعت امور سے پرہیز کریں لیکن

ہر نوع ماتمی دستے سڑکوں پر آئیں ماتم کریں جو کچھ پہلے کیا کرتے تھے وہی کریں اپنے اجتماعات کا تحفظ کریں۔ انہی اجتماعات نے تو آج تک ہماری نگرانی کی ہے۔ اسی وحدت میں ہماری زندگی ہے۔ ان لوگوں کے فریب میں نہ آؤ جو کہتے ہیں کہ اب ہم کیوں روئیں؟ یاد رہے اگر ہم تاقیامت غریب کربلا پر آنسو بہاتے رہیں تو بھی سید الشہداء کو تو اس کا کوئی فائدہ نہیں البتہ ہمیں ضرور فائدہ پہنچے گا آپ اخروی نفع کو الگ رکھیں صرف دنیاوی فائدہ ہی دیکھ لیں۔ ہمارا اتحاد اسی غریب پر رونے کی وجہ سے ہے۔ یہ ان استعماری ایجنٹوں کی کوشش ہے کہ یہ مورچہ ہم سے چھین لیں۔ ظاہراً یہ لوگ ہم میں سے ہیں۔ اور نیک مزاج اور سادہ فیشن ہیں یہ ان کے فریب میں آچکے ہیں۔ لیکن یہ سادہ لوح افراد کیا جانیں کہ ان کی پشت پر کس کا ہاتھ ہے۔ انہی لوگوں کا ہاتھ ہے جو ہمیں ٹکڑے ٹکڑے کرنا چاہتے ہیں۔ ہمیں تباہ کرنا چاہتے ہیں۔ ہمیں خواب غفلت سے جاگنا چاہیے ہماری پوری قوم کو بیدار ہونا چاہیئے۔ ایک اور بات جس کی میں پوری قوم سے خواہش کروں گا۔ قوم کے ہر طبقہ سے گزارش کروں گا کہ ہمیں ایک ایسے اجنبی دشمن سے واسطہ پڑا ہوا ہے جو ہماری اس آزادی اور مملکت کو تار تار کرنا چاہتا ہے۔

آیۃ اللہ العظمیٰ آقائے گلپائیگانی

اور عزاداری

۲۳ ذی الحجہ ۱۳۹۹ھ مسجد اعظم قم میں بعد از درس عشرہ محرم کی تعطیلات کے موقعہ پر مبلغ طلبہ قم سے خطاب کرتے ہوئے فرمایا!

تلك الدار الاخرة نجعلها للذين لا يريدون علواً في الارض ولا فساداً والعاقبة للمتقين۔

دار آخرت ہم نے لوگوں سے مخصوص کر رکھا ہے جو روئے ارض پر نہ تکبر کرتے ہیں اور نہ تخریب کاری کرتے ہیں انجام خیر متقین کے لیے ہے۔

ہر طبقہ فکر کے ہر فرد کو اپنے عمل اپنے اخلاق اپنے مال، اپنے قلم اور اپنی زبان سے جمہوری اسلامی ایران کی مدد کرنا چاہیئے۔ مگر سب سے پہلے مصائب غریب کربلا از آغاز تا انجام بیان کیئے جائیں۔ اور سنے جائیں تاکہ مذہب شیعہ لوگوں کے دلوں سے مٹ نہ جائے، ایک وقت تھا جب ایران یا دیگر اسلامی ممالک میں جہاں کہیں شیعہ آبادی تھی مراسم عزاداری بجا نہیں لائے جاتے تھے۔ تو دشمنان اسلام ہماری اس غفلت سے خوش تھے۔ کیونکہ اس عزاداری کی برکت سے لوگ اپنے حقوق سے آگاہ ہوتے ہیں۔ مبلغین بہت سے فراموش امور یاد دلاتے ہیں۔ خطباء عوام کو دین کے ساتھ دنیا میں رہنے کا سلیقہ بتاتے ہیں اور بتاتے ہیں کہ استعمار ہمارے ساتھ کیا کر رہا ہے اور ہمیں کس طرح لوٹ رہا ہے۔

عوام کو خبردار کیا جاتا ہے کہ ظلم برداشت کرنے کے بجائے ظلم کے خلاف آواز بلند کریں۔ چونکہ یہ تمام امور دشمنان اسلام کے بنیادی مقاصد کے خلاف جاتے ہیں اسی لیے رضا شاہ اول کے دور میں عزاداری کو ختم کرنے کی باقاعدہ منصوبہ بندی کی گئی تھی اور ایران میں عزاداری کے خلاف حکم امتناعی جاری کر دیا گیا۔ عزادار اپنے گھروں کے اندر عزاداری کرنے لگے۔ سرکاری جاسوس آتے مجلس عزا دیکھتے۔ جاکر رپورٹ کرتے پھر پولیس آتی عزاداروں کو گرفتار کرتی تھانہ میں لے جاتی اور جسمانی تشدد کرتی حتیٰ کہ عزادار مجلس عزا کے لیے حکمران جیسے دیہاتوں میں چلے جاتے۔ لیکن وہاں بھی مجلس عزا کو تحفظ نہ ہوتا۔ یو۔ سی۔ آئی۔ ڈی کے لوگ سائیکل پر سوار ہو کر جاتے اور مجلس عزا کی نگرانی کرتے تھے کہ کہیں ذاکر یا مقرر امام حسین کا نام نہ لے۔ پورے ملک میں اس سے بھی بدتر صورت حال تھی۔ بحمداللہ وہ تمام پابندیاں ختم ہو گئیں اور لوگ اپنی فطرت کے مطابق عزاداری جو مشن امام حسین اور مقصد رسالت کے احیاء کا ایک ذریعہ تھی کو ایک خاص فکر اور پہلے سے زیادہ اہتمام کے ساتھ ازسرنو مرتب کر لیا۔

جب ان لوگوں نے دیکھا کہ طاقت اور تشدد سے یہ لوگ عزاداری سے باز نہیں آتے اور ذکر اہلبیت مظلوم کی حمایت اور ظالم سے جنگ نہیں کرتے تو انہوں نے دوسرا راستہ اختیار کیا اپنی طرف سے غلط صغریٰ کبریٰ مرتب کر کے ناپختہ اور خام فکر نوجوانوں کو یہ کہہ کر اپنے جال میں پھنسایا۔ امام حسین رونے کے لیے تو شہید نہیں ہوا۔ رونے سے کیا فائدہ ہوگا۔ یہ لوگ اس حقیقت سے بے خبر ہیں کہ یہی رونا ہی تو تھا جس کے لیے آئمہ نے تاکید کی ہے اور فرمایا ہے کہ (ظلم و جور کا مقابلہ کرنے کے لیے امام حسین کی عزاداری کرو) اسی عزاداری نے اموی حکومت کے ایوان جبر و استبداد کی چولیں ہلائیں۔ اسی عزاداری نے بڑے بڑے

انقلابات کو جنم دیا ہے۔ اسی عزاداری نے ظلم کے خلاف لشکر آرائی کی مع اسی عزاداری نے مظلوم کی دادرسی اور ظالم کی بیخ کنی کی۔ اب یہ لوگ چاہتے ہیں کہ مذکورہ بالا استدلالی سے سادہ لوح اور کم نظر لوگوں کو اس عزاداری سے روکیں جو ننگے ظلم کے خلاف خاموش تلوار ہے۔ حالانکہ اسی عزاداری سے ظلم کے خلاف ذہن تیار ہوتا ہے اور اسی عزاداری سے لوگ اس بات پر تیار ہوتے ہیں کہ۔ دین مقاصد دین اور اجتماعی و شخصی آزادی کیلئے لوگ متحد ہو کر قربانیاں دیں۔ اگر ایک معمولی سا عرصہ بلا عزاداری بیت جائے تو آپ دیکھیں گے کہ لوگوں اور دین کے مابین ایک وسیع خلیج حائل ہو جائے گی۔ لوگ اسلام اور مقاصد اسلام سے بے بہرہ ہو کر رہ جائیں۔ اگر عزاداری کی جگہ صرف تقاریر کا سلسلہ تقاریر اور خطابت کا سلسلہ شروع کر دیا جائے تو جو ثمرات ہم عزاداری سے حاصل کر رہے ہیں ان کا عشر عشیر بھی ہمیں نہ مل سکے گا۔ اگر مطلوبہ فوائد حاصل ہو بھی جائیں تو یہ سلسلہ زیادہ دیر تک چل نہ سکے گا اس کی تاثیر ختم ہو جائے گی۔ ہر دیہات، ہر شہر اور ہر جگہ ہر ترویج اصول و مجالس عزا کے ذریعہ ہوتی ہے۔ اگر عزاداری نہ اسے تو اجتماعات میں یہ عمومیت نہ رہے عزاداری لوگوں کا دین بن چکی ہے۔ عزاداری دین ہے۔ عزاداری لوگوں کے گوشت پوست اور خون میں شامل ہو چکی ہے اگر عزاداری کو رد کرنے کی کوشش کی گئی تو دوسری قسم کی مجالس کو بند کرنے میں بہت جلد کامیاب ہو جائے گی آج کل دوسرے ممالک مثلاً ہندوستان، پاکستان افغانستان اور عراق وغیرہ میں جہاں کہیں چار شیعہ بھی ہوں ایام عزا میں ایسے کام کرتے ہیں کہ تمام لوگ دین اور مقاصد دین کی طرف متوجہ ضرور ہو جاتے ہیں اور امام حسین کے جہاد کی عظمت واضح تر ہو جاتی ہے۔ ہم نے مسلسل سنا ہے کہ ہندوستان (اور پاکستان) میں عزادار یا حسین کہہ کر دہکتے انگاروں پر چلے جاتے

ہیں اور ان کے پاؤں پر حرارت کی معمولی سی نشانی بھی نظر نہیں آتی۔ آگ میں داخل ہوتے کے اس حیرت انگیز کام سے لوگوں کے دلوں میں ظلم کے خلاف نفرت پیدا ہوتی ہے۔ بھلا یہ لوگ ایسا کیوں کرتے ہیں؟ اور کس لیے کرتے ہیں؟ اس سوال کا صرف اور صرف ایک جواب ہے اور وہ یہ کہ۔ امام حسین کے لیے کرتے ہیں۔ آگ میں کیوں جاتے ہیں۔ ماتم اور سینہ زنی کیوں کرتے ہیں صرف اس لیے کہ امام حسین نے ظلم کے خلاف قیام کیا ہے۔ امام حسین نے ظالم کے ظلم کو آشکارا کرنے کی خاطر ایسا کیا ہے۔ مگر آج کل ہم سنتے ہیں ان مراسم عزا کا مذاق اڑایا جاتا ہے اور ازراہ مذاق کہا جاتا ہے۔ اور سینہ زنی کر کے ماتم کر کے اور آنسو بہا کر ظلم کا مقابلہ کریں۔ اگر ہم عزاداری کے تمام انفرادی اور اجتماعی مفادات سے حرف نظر بھی کرلیں تو یہی فائدہ ہی کیا کم ہے کم ہر سال عزاداری سے متاثر ہو کر کتنے افراد حلقہ بگوش شیعیت ہو جاتے ہیں بعض مقامات پر بالخصوص ایسے معجزات بھی رونما ہوتے ہیں جن سے انہیں مسلک شیعہ کی حقانیت کا یقین ہو جاتا ہے۔ اب ہمارے بعض عزیز نوجوان جو خود فریب خوردہ ہیں دوسروں کو فریب دیتے ہیں۔ عزاداری نہ واجب ہے نہ مستحب یاد رکھو اگر کوئی شخص منبر پر جائے اور مصائب نہ پڑھے تو وہ منکر کا مرتکب ہوا ہے۔ اسے سرزنش کریں۔ بطور نہی عن المنکر سے منع کر کے اس کی بازپرس کیجئے کہ آپ نے مصائب کیوں نہیں پڑھا؟

انشاء اللہ اب جب کہ آپ شہروں اور ضلعوں میں جائیں گے سابقہ روایات کے مطابق بلکہ ان سے زیادہ عظمت و شکوہ سے مجالس عزا کا انعقاد کرنا۔ نسل نو کو خوش اخلاقی سے اپنے قریب کر کے سمجھایئے کہ عزاداری کی مخالفت استعماری طاقتوں کی طرف سے کی جا رہی ہے۔ وہ لوگ چاہتے ہیں

کہ عزاداری ختم ہو جائے۔ بالخصوص اس نقطہ پر زیادہ توجہ دینا اور لوگوں کے ذہنوں میں یہ بات ڈالنا، دوران مجالس احکام شریعت کے ساتھ استحکام عقائد پر زیادہ زور دینا۔ استعماری ایجنٹوں کی دسیسہ کاریوں اور ان کی خباثتوں سے سادہ لوح عوام کو مطلع کرتے دینا لوگوں کو بیدار کرو۔ اسلامی اقدار کے تحفظ پر زور دو۔ سرور انبیاء کا اخلاق بتاؤ اخلاق آئمہ سے لوگوں کو آگاہ کرو (بالخصوص مصائب آئمہ بیان کرو مصائب ہی سے ان کے مقاصد کا احیاء ہوتا ہے۔) رحم اللہ من احیا أمرنا " جو ہمارے حکم کو زندہ کرے خدا اس پر رحمت کرے؟ الا ومن مات علی بغض آل محمد مات کافراً

الا ومن مات علی بغض آل محمد لم یشم را ئحۃ الجنۃ

(مولف کامل بھائی عماد الدین طبری)

بسم الله الرحمن الرحیم

حضرت آیة الله العظمی فقیه عالیقدر آقای حاج شیخ حسینعلی منتظری [illegible]

با ابلاغ عرض اخلاص پس از شهادت مولینا و مولای کونین حضرت سید الشهداء الحسین [illegible]

[illegible] همیشه مجالس عزا و سوگواری برای حضرتش [illegible]

همین مجالس مظالم ظالمین و ستم ستمگران [illegible] استعمارگران نیز [illegible]

[illegible]

مجالس مخالفت [illegible]

راجع باقامه چنین مجالس تعزیه و سوگواری مرقوم فرمائید تا در مقابل معاندین [illegible]

[illegible] ادام الله ظلکم الشریف [illegible]

۲۸ ذی الحجه [illegible]

آیت اللہ آقائے منتظری سے سوال

حضرت فقیہ عالی قدر آقائی الحاج شیخ حسین علی منتظری مدظلہ السامی

مخلصانہ تسلیمات کے بعد!

گزارش ہے کہ مولائے کونین امام حسین کی شہادت کے بعد بطور یاد مجالس عزا اور سوگواری منعقد کی جاتی ہیں ان مجالس عزا کے ذریعہ ظالمین کے مظالم اور ستمگروں کے کیئے گئے ستم سے عزاداروں کو آشنا کرایا جاتا ہے۔ استعماری طاقتوں کے ہتھکنڈوں سے بھی انہی مجالس عزا میں پردہ اٹھایا جاتا ہے۔

لیکن افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ کچھ لوگ غیر شعوری طور پر اور کچھ دانستہ مخصوص مقاصد کے پیش نظر مجالس عزا کی نہ صرف مخالفت کرتے ہیں بلکہ رسمی طور پر منعقدہ مجالس عزا کو خرافات اور فضول کہتے ہوئے ہیں۔ براہ نوازش موجودہ رسمی مجالس عزا کے متعلق کچھ تو فرما دیجئے تاکہ ان مفسرین اور مفکرین کے خلاف بطور دلیل پیش کی جاسکے۔

(اللہ آپ کا مبارک سایہ دائمی رکھے)

(ربانی خلخالی - ۲۸ ذی الحجہ ۱۴۰۱ھ)

نظر مبارک مجاهد بزرگ و مبارز نستوه و فقیه عالیقدر حضرت آیت الله العظمی
آقای حاج شیخ حسینعلی منتظری دام ظله العالی در باره مجالس سوگواری حضرت سالار شهیدان

امام حسین علیه السلام

بسم الله الرحمن الرحیم

برکات مجالس عزاداری حضرت سید الشهداء روحی وارواح العالمین له الفداء و سایر ائمه اطهار علیهم السلام
علیهم اجمعین برای کسی مخفی و پوشیده نیست و احتیاج به سؤال و جواب ندارد - این مجالس همیشه
پایگاه ارشاد و تبلیغ احکام دین مبین اسلام و سنگر مبارزه با استبداد و استعمار بوده
است. بر برادران و خواهران مسلمان است که با اقامه این مجالس و شرکت در آنها
در آنها مراتب ارادت و اخلاص خود را نسبت به سالار شهیدان ابراز دارند و بر وعاظ و خطبا
و گویندگان است که هدف مقدس آن حضرت را که همانا اعلاء کلمه اسلام و امر به معروف و
نهی از منکر و مبارزه با ظلم و استبداد بوده است تعقیب نمایند و مردم را به مسائل روز و دینی
اسلامی خود آگاه سازند جعلنا الله تعالی من شیعته و رزقنا الاقتداء بسیرته والسلام علی جمیع
اخوان المسلمین و رحمة الله و برکاته ۲۹ ذی الحجه ۱۴۰۱ قم — حسینعلی منتظری

۲۹ ذی الحجه ۱۴۰۱ قم

مجاہد بزرگ فقیہ عالی قدر آیت اللہ آقائی الحاج شیخ حسین علی منتظری کا سید الشہداء علیہ السلام کی مجالسِ عزا کے بارے میں نظریہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم! جہاں تک مجالس عزا خواہ ان کا تعلق ذکر غریب کربلا سے ہے یا دیگر ائمہ کرام سے کی افادیت کا تعلق ہے تو یہ نہ کسی سے پوشیدہ ہے اور نہ محتاج سوال وجواب ہے۔ یہی مجالس عزا ہمیشہ سے ذریعہ ہدایت و تبلیغ احکام دین مبین اسلام اور ظلم واستبداد کی استعماری ہتھکنڈوں سے نبرد آزمائی کے لیے مضبوط اور مستحکم مورچہ زنی رہی ہیں۔

تمام مومن بہن اور بھائیوں کا فریضہ ہے کہ انتہائی خلوص اور عقیدت کے ساتھ شہید نینوا کے نام سے منعقدہ مجالس عزا میں شرکت کریں اور ذاکرین واعظین اور مقررین کا فریضہ ہے کہ وہ دوران بیان مظلوم کربلا کے مقدس مشن اعلائے کلمہ اسلام امر بالمعروف نہی عن المنکر اور ظلم وجور سے جنگ کو نہ بھولیں اور لوگوں کو روز مرہ کے مسائل سے آگاہ کریں اللہ تعالےٰ ہمیں شیعیان حسینؑ سے بنائے۔ اللہ ہمیں آپ کی سیرت پر عمل کرنے کی توفیق عنایت فرمائے۔ تمام مسلمان بھائیوں کو سلام ۲۹ ذی الحجہ ۱۴۰۱ھ۔ (حسین علی منتظری) (قم المقدسہ)

آیۃ اللہ العظمیٰ آقائے خمینی کا تہران و قم کے علماء سے خطاب

۲۹ شعبان ۱۴۰۲ھ

(• مجالس عزا ہی ہے جو سپر طاقت کا رخ موڑ سکتی ہیں۔)

یہ مت سمجھو کہ اگر یہ مجالس عزا نہ ہوتیں۔ یہ سینہ زنی۔ ماتم اور نوحہ خوانی نہ ہوتی تو اب ۱۵ فرداد کی کامیابی حاصل کر لیتے۔ کوئی طاقت ۱۵ فرداد کو اس صورت میں کامیاب نہیں کر سکتی تھی جس صورت میں کامیاب ہوا ہے یہ صرف خون غریب کربلا کی طاقت کا نتیجہ ہے۔ آئندہ کے لیے بھی یاد رکھو کہ عالمی طاقتیں جو اس وقت اپنے تمام تر وسائل کے ساتھ آپ کے خلاف متحد ہو چکی ہیں اگر انہیں شکست دی جا سکتی ہے تو صرف مجالس عزا کے ذریعہ۔۔۔ یہ عزاداری غریب کربلا۔ آپ کی بے مثالی قربانی اپنے عزیز و اقارب کی فداکاری کا تذکرہ ہی تو ہے جو آپ کے جوانوں کو میدان جنگ میں جانے پر آمادہ کرتا ہے۔ اور جس جوان کو سعادت نصیب نہ ہو وہ غم زدہ ہو جاتا ہے۔ عزاداری میں مخدرات کربلا کا تذکرہ ہی تو ہے جو ماؤں کو وہ جذبہ عنایت کرتا ہے جس کے نتیجہ میں مائیں اپنے جگر گوشوں کا ہاتھ پکڑ کر آپ کے پاس لاتی ہیں اور یہ کہہ کے جاتی ہے کہ ابھی تک۔ ایک یا دو اور باقی ہیں۔ دعائے کمیل۔ دیگر دعاؤں اور عزاداری کے ہی اجتماعات کی برکت ہی تو ہے کہ آپ کی جمعیت اور اتحاد نے اسلام

کو نشأۃ ثانیہ دی ہے۔ لہٰذا ان مجالس عزا کو ایسے سابقہ دستور کے مطابق جاری رکھا جائے۔ اگر یہ سمجھ اور سمجھا گیا کہ یہ سب کیا ہے۔ بعد عزاداری کس لیے ہے اور یہ رونا کس فائدے کا ہے تو پھر ہمیں کوئی بھی رونے والی قوم نہیں کہے گا بلکہ ہمیں جانباز قوم کہا جائے گا۔

ہماری قوم کو مجالس کی عظمت و اہمیت اور افادیت سے مطلع رہنا چاہیئے کہ عزاداری میں قوم کی زندگی ہے۔ عشرہ محرم کے دن ہوں یا ان کے علاوہ ہفتہ وار مجالس عزا ہوں اگر اس کی مرکزی افادیت کو سمجھ لیا جائے۔

توجہ اپنی مملکت کا کما حقہ تحفظ کر لے گی۔ مجھے امید ہے کہ مجالس عزا کو بہتر سے بہترین بنانے کی ممکن کوشش کی جائے گی۔ انشاء اللہ

بڑے بڑے خطیبوں سے لے کر چھوٹے چھوٹے نوحہ خوانوں تک ہر ایک کا اپنا مقام اور اپنا اثر ہے ایسے افراد جو منبر سے نیچے کھڑے ہو کر ایک یا چند اشعار پڑھتے ہیں اور ایسے افراد جو بر سر منبر خطبہ دیتے ہیں ہر ایک کا اپنے مقام پر مخصوص اثر ہے اور یہ جعلی اثر نہیں بلکہ فطری اور طبعی اثر ہے۔ ممکن ہے ان میں سے بعض افراد خود اپنے اس اثر سے آشنا نہ ہوں۔

اس وقت ہم ایسے مقام پر پہنچ چکے ہیں کہ ہماری قوم نے ایک حیرت انگیز انقلاب کو جنم دیا ہے۔ ایسا انقلاب جس کی نظیر تاریخ عالم میں بہت کم ملے گی ہمارا ملک ایک ایسا ملک تھا جو اپنا سب کچھ اغیار کے حوالہ کر چکا تھا حتی کہ انسانی شرافت بھی اغیار کے قدموں میں ڈال چکا تھا۔ ہماری ہر چیز گروی رکھی جا چکی تھی۔

اسی ملک میں ہماری قوم نے اپنی عظمت رفتہ کو اگر حاصل کیا ہے تو اس میں کسی کا کوئی کمال نہیں ہے فقط اور فقط مجالس عزا کا فیض ہے۔ انہی مجالس عزا

میں افراد کو جمع کیا جاتا تھا اور انہی مجالس عزا میں ایک وحدت پیش کی جاتی تھی

میں سمجھتا ہوں کہ اس مسئلہ کو خطیب اور آئمہ جمعہ و جماعت مجھ سے بھی بھی زیادہ بہتر سمجھتے ہیں وہ اپنے مخصوص انداز میں اس کی مزید تشریح کر کے لوگوں کو بتائیں کہ ہمارے آنسوؤں کو تر دیکھو ان کے اثر کو دیکھو اگر ہم چاہیں تو ہماری آنکھ سے گرنے والا ایک قطرہ سیل بلا بن کر ڈھائی ہزار سالہ شہنشاہی کے محلات کو غرق کر دے۔

مقدّمہ

یہ ایک مسلم حقیقت ہے کہ قیام سیّد الشہداء اور آپ کے اقدام کی تعریف کوئی بھی نہیں کر سکتا۔ امام حسین تاریخ انسانیت کا معروف ترین فرد ہے امت مسلمہ کا وہ کون فرد ہے جو آپ کی ذات سے ناواقف ہو بلکہ غیر مسلم افراد میں سے بھی کوئی کم نصیب ہی امام حسین سے ناآشنا ہوگا واقعہ کربلا تاریخ اسلام نہیں بلکہ تاریخ انسانیت کا رنگین ترین صفحہ ہے۔ امام حسین نے اپنی مظلومانہ شہادت کی بدولت عالم انسانیت کے انسانی ضمیر پر قبضہ کر لیا ہے۔

یہ حقیقت ہے کہ مذہبی علماء تعصب کی عینک اتار کر سیرت امام حسین کو اپنے لیے مشعل راہ قرار دے کر، اتحاد۔ یگانگت۔ فکری ہم آہنگی، اور ملی وحدت پیدا کرنے کی کوشش کریں تو بہت کم عرصہ میں بہت بڑے مفادات حاصل کر لیں، اور پورا کرہ ارض گہوارۂ امن بن جائے۔

اگر صدیوں پر محیط حیات امام حسین کا راز تلاش کیا جائے تو بآسانی معلوم ہو سکتا ہے کہ ایک طرف ایثار امام حسین منطقی ایثار سے اور دوسری طرف انسانی ضمیر کے تمام جذبات کی گہرائیوں میں اس کے اثرات اترے ہوئے ہیں...

آئمہ اہلبیتؑ نے عزاداری غریب کربلا کی وصیت فرمائی ہے آئمہ کی اس وصیت

میں جو حکمت و دانش پنہاں تھی اس کا اندازہ آج اس مشاہدہ سے لگایا جا سکتا ہے کہ عزاداری ہی وہ حقیقت ہے جس نے عالم انسانیت کے ضمیر پر حکمرانی کر رکھی ہے [1]۔

جرمنی کا معروف ڈاکٹر موسیو ماربن کہتا ہے۔ ۔ ۔ ۔ ۔ اگرچہ ظاہر بین نگاہوں کے مطابق یزید نے امام حسین اور آپ کے انصار کو "تیغ جفا" سے شہید کر ڈالا ہے۔ لیکن فی الواقع امام حسین نے نہ صرف یزید کو بلکہ پورے اموی خاندان کو اپنی تیغ مظلومی سے ہمیشہ ہمیشہ کے لیے صفحہ ہستی سے مٹا کر رکھ دیا ہے [2]۔

میسور ماربین جرمن ایک دوسری جگہ پر اشارہ کرتا ہے کہ یہ درست ہے۔ کہ امام حسین کا تعین نسبت عرب سے تھا لیکن امام حسین صرف عرب نہیں بلکہ ہر قوم کی آواز کی روح۔ اور معیار حق و باطل ہو چکا ہے۔ آج عربوں کی نسبت غیر عرب حسین کو زیادہ چاہتے ہیں۔ اس کے مقابلہ میں یزید عرب کا حکمران تھا لیکن از مشرق تا مغرب عالم عرب نے یزید کو عرب بدر کر دیا ہے اور اس کی نسبت کو عرب کے لیے ننگ و عار سمجھتے ہیں۔

[1] قیام و انقلاب مہدی تالیف استاد شہید مطہری۔

[2] سیاستہ الحسینیہ علامہ کاشف الغطاء ص ۲۴

صدائے مؤلف

انقلاب ایران کے بانی آیت اللہ خمینی بھتے تو ایرانی اور آغاز انقلاب مدرسہ فیضیہ سے حضرت امام جعفر صادق ؑ کے یوم شہادت سے بر ۱۵ افراد ۱۳۴۲ کو کیا تھا لیکن آج وہ صرف ایران کے قائد نہیں ہیں۔

بلکہ ان کی رہنمائی پر آج انقلاب کی مشعل راہ اور معیار حق و باطل بن چکی ہے۔ ہر ملک اور ہر مذہب کے افراد انہیں ایک بہادر اور دلسوز راہنما کے عنوان سے پہچانتے ہیں۔ جب کہ ان کے مقابلہ میں یزید وقت محمد رضا پہلوی مملکت ایران کا حکمران تھا لیکن آج کوئی بھی شریف ایرانی اسے ایرانی کہنے پر تیار نہیں بلکہ شاہ ایران کو ایران سے نسبت دینے میں بھی خجالت محسوس کرتے ہیں۔

دعا ہے ذات احدیت دنیا اور آخرت میں جمہوری اسلامی کے بدخواہوں کو رسوا کرے۔ آمین

متوکل نے بھی عظمت امام حسین ؑ کو ختم کرنے کی کوشش کی تھی۔ شیعیان حسین ؑ کے ہاتھ اور سر قلم کئے۔ لیکن اس کور باطن کو کیا معلوم تھا کہ ان لوگوں کے لیے ہاتھ اور سر دینا آسان ہے لیکن امام حسین ؑ سے دست بردار ہونا ناممکن ہے۔

متوکل نے اپنے ایام اقتدار میں اعلان عام کر دیا کہ کوئی شخص امام حسین ؑ

اور حضرت علی کی زیارت کو نہ جائے۔ اس نور خدا کو بجھانے پر اپنے تمام وسائل صرف کر دیئے۔ قبر حسین پر ہل چلوائے تاکہ اس زمین پر کاشتکاری کی جائے اور قبر حسین کے آثار تک مٹ جائیں۔ کربلا کے راستہ پر پہرے بٹھا دیتے کہ جو کوئی زیارت امام حسینؑ کے ارادہ سے آئے۔ اسے جسمانی اذیتیں دے دے کر قتل کر دیا جائے۔

(تتمۃ المنتہی ص ۲۴۰)

جب ان لوگوں نے دریائے فرات کا رخ قبر شبیر کی طرف موڑا تو کبھی قبر زمین سے اٹھ کر فضا میں معلق ہو گئی اور کبھی بیلداروں پر غیب سے تیر اندازی شروع ہو گئی۔ لیکن یہ نور خدا نہ بجھایا جا سکا۔

(تتمۃ المنتہی ص ۲۴۱)

اپنے وقت کا فرعون منش شاہ اور اس کا نمرود مزاج باپ بھی ایرانی قوم کے شرفا پر ہر قسم کے مظالم توڑتے رہتے۔ علماء و کلاء۔ اور خطباء میں سے ہر ایک کی زبان اور قلم پر پہرے بٹھائے گئے۔ ہر طبقہ سے متعلق افراد کو پس دیوار زندان رکھا گیا۔ شکنجہ کے تشدد سے قتل کیا گیا ان دونوں باپ بیٹوں نے اپنے پچاس سالہ دور اقتدار میں شرفائے ملت کے سر پر کتنے مصائب توڑے اس کا اندازہ کرنا مشکل ہے۔ رضائے کبیر علماء کے سر سے عمامے اتار کر پاؤں میں مسل ڈالتا تھا۔ علماء کی مخالفت کو اپنے اقتدار کا جز سمجھتا تھا مجالس عزا پر پابند لگا رکھی تھی جو لوگ مجالس عزا برپا کرنا چاہتے تھے۔ تہہ خانوں میں چھپ کر کرتے تھے۔ سرکاری حلقوں میں مجالس عزا کا مذاق اڑایا جاتا تھا۔

بے حیا رضائے کبیر سے ۱۳۱۴ھ شمسی صدی میں امام رضا علیہ السلام کے حرم مطہر پر توپوں کے گولے برسائے مسجد گوہر شاد میں نماز پڑھنے والے

مردوں اور عورتوں کا خون بہا دیا۔ پھر اس کا بیٹا باپ کے یہ داغ دھونے کی خاطر عوام کی آنکھوں میں دھول جھونکنے کے لیے شہر میں زیارت کو آتا تھا حرم میں جاروب کشی کرتا تھا۔ کچھ بھیڑ نما بھیڑیے علماء اس خبیث کا احترام کرتے تھے۔ لیکن ذات احدیت کو اس کی یہ منافقت ناپسند تھی۔ آخر اس کی قلعی کھل گئی۔ عوام الناس نے اس وقت اس کی عقیدت کو دیکھ لیا جب اس نے ۳۰ آبا ماہ ۱۳۵۷ھ ہجری شمسی کے دن اپنے باپ کی تقلید میں حرم امام رضا علیہ السلام پر توپوں سے گولہ باری کی۔ اور یوں نام نہاد عزت کا بت پاش پاش ہو گیا۔ گوے حرم اور صحن میں آئے زائرین اپنے خون میں نہا گئے۔

مجالس عزا کے ذریعہ عوام کو ظالم کے ظلم سے آگاہ کیا جا سکتا ہے۔

مجالس عزا میں اسلامی اقتصادیات زراعت اور اسلامی سرحدوں کا تحفظ کیا جا سکتا ہے۔

اگرچہ استعماری ایجنٹوں نے قدم قدم پر یہ کوشش کی ہے کہ ترقی پذیر روحانیت جو سامراجیت کے مقابلہ میں سینہ سپر ہے کو یونیورسٹی کی جدید تعلیم سے دور رکھا جائے لیکن ان کا کوئی ہتھکنڈہ کامیاب نہیں ہوا اور نہ ہی زندہ ہو گا انشاءاللہ۔ جب سامراج کے ایجنٹ دیکھتے ہیں کہ روحانیت اور یونیورسٹی دونوں ہمارے مقاصد کے مابین دیوار بنے پڑے ہوئے ہیں۔ تو ان کے انہیں اپنا وجود خطرے میں نظر آتا ہے۔ چنانچہ دشمنان اسلام کے آزمودہ ہتھکنڈوں کی طرح انہی دو طبقوں کو ایک دوسرے سے جدا کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔

مکتب حسین جو ہر ظالم سے مقابلہ کرتا ہے اور ہر مکتب فکر میں ہم آہنگی پیدا کر کے ملی وحدت کی تخم ریزی کرتا ہے اس کا نمونہ نویں محرم اور دسویں محرم

۱۳۹۹ھ کے وہ جلوس ہیں جن کا نتیجہ آیت اللہ خمینی کی حکومت کی صورت میں سامنے آیا ہے۔

مذکورہ یوم عاشور سامراجیت کا نجس ہاتھ شاہ کی آستین سے برآمد ہوا گولیاں چلیں ٹینک دوڑے، عزادار گاجر مولی کی طرح کٹے لیکن ہر ایک نے دیکھا کہ شاہ کی ہر تدبیر اعلیٰ الٹ گئی اس کا ہر اقدام نقش برآب ثابت ہوا اور عزاداری کے وحدت آخریں جلوس کامیاب ہوئے۔ اس طرح یوم القدس کے جلوس وغیرہ یہ تمام ایت اللہ خمینی کی قیادت میں کامیاب ہوئے۔

بقول ایۃ اللہ خمینی ہمارا انقلاب انقلاب سفید ہے اور عالم بشریت کے لیے مشعل راہ ہے۔ بیرونی طاقتوں۔ امپیریلازم، کمیونزم۔ اور وہابیوں کے ایجنٹوں غرض تمام مخالفین دین وقرآن کے تمام سہتے لوٹ گئے۔ ایوان اقتدار لرز گیا۔ پھر ان لوگوں کے ایجنٹوں نے ہفت روزوں اور روزناموں میں لغویات بکنا شروع کئے۔ مفسدانہ تنقیدات کا جال پھیلایا۔ انقلابی عدالتوں پر بے سروپا الزامات عائد کئے۔

دونوں ہاتھوں سے لوٹنے والے سامراجیوں نے عباس ہویدا اور اس کے گروہ جنرل نصیری اور اس کے پرستاروں کا ایک ایک انچ پر دفاع کیا لیکن یہ وحدت سے بھرپور جلوس تھا ایک ایسا سیل وحدت تھا جس کے سامنے جو آیا تنکے کی طرح بہہ گیا۔ ایران کی شریف "قوم" تا حال بیدار ہے۔ اسی اثنا میں ایۃ اللہ خمینی نے نماز جمعہ کا حکم دیا۔ نماز جمعہ جو اسلامی وحدت کی نمائش کا ہفتہ وار ذریعہ بنے تہران میں ایۃ اللہ خمینی نے یہ بوجھ مجاہد ملت ایۃ اللہ طالقانی کے کندھوں پر ڈال دیا۔ انہوں نے اپنی ولولہ انگیز تقاریر سے تہران یونیورسٹی اور بہشت زہرا کے اجتماعات میں قومی اور ملی ہم آہنگی کو مزید تقویت بخشی۔ ان کا

مقصد احکام الہٰی کا پرچار اور شریعت محمدیہ کی تبلیغ تھی۔ آخری نماز جمعہ بھی انہوں مزار شہداء کے قریب اپنے لحن میں نہا کر ادا کی۔ پھر بیگانے اور یگانے ہر ایک نے دیکھا کہ ایۃ اللہ طالقانی کے سوگ میں پورا ایران سیاہ پوش ہو گیا۔ ہر گلی اور ہر کوچہ میں سینہ زنی اور زنجیر زنی کی گئی اور ہر نوجوان نے یہ شعر ضرور پڑھا ؎

عزا عزا است امروز — آج غم کا دن ہے
روز عزا است امروز — آج یوم غم ہے
خمینی بت شکن — بت شکن ایۃ اللہ خمینی
صاحب عزا است امروز — آج صاحب عزا ہے

ان کی شہادت کے بعد ایۃ اللہ خمینی کے حکم سے نماز جمعہ کا فریضہ آقائے منتظری کے سپرد کر دیا گیا۔ یہ ایران کی باہمت اور حوصلہ مند ملت کا کام تھا کہ اس نے بہشت زہرا۔ یونیورسٹی، اور مساجد وغیرہ کے اجتماعات میں اپنے ولولہ انگیز نعروں سے پہلوی خاندان اور اس کے بدطینت ہمنواؤں کو تاریخ کے بدترین کباڑ خانہ پر جا پھینکا۔

اس میں شک نہیں کہ ملت ایران نے بے شمار شہداء دیئے ہیں لیکن ان شہداء کی سرخی نے ملت ایران کی آزادی میں مانگ بھر دی ہے اور کامیابی نے بڑھ کے ملت کے پاؤں چوم لئے ہیں۔

میرا اسلام ہو تمام شہداء پر
میرا اسلام ہو تمام ایثار کنندگان پر

جنہوں نے اس لیے قربانی دی ہے کہ کرہ ارض کے کمزور اور ناتواں انسانوں کو خونخواروں کے چنگل سے نجات دلائیں۔ ہماری نگاہ میں تمام

شیعہ شہدا محترم ہیں۔

لیجیئے اب چند باتیں آیت اللہ مطہری کی بھی سن لیجیئے۔

شہید کون ہے؟ شہید وہ ہے جو اپنی جان سے گزر کر آگ میں جل کر اپنی خاکستر کو دوسروں کی آزادی کا ضامن بنا دے۔

شہید شمع سوزاں کی مانند ہوتا ہے جو خود جل کر دوسروں کو روشنی مہیا کرتی ہے تاکہ اس کے جل کر کالعدم ہوتے ہوئے وجود کی روشنی میں دوسرے سکون کا سانس لے سکیں۔ شہداء محفل بشریت کی شمع ہیں خود جل گئے اور بزم بشریت کو منور کر گئے۔ اگر بشریت کی یہ بزم آراستہ تاریکی میں ڈوبی رہتی تو کوئی کارخانہ اپنا کام نہیں کر سکتا تھا۔ انسان جو دن سورج کی روشنی میں تلاش معاش کرتا ہے۔ یا وقت شب چراغ یا شمع جلا کر اپنے کام کرتا ہے ہر چیز پر توجہ دیتا ہے لیکن جس کی روشنی میں سب کچھ کرتا ہے اس کی طرف کوئی توجہ نہیں دیتا۔ حالانکہ اگر روشنی مہیا کرنے والے جسم کی روشنی نہ رہے تو پوری دنیا کا پہیہ جام ہو جائے تمام جذبات سرد پڑ جائیں۔ شہداء شمع بزم ہستی ہیں۔ اگر ظلم و استبداد کی تاریکی میں شہدا کی ضوافشانی نہ ہوتی تو انسانیت کے لیے راہ نجات کا تلاش کرنا ناممکن ہوتا۔

نبی اکرم کے متعلق قرآن کریم نے کتنی لطیف تعبیر فرمائی ہے اور آنحضور کو سراج منیر کیا ہے اس تعبیر میں واضح سا مفہوم ہے کہ ظلمت کفر و شرک میں تو سراج منیر سے بھی خود جل کر اذیتیں برداشت کر کے دوسروں کو نور توحید کی روشنی فراہم کرنے والا ہے۔ ارشاد قدرت ہے۔ اے نبی ہم نے تجھے شاہد اعمال امت، مبشر، نذیر، اللہ کی طرف دعوت دینے والا اور سراج منیر بنا کر بھیجا ہے

عزاداروں سید الشہداء سے ضروری گزارش:-

تمام ان عزاداروں سے جو جلوس ہائے عزا۔ مجالس عزا اور اجتماعات نوحہ خوانی میں شرکت کرتے ہیں خواہ یہ ہفتہ وار اجتماعات ہوں یا آئمہ کے ایام وفات کے اجتماعات ہوں اور اپنے کو ملت حنیف سے مربوط سمجھتے ہیں۔ انہیں وصیت کی جاتی ہے کہ:-

امام حسین کے اس مقدس انقلاب کے بالخصوص دو مرکزی نقاط تھے۔

- دین اور ناموس قرآن کا دفاع۔ ایسی خود مختار اور خود سر حکومتوں اور حکمرانوں کی مخالفت جو راہ حق سے مٹ گئے تھے۔ آپ نے اپنے انقلاب کے ذریعہ قرآن اور آئین قرآن کا تحفظ کر کے امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کا فریضہ انجام دیا ہے۔
- نماز زکواۃ اور حق مظلوم وغیرہ جیسے الہیٰ انسانی احکام کی بقاء کے لیے اپنی جان قربان کی حتیٰ کہ خود یوم عاشور بھی نماز با جماعت ادا کی ہے۔

جب آپ کے صحابی ابو ثمامہ صیداوی نے یوم عاشور عرض کیا۔ یا ابن رسول اللہ نماز کا وقت ہو چلا ہے۔ اگرچہ ابو ثمامہ شہدائے کربلا سے تھا لیکن با ایں ہمہ آپ نے اسے یوں دعا دی تو نے نماز یاد دلائی ہے اللہ تجھے نمازیوں میں محشور فرمائے۔ آپ کے اس ارشاد سے معلوم ہوتا ہے کہ نماز کتنی اہم ہے۔۔۔

عزاداران امام کو معلوم ہونا چاہیئے کہ اگر انہوں نے نماز کو اہم نہ سمجھا تو عزاداری ترک نماز کے گناہ کو معاف نہ کرا سکے گی۔ مراجع عظام کے عملیہ جات میں یہ حدیث مذکور ہے کہ۔ اگر نماز بارگاہ خالق میں قبول ہو گئی تو تمام اعمال قبول ہو جائیں گے اور اگر نماز مسترد ہو گئی تو تمام اعمال مسترد ہو جائیں گے۔

حضرت امام صادق علیہ السلام نے اپنی زندگی کے آخری لمحات میں فرمایا ہے جو لوگ نماز کو اہم نہیں سمجھتے ہماری شفاعت سے محروم رہیں گے۔

عزاداران امام حسینؑ کو اپنی زندگی کے ہر قدم پر سیرت غریب کربلا کو پیش نظر رکھنا چاہیئے تاکہ دنیا اور آخرت کی کامیابی نصیب ہو۔

والسلام علی من اتبع الہدیٰ

۱۱ ذیقعد ۱۳۹۹ھ علی ربانی حلغالی

من یعظم شعائر اللہ فانہا من تقوی القلوب ؛ حج آیت ۳۲

جو بھی شعائر اللہ کا احترام کرے یہ اس کے قلبی تقویٰ کی علامت ہوگی۔ یہ حقیقت ہے۔ جس پاکیزہ اور نورانی دل میں خدائے بزرگ و برتر کی عظمت ہوگی وہ لامحالہ شعائر اللہ کو اہم اور عظیم تر سمجھ کر ان کا احترام کرے گا۔

شعائر اللہ میں سے جلیل القدر شعار وہ ہوگا جو عظمت اللہ کی علامت عبادت خدا کے مقام اور وہاں آنے والوں کے لیے رغبت عبادت کا باعث ہو۔ کون نہیں جانتا کہ روزانہ لاکھوں مسلمان مزاروں شعائر اللہ میں شب و روز عبادت خدا۔ ذکر خدا۔ اور مدح و ثنائے الٰہی کرتے ہیں اور اللہ کی بارگاہ عالیہ میں نیازمندانہ دعاؤں کے علاوہ نماز خالق ادا کرتے ہیں اگر عبادت الٰہی کے لیے ایک عظیم الشان اور فلک آشنا قبہ بنا لیا جائے یا اعلیٰ شان مسجد تعمیر کر لی جائے جس میں لوگوں کے لیے کشش ہو اور بڑے بڑے سرمایہ دار اور جاگیردار جو اعلیٰ شان محلات میں رہنے کے عادی ہیں ان مساجد اور قبوں میں نماز کے لیے آئیں تو یہ تو یہ شرک ہوگا اور نہ وہ مقام شرک کا اڈہ ہوگا۔

(بحوالہ کشف اسرار اٰیۃ اللہ العظمیٰ خمینی) ص ۶۲

عزاداری اور اٰیۃ اللہ خمینی :-

ذات احدیت نے جب دیکھا کہ صدر اسلام کے طالع آزماؤں نے دین کی بنیادیں ہلا دی ہیں چند افراد کے علاوہ راہ حق پر کوئی نہ رہا۔ ذات احدیت نے

زہرا علیہا السلام کے لال کو بذریعہ الہام دین پر قربانی اور ملت مسلم کے لیے قربانی پر آمادہ کیا۔

اس قربانی کی یاد تازہ کرنے والے عزاداروں کے لیے بہت زیادہ اجر مقرر فرمایا۔ تاکہ لوگ ہر دور میں بیدار رہیں اور کربلا کی بنیاد برابر تازہ ہوتی رہے کیونکہ یاد کربلا کا مقصد ظلم و جور کی بیخ کنی کے ساتھ ساتھ لوگوں کو توحید اور عدل الٰہی کا برکار بندر رکھا جائے۔ ان حالات میں عقل کا تقاضا ہے کہ عزاداری جس کی اساس ظلم و جور کی بیخ کنی کے ساتھ توحید و عدل الٰہی کی ترویج ہو پر ایسے اجر کا اعلان کیا جائے کہ لوگ ہر سختی۔ ہر مصیبت اور ہر اذیت برداشت کر کے بھی عزاداری سے دست بردار نہ ہوں۔

اگر ایسا نہ ہوتا تو آج تک شہادت حسینؑ استبداد زمانہ کی گرد کے نیچے دب چکی ہوتی اور شہادت حسینؑ کے مٹ جانے سے پیغمبر اسلام کی وہ تمام تعلیمات جن میں آپ نے اپنی زندگی میں اپنی زبان مبارک سے مسلک تشیع کی بنیاد رکھ دی تھی کالعدم ہو جاتیں۔

عزاداری کے مسلسل عمل سے جو فائدہ ہوا ہے اور جو آئندہ ہوگا وہ مذہب حقہ اور دین حق کی بقا ہے۔ جس میں دنیا اور آخرت کی سعادت ہے۔

یقین کیجیئے تاریخ کا ایک ادنیٰ سا طالب علم بھی اس حقیقت سے واقف ہے کہ جو مصائب و آلام شیعیان علی نے مخالفین علی کے ہاتھوں اٹھائے ہیں ہمارے لیے ان کا صرف تصور کرنا بھی ممکن نہیں ہے اور جو قیمت شیعیان علی نے دین حق کے تحفظ کی ادا کی ہے اس کا اندازہ کرنا مشکل ہے ذات احدیت نے ان لوگوں کے لیے ایسا اجر مقرر فرمایا ہے جو نہ کسی آنکھ نے دیکھا ہوگا اور نہ کسی کان نے سنا ہوگا۔ اور یہی عدالت الٰہیہ کا تقاضا تھا۔ (کشف الاسرار تالیف

امام خمینی مدظلہ) آیۃ اللہ طالقانی بنظر آیۃ اللہ العظمیٰ الخمینی)

طالقانی کی شہادت کے روز لوگ کیا کہہ رہے تھے۔ کیا نعرے لگا رہے تھے۔ یہی نعرے تھے اے نائب نبی تیری جگہ خالی ہے۔ لوگ طالقانی کو نائب نبی کے عنوان سے پہچانتے تھے۔ معنوی اعتبار سے ظلم و بربریت اور جور و جفا سے نبرد رہنے کا کنایہ ہے۔

تم لوگوں نے جس بیلچے اور تیشے سے قبر کھودی ہے لوگ اس بیلچہ اور تیشہ کو عزت و احترام اور عشق و عقیدت سے ایک دوسرے کو پیش کرتے تھے اور لوگ اس بیلچے اور تیشے کو چومتے تھے۔ حالانکہ بیلچہ اور تیشہ ایسی چیز نہ تھی جسے چوما جائے۔ آخر لوگ کیوں چومتے تھے۔ کیا اس لیے کہ آقائے طالقانی ڈیموکریٹ تھے ایسا ہرگز نہیں ہے۔ بلکہ جو جذبہ ضریح آئمہ کو بوسہ لیتے وقت ایک زائر کا ہوتا ہے۔ اسی جذبہ عقیدت سے لوگ بیلچے اور تیشے کو چوم رہے تھے۔ یہ عقیدت آقائے طالقانی کی روشن فکری سے نہ تھی۔۔۔۔ دختر امام موسیٰ کاظم علیہ السلام حضرت معصومہ بھی جانتی ہے کہ لوگ بی بی کے آستانہ عالیہ کے بوسے لیتے ہیں۔ اس ضریح میں کیا ہے؟ سونا اور لوہا ہی تو ہے۔ جب زائر اس سونے اور لوہے کا بوسہ لیتے ہیں تو یہ زائرین کی ارکان دین سے عقیدت کے جذبات کا اظہار ہوتا ہے۔ لوگ حجر اسود کے بوسے کیوں لیتے ہیں حجر اسود کو کیوں چھوتے ہیں؟ کیوں حجر اسود کے چھونے اور چومنے کو تبرک سمجھتے ہیں۔ پتھروں اور چند لکڑیوں سے بنے ہوئے ایک مکان (بیت اللہ) کے گرد کیوں طواف کیا جاتا ہے۔ ہر سال لاکھوں کی تعداد میں زائرین بیت اللہ کیوں اس مکان کے گرد طواف کرتے ہیں۔ صرف اس لیے کہ اس میں یاد خالق ہے۔ اس سے یہی سمجھا جاتا ہے کہ جہاں کہیں یاد خالق ہوگی۔ لوگ اس کا احترام کریں گے۔ ہر شخص اس چمڑے کو چومتا ہے جو قرآن کی جلد پر ہوتا ہے اسے آنکھوں سے لگاتا ہے۔ صرف اس لیے کہ

ہر شخص اس چمڑے کے اندر احکام خدا ہیں۔ اسی طرح ہر شخص کا احترام اللہ ہونا چاہیئے (روز جمعہ ۲۲ شوال ۱۳۹۹ھ) مدرسہ حنفیہ قم میں امام خمینی کا خطاب

اے کوتاہ اندیشو! مغرب زدگی کے قول سے باہر نکلو۔

پچاس برس سے تم نے اپنے کو مغربیت کے خول میں بند کر رکھا ہے اب اس سے باہر نکل کر دیکھو۔ یہی مغرب ہی تو ہے جس نے ہمیں گرفتار مصائب کر رکھا ہے۔ عقل کے ناخن لو اور ایک نظر اسلام پر بھی ڈالو۔ یہ عظیم بند جس نے بڑے بڑے بتوں کو زمین بوس کر دیا ہے اسے نہ توڑو۔ ویسے مزید کوشش کر کے دیکھ لو ایسا یہ بند تم سے لوٹ نہ سکے گا اپنی آبرو لٹوا رہے ہو۔ روٹی کے چند ٹکڑوں کے عوض اغیار کے ہاتھوں میں کھلونا نہ بنو یقین رکھو۔ ایرانی قوم کا مشن رابطہ ذات احدیت سے ہے ہماری قوم ان افراد کے سامنے جھکی ہے جو اللہ کے سامنے جھکتے ہیں۔ ہماری قوم نے تم لوگوں کو دھتکار دیا ہے۔ یہ قوم روحانیت سے وابستہ ہے۔ اب گھروں میں نہ بیٹھیں۔ جو کچھ اس قوم پر بیت رہی ہے اس کے برعکس لکھتے رہو۔ اور یقین رکھو تمہاری ان تحریروں کا کوئی فائدہ نہ ہوگا۔ لیکن باایں ہمہ تم لوگ کیوں اپنی قوم سے مربوط نہیں ہو جاتے۔ جو کچھ ہو رہا ہے۔ وہ کیوں نہیں کہتے علماء رجعت پسند ہیں کی رٹ لگاتے ہو۔ مگر تم نے نہیں جانتے کہ رجعت پسند تو وہ دشمنان اسلام ہیں جن کے تم وظیفہ خوار ہو وہ قلم رجعت پسند ہیں جو علما کو رجعت پسند لکھتے ہیں۔

تم لکھتے تو ہو لیکن تم میں یا تو شعور نہیں ہے اور تم نے علماء کا مطالعہ نہیں کیا یا تمہاری مخصوص اغراض ہیں۔ تمہارے قلم بکے ہوئے ہیں۔ چند ٹکے اجرت میں لیتے ہو۔ تمہیں علماء کے خلاف لکھتے ہوئے شرم نہیں آتی۔ سرزمین عراق کو انگریز کے پنجہ استبداد سے نجات دلانے والے علماء ہی تھے۔ سید محمد تقی شیرازی جس نے تمہا کو نوشی

کو حرام کر کے عراق کو انگریز کے منہ سے نکالا رجعت پسند تھا یا تم لوگ جنہوں نے یہ لکھا کہ سید محمد تقی شیرازی خوارج کا آلہ کار ہے۔ تمباکو نوشی کو حرام کہنا ہے امام زمانہ سے برسرِ پیکار رہے۔

تمہارے اس ایک جملہ نے چند سر پھروں کو مخالفت پر آمادہ کیا۔ تمہیں ایک قوت حاصل ہے اپنی اس طاقت کو اپنے ہاتھوں کیوں نابود کرتے ہو۔ آخر تم بھی تو انسان ہی ہو۔ وہ علما ہی تھے، عراق میں جنگ کے لیے سینہ سپر ہوئے تھے۔ یہی مرحوم آقائے تقی خوانساری ان افراد میں سے تھے جو میدان جنگ میں لڑے گرفتار ہوئے اور ایک عرصہ تک پسِ دیوار زندان رہے۔ اپنی اس طاقت میں رخنہ اندازی نہ کرو۔ قوم اور ملک کے حالات کا تقاضا یہ ہے کہ اس طاقت کو مزید مضبوط کرو۔

جب ایک طاقت دوسری بڑی طاقتوں کے خلاف متحد ہو جاتی ہے اور انہیں اپنے خول سے باہر نکالتی ہے۔ تو حق بنتا ہے کہ اس کو مزید مستحکم کرو۔ جب کہ تم لوگ اسی طاقت کو کمزور کرنے پر آمادہ ہو یہ اسلام کی عظیم طاقت، یہ روحانیت کی ناقابلِ شکست قوت دونوں غیر مسلموں کی نگاہ میں قابلِ نفرت ہیں۔ کیونکہ ان لوگوں کو اسلام نے اصول شکست دی ہے۔ ان لوگوں نے اسلام سے تکلیف اٹھائی ہے۔ یہ دونوں قوتیں اغیار کو اپنی بیخ کنی کی اجازت نہیں دیں گی۔ تمام لوگ روحانیت کے مخالف ہیں۔ اور روحانیت کو اپنا دشمن سمجھتے ہیں۔ یہ لوگ روحانیت کو قتل کر دینا چاہتے ہیں۔ رضا خان بھی انہی خیالات سے "لیس" اقتدار پر آیا تھا۔ وہ چاہتا کہ علماء کی قوت کو نابود کر دے اسے حکم یہی ملا تھا۔ لیکن وہ مجذور نہ تھا۔ اس نے انہی تمام تر قوت روحانیت کو مٹانے میں صرف کر دی تھی۔ وہ چاہتا تھا کہ جسم علماء سے لباس علم چھین لے

مدرسہ دار الشفا میں میرا کمرہ تھا۔ جب ایرانی قوم اور علماء رضا خان کے شکنجہ استبداد میں جکڑے ہوئے تھے۔ ہمارے ساتھی اپنے ضروری کاموں سے فارغ ہو کر میرے کمرہ میں جمع ہوتے تھے۔ ایک دن ایک واقف اسرار مملکت آیا، کمرہ میں بیٹھا اور بتانے لگا کہ شاہی طور پر یہ فیصلہ کیا جا چکا ہے کہ پورے ایران میں صرف چھ افراد ایسے رکھے جائیں جو معمم ہوں، یہ لوگ ہمارے ہمسایوں سے خوفزدہ نہیں۔ کیونکہ عوام کی نگاہ میں ہمارے یہ عمامے نائب نبی کے عنوان سے پہچانے جاتے ہیں۔ عوام انہی عماموں کی بات سنتے اور مانتے ہیں۔ (۲۳ شہریور ۵۸ء - روز جمعہ)

خطاب امام خمینی مدظلہ منقول روزنامہ اطلاعات نمبر ۱۵۹۵۳

خاک شفا پر سجدہ کرنا شرک نہیں

اس سوال کا جواب اگرچہ معلوم ہے اور اس جگہ اس کے تذکرہ کی چنداں ضرورت نہ تھی لیکن مختصراً عرض کیا جاتا ہے۔ شرک اور عبادت کا معنی معلوم ہوتے کے بعد عرض یہ ہے کہ اگر کوئی شخص خاک شفا یا عام خاک۔ یا کسی اور چیز پر اس عنوان سے سجدہ کرتے کہ جس پر سجدہ کر رہا ہوں یہ معبود ہے یا کسی قبر یا صاحب قبر کو اس عنوان سے سجدہ کرے تو ایسا شخص یقیناً کافر اور مشرک ہے لیکن اگر قبر یا خاک قبر پر عنوان معبودیت سے سجدہ نہ کرے تو نہ صرف یہ کہ شرک نہیں ہے بلکہ عین توحید اور خدا پرستی ہے۔

اب آپ کو اجازت ہے کہ کروڑوں شیعوں سے فرداً فرداً سرزمین ایران (اور پاکستان) کروڑوں سے ایک ایک کر کے یہ سوال کریں کہ۔

کیا خاک کربلا ہو تم سجدہ اس عنوان سے کرتے ہو کہ حسین ابن علی خدا ہے یا خدا کا بیٹا ہے؟ یا حسین ابن علی کی فریاد رسی کو خدا کے مد مقابل سمجھتے ہوئے اسے داد رسی میں مستقل اور اس طرح بالذات سمجھتے ہو کہ وہ اللہ کا محتاج نہیں ہے؟ اور کیا تم غریب نینوا کی عبادت اور پرستش کرتے ہو۔

تو اسے ان پڑھ اور شیعہ مستورات میں سے بھی اگر کسی نے آپ کو اثبات میں جواب دے دیا بلکہ کرہ ارض کے کروڑوں شیعوں میں سے اگر ایک شیعہ

نے بھی اثبات میں جواب دیدیا تو ہم اپنے دعوی سے دست بردار ہو جائیں گے اور آنکھیں بند کر کے آپ کی بات مان لیں گے وگرنہ دوسروں کو چھوڑیے آپ خود بھی تو ایک عرصہ تک شیعوں کے ساتھ رہے ہو اور اپنے کو بڑے شیعوں میں شمار کیا کرتے تھے۔ آپ خود بھی اس بات کی تصدیق کریں گے کہ خاک شفا پر شیعہ کا سجدہ خدا کے لیے ہوتا ہے۔ اس طرح تمام امت مسلمہ کے نمازی خاک وغیرہ پر سجدہ کرتے ہیں۔ فرق صرف اتنا ہے کہ شیعہ خاک شفا پر سجدہ کرنے کو دیگر چیزوں پر سجدہ کرنے سے افضل سمجھتے ہیں۔ سجدہ خدا کے لیے کرتے ہیں اور اپنے سجدہ کا اجر بھی خدا ہی سے مانگتے ہیں۔

اگر آپ کو شیعوں کی طرف سے مذکورہ بالا جواب ملے تو انصاف کا تقاضا یہ ہے کہ آپ اپنا اعتراض واپس لے لیں اور وہابیوں کی اقتدار میں آپ لوگ جو تہمت کروڑوں شیعوں پر باندھتے ہیں۔ اپنے کو ثالث بنا کر مسند قضا پر بیٹھے ہیں۔ انسانیت کے وقار اور عزت کو مٹی میں ملاتے ہیں۔ اس فاسد نظریہ سے توبہ کریں۔ اللہ توبہ کرنے والوں کی توبہ قبول کرتا ہے۔ اس توبہ کا طریقہ ہے کہ آپ اپنے قلم سے لکھے الفاظ کے ساتھ ایک خط کے ذریعہ اپنی غلطی کا اقرار کر لیں۔

اگر آپ نے ایسا کر لیا تو پھر ہمارے لیے ممکن ہوگا کہ ہم آپ کو روشن فکر اور آزاد مان لیں کیونکہ مرد وہی ہوتا ہے۔ جو اپنی غلطی محسوس کرے لیکن اس پہ اصرار نہ کرے بلکہ اس سے پرہیز کرے۔ ہم اس شخص کو روشن فکر سمجھتے ہیں۔ جو تنازعہ اور فساد سے دور رہے اور اپنی غلطی کا اعتراف کرے۔

(کشف الاسرار ص۵۷)

خاکِ شفا پر سجدہ نماز کی اہمیت کو دو بالا کرتا ہے!

جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم معروف تسبیح زہرا (۳۴ مرتبہ اللہ اکبر) ۳۳ مرتبہ الحمد للہ۔ ۳۳ مرتبہ سبحان اللہ) کا حکم دیا جسے ہم بھی بطور معمولی نماز کے بعد تعقیبات کے عنوان سے یا رات کو سونے سے قبل پڑھتے ہیں تو مریم کبریٰ جناب حمزہ کے مزار پر آئیں اور سید الشہداء کے مزار سے مٹی لے کر اس سے ایک تسبیح بنائی۔ آخر اس کا کیا مقصد تھا؟ گویا مزار شہید کی مٹی محترم ہے۔ ہمیں بھی ذکر خدا کو شمار کرنے کی خاطر تسبیح کی ضرورت ہے۔ اگرچہ اس میں کوئی فرق نہیں ہے کہ تسبیح کے دانے مٹی سے ہوں یا پتھر سے اور لکڑی سے ہوں یا کسی اور چیز سے لیکن ہم بجائے ہر مٹی سے تسبیح بنانے کے مزار شہید کی مٹی کو ترجیح دیتے ہیں۔ اس میں شہید اور شہادت ہر دو کا احترام ہے۔ اس میں تقدس شہادت کا اعتراف واقرار ہے۔

واقعہ کربلا کے بعد سید الشہداء کا لقب جناب حمزہ سے منتقل ہو کر جناب حمزہ رض کے بھتیجے حضرت علی و بتول علیہما السلام کے شہزادے امام حسین علیہ السلام کی طرف آ گیا۔ تو اب ہر وہ شخص جو خاک شہید سے تبرک حاصل کرنا چاہتا ہے۔ اپنی مرضی سے شہید کا انتخاب کرتا ہے ہم جب نماز پڑھنا چاہتے ہیں اور سجدہ

کے لیے جو کہ فرش اور ماکول و مشروب پر جائز نہیں ہے اپنے ساتھ مٹی یا پتھر رکھتے ہیں ہمیں ہمارے معصوم راہنماؤں نے بتایا ہے کہ جب خاک پر سجدہ کرنا افضل ہے تو پھر کسی شہید کے مزار کی خاک تلاش کر لو۔

شہداء میں سے چونکہ نواسہ رسول سید الشہداء ہے اس لیے اگر ہو سکے خاک کربلا تلاش کرو خاک کربلا سے شہید کی خوشبو آتی ہے۔ آپ جو اللہ کے لیے عبادت کرتے ہیں جس خاک پر چاہیں سجدہ کر لیں نماز درست ہو گی۔ اگر اس کی جگہ ایسی خاک تلاش کر لیں جسے شہید سید الشہداء سے معمولی سی نسبت تھوڑا سا تمسک اور قدر سے ہمسائیگی حاصل ہے جس سے بوئے شہید آتی ہے آپ کے اجر و ثواب میں سو گنا اضافہ ہو جائے گا۔ ارشاد امام ہے میرے جد امجد حسین ابن علی علیہ السلام کی خاک تربت پر سجدہ کیا کرو خاک کربلا پر سجدہ دعا سے مانع سات حجابوں کی رکاوٹ کو دور کر دیتا ہے۔

اس سے آپ شہید کی قیمت کا اندازہ کیجیے کہ جس کی خاک قبر میں اتنی طاقت ہے خود شہید کتنی قوت کا مالک ہو گا۔ یعنی تربت شہید کی خاک ہے نماز کا وقار بڑھ جاتا ہے[۱] اب جب کربلا کا مقام معتقدین امام حسین علیہ السلام کو معلوم ہو گیا تو از براہ نوازش حسب ذیل کتب کا مطالعہ فرمائیں تا کہ آپ کے ایمان میں اور اضافہ ہو[۲]

۱۔ قیام وانقلاب مہدیؑ استاد شہید مرتضیٰ مطہری
۲۔ ینابیع المودۃ تالیف شیخ سلیمان بلخی قندوزی
۳۔ حدیقۃ الشیعہ تالیف شیخ مقدس اردبیلی رح
۴۔ بحار الانوار ج ۱۰ تالیف علامہ مجلسی رح

درس گاہ حسین ابن علی علیہ السلام

مجالس عزا عالم اسلام کے لیے وہ عظیم رابطہ ہیں جن کے ذریعہ قوم کو اللہ کی مضبوط رسی سے مربوط کر کے نبی اکرمؐ کی دو گرانقدر چھوڑی ہوئی امانتوں سے تمسک حاصل کیا جا سکتا ہے عزت نبویہؐ سے اظہار محبت اور اللہ کی طرف سے مقرر کردہ اجر رسالتؐ کی ادائیگی کا ذریعہ یہی مجالس عزا ہی ہیں۔

اس قسم کی مجالس میں ذاکرین۔ اور مقررین مسند خطابت پر بیٹھے ہیں وہ مسند خطابت جو عوام الناس کو ظلم و جور سے مقابلہ اور پند و نصائح کرنے کی خاطر بچھائی جاتی ہے۔ ان مجالس میں عوام الناس کو یاد خدا دلائی جاتی ہے اسلامی محارم مذہبی قوانین اخلاقی اصول اور اصول مذہب کی تشریح کی جاتی ہے۔

ان مجالس عزا میں عوام الناس کو شرعی ذمہ داریوں اجتماعی فرائض اور معاشرتی آداب بتائے جاتے ہیں۔ فی الواقع یہ مجالس درس گاہ ہیں۔ اور ایسے مدارس ہیں جن کے ذریعہ مہذب اور شائستہ اسلوب بیان سے لوگوں کو دعوت حق دی جاتی ہے۔ عوام الناس کے خوابیدہ جذبات کو بیدار کیا جاتا ہے۔ نادانوں اور خواب غفلت میں سوئے ہوؤں کو خواب غفلت سے جگایا جاتا ہے۔ ان مجالس کے ذریعہ رسالت کے اعلیٰ مقاصد۔ اسلام کے مشن۔ دین کی راہنمائی نبی اکرم کی سنت اور سیرت اہلبیت سے آگاہ کیا جاتا ہے۔

ان مجالس میں اہلبیت نبوتؐ کی قربانیوں راہ خدا میں برداشت کیئے جانے والے مصائب دشمنان خدا اور رسول کی طرف سے پہنچائی جانے والی تکالیف سے آشنا کیا جاتا ہے۔

ان مجالس میں کلمہ حق اسلامی عقائد اور حقانی عقائد دلائل کے شائستہ جواب دیئے جاتے ہیں۔ ان کے علاوہ ان مجالس میں درس اخلاق اور اسلام کے اعلیٰ مقاصد بیان کیئے جاتے ہیں۔ ان مجالس کے ذریعہ لوگ اصول و فروع کے اعتبار سے اسلامی صحیح عقائد شریعت حقہ۔ احکام الٰہی تفسیر قرآن مسائل فقہ حدیث نبوی۔ اور تاریخ سے آگاہ ہوتے ہیں۔

ان مجالس کے ذریعہ لوگوں کو اجتماع کی اہمیت اور اجتماعی معاملات سے واقفیت حاصل ہوتی ہے علاوہ ازیں دنیاوی اور آخروی منافع اور مضرات کا پتہ چلتا ہے۔ ان مجالس کے ذریعہ اسلامی اور غیر اسلامی عالمی حالات سے باخبر رکھا جا سکتا ہے۔ تمام اجتماعی معاشرتی اور معاشی امور انہی اجتماعات میں بیان کیے جا سکتے ہیں۔ یہ ہے مجالس عزا کا مختصر فلسفہ

دینی اور فقہی لحاظ سے فکر حسین کی تجدید

جہاں تک کسی بھی متوفی کے لیے تشکیل مجلس عزا۔ اس کی یاد میں آنسو بہانا اس کی نیکیوں کا تذکرہ اور ان کے ارادہ سے خرچ کرنا اعمال خیر میں سے ہے اور تمام مذاہب کے فقہا اس پر متفق ہیں۔ بلکہ بعض اسلامی اصول و آثار سے تو اگر متوفی صاحب فضل و دانش ہو تو اس کے لیے مجلس عزا آراستہ کر کے اس کے فضائل و مآثر بیان کرنا امور مستحبہ سے بھی معلوم ہوتا ہے۔ کیونکہ ایسے افراد کی یاد کا تازہ رکھنا زندہ افراد کے جذبات کو متوجہ الی الخیر کرنے کا بہترین ذریعہ ثابت ہوتا ہے۔ ایسے افراد کی پیروی پر زندوں کو آمادہ کر کے انہیں پیرو اور قائد کے

عنوان سے پیش کیا جا سکتا ہے۔ لیکن بعض علمائے اہلسنت کا نظریہ یہ ہے۔ کہ ایسا سوگ اور عزاداری جو جذبات میں حدت اور غم و اندوہ میں شدت کا باعث بن جائے جائز نہیں ہے۔ ہاں اگر سوگ جذبات میں گرمی کا سبب نہ بنے تو پھر کوئی حرج نہیں ہے۔ لیکن اسلامی سیرت۔ احادیث نبویہؐ اور تاریخ سے اس جواز کو ثابت نہیں کیا جا سکتا۔

سرور انبیاءؐ نے کبھی اپنے اصحاب کو کسی بھی متوفی یا شہید کی وفات پر رونے سے منع نہیں فرمایا۔ حالانکہ آپ بعض اوقات اس عزاداری میں جذبات کی حد گرمی اور متوفی کی خلاف واقعہ حمد و ثنا کے لمبے چوڑے حد بیٹے بھی نکلتے دیکھتے اور سنتے تھے۔ (نبی عالمین کا ایسے واقعات دیکھ کر منع نہ فرمانا بجائے خود آپ کی طرف سے اجازت ہے) اور شیعہ اصول فقہ کے مطابق تقریر معصوم کے زمرے میں یہ بات آتی ہے اور تقریر معصوم سنت کہلاتی ہے) اوراق تاریخ میں آج بھی اصحاب نبی کے انہی مومنوں کے سوگ میں خطبہ اور مرثیہ موجود نہیں بطور نمونہ الاصحابہ فی ذکر الصحابہ میں جعفر ابن ابیطالب، ابو زید طائی زینب بنت عوام اور عبداللہ ابن عبید المرادی حارثی وغیرہ کے مفصل حالات دیکھے جا سکتے ہیں۔

زیادہ دور نہ جائیے جب نبی اکرمؐ نے مہاجرین اور انصار کی مستورات کو جنگ احد میں اپنے شہید وارثوں بھائیوں اور بیٹوں پر روتے دیکھا۔ اور آپ کو اپنے چچا جناب حمزہ کے سرہانے کوئی نوحہ خواں عورت نظر نہ آئی۔ تو آپ نے انتہائی جذبات انگیز انداز میں مستورات کو جناب حمزہؑ پر نوحہ خوانی کے لیے یوں آمادہ فرمایا۔

(ولکن حمزۃ لا بواکی لہ) جہاں تک میرے چچا جناب حمزہ کا تعلق

ہے تو اس پر تو آنسو بہانے والا بھی کوئی نہیں۔ محرم ۱۳۹۹ھ میں جب قائد جہان اسلام فرزند رسول پیرس میں تشریف فرما تھے آپ نے دیکھا کہ اس غیر اسلامی مملکت میں فرزند رسول کی یاد میں گریہ کرنے والا کوئی نہیں ہے تو جس مقام میں قیام تھا اسی میں مجلس عزا منعقد کی۔ (ذیل میں آیت اللہ خمینی کی پیرس میں بزم عزا میں بحالت گریہ تصویر ملاحظہ فرمائی جا سکتی ہے)

آیت اللہ خمینی کے اس مختصر سے تذکرہ کے بعد ایک مرتبہ پھر اپنے موضوع کی طرف پلٹتے ہیں۔ جب جعفر طیار کی خبر شہادت معلوم ہوئی تو خود بھی روتے جاتے تھے اور دوسروں کو بھی رونے کی ترغیب فرما رہے تھے۔

علی مثل جعفر فلیبک البواکی۔ رونے والوں کو جعفر جیسے شہید کی موت پر رونا چاہیے۔ تاریخ اسلام کی متواترہ روایات میں سے یہ روایت ناقابل تردید ہے جو بلا اختلاف مسلک مکتب فکر کے مورخ نے لکھی ہے کہ جس سال آپ کی پاکیزہ اور مقدس رفیقہ حیات ام المومنین خدیجۃ الکبریٰ علیہ السلام اور محسن اسلام چچا جناب ابوطالب علیہ السلام فوت ہوئے آپ نے پورا سال ان کا سوگ منایا اور تاریخ نے اس سال کو۔ عام الحزن۔ یعنی سال غم۔ کے نام سے یاد کیا ہے

خود آنحضورؐ کی وفات حسرت آیات پر آپ کے باوفا اور مخلص صحابہ کا یہ حال تھا کہ مرثیہ خوانی میں ایک دوسرے سے گوئے سبقت لے جانے کی کوشش کر رہے تھے۔ تاریخ نے ان تمام مرثیہ جات کو بطور امانت آج تک اپنے امانت خانہ اوراق میں بلا کم و کاست محفوظ کر رکھا ہے۔

جناب فاطمہ زہرا دختر نبی مصطفیٰ علیہ السلام نے اپنے سلطان کونین بابا کی وفات پر جو مرثیہ پڑھا تھا آج تک اس کے چند اشعار تاریخ کی معتبر ترین کتب میں موجود ہیں۔ بطور نمونہ قسطلانی کی ارشاد الساری ج ۲ ص ۱۸۴ پر سیدۃ النساء

کا یہ مرثیہ دیکھا جا سکتا ہے تبرکاً دو شعر ملاحظہ فرمائیں ۔

ماذا علی من شم تربۃ احمد — جس نے مزار نبی کی تربت کی خوشبو سونگھ
ان لا یشم مدا الزمان غوالیا — لی ہے اگر زندگی بھر کوئی اور خوشبو نہ سونگھے
تو بھی اسے فرق نہیں پڑے گا۔

صبت علی مصائب لو انھا — مجھ پر مصائب کے وہ پہاڑ ٹوٹ پڑے
صبت علی الایام صرن لیالیا — ہیں کہ اگر یہ مصائب دنوں پر آتے تو سیاہ
راتوں میں بدل جاتے ۔

جناب سیدہ کائنات ع کے ان درد بھرے مرثیہ کے اشعار کے علاوہ

انا فقد ناک فقد الارض وزبارھا — وغاب مذ غبت عنا الوحی والکتب

ہم آپ کے وجود ذیجود سے اس طرح محروم ہو گئے ہیں جس طرح روئے ارض سیلاب سے ۔ جب سے آپ گئے ہم سے سلسلہ وحی اور نزول کتاب بھی بند ہو گیا ہے ۔

فلیت قبلک کان الموت صادفنا — لما نعیت وحالت دونک الکتب

کاش آپ کی خبر وفات سننے سے پہلے موت ہمیں آلیتی اب تو آپ کے اور ہمارے مابین منوں مٹی حائل ہو چکی ہے

(فلسفہ انقلاب حسین ع تالیف استاد علامہ یحیٰ نوری)

کیا انصاف کا تقاضا یہی ہے کہ رسول عالمین ع تو واقعہ کربلا ہونے سے پہلے ایسے شہید عبرت ہونے والے حسین ع پر گریہ کریں اور ہم واقعہ کربلا ہو جانے کے بعد آنسو نہ بہائیں ؟ سنت پیغمبر پر عمل کرنے والوں سے ایسی توقع نہیں رکھی جا سکتی ۔

امام حنبل نے اپنی مسند ج ۱ صہ ۸۵ پر ابو عبداللہ کے سلسلہ سند سے ابن نجا

سے اور ابن نجا نے اپنے باپ سے روایت کی ہے کہ جب حضرت علی ع جنگ صفین میں جا رہے تھے ۔ راستہ میں خطہ نینوا سے گزرا ہوا تو آپ نے باواز بلند فرمایا ۔ حسین ع بیٹے دریائے فرات کے کنارے صبر کرنا ۔ ہم نے عرض کیا ۔ مولا اس گفتگو سے کیا مقصود ہے ؟ فرمایا ایک دن میں آنحضور ص کے پاس گیا دیکھا تو آپ برسات کے بادل کی مانند رو رہے تھے ۔ میں نے عرض کیا سرکار اس قدر رونے کا سبب کیا ہے ؟ آپ نے فرمایا جبرئیل ع نے مجھے اطلاع دی ہے کہ میرا حسین دریائے فرات کے کنارے شہید کیا جائے گا ۔

اس سلسلہ میں اگرچہ لاتعداد احادیث موجود ہیں ۔ لیکن ہم دشمنان اہلبیت ع کو جلانے اور محبان آل محمد ع کے ایمان کو مستحکم تر کرنے کی خاطر صرف چند ایک نمونوں پر اکتفا کرتے ہیں ۔ اگر تفصیل مقصود ہو تو صواعق محرقہ باب ۱۱ فصل ۳ عقد الفرید ج ۲ صہ ۲۴۳ ۔ اور ماوردی کی اعلام النبوۃ صہ ۲۳ ملاحظہ فرمائی جا سکتی ہے ۔

جہاں تک ہماری شیعہ کتب کا تعلق ہے تو ان میں ایسی صحیح احادیث و روایات بھی لاتعداد ہیں جو حد تواتر تک پہنچتی ہیں ۔ جونہی ماہ محرم نظر آتا تھا ۔ آئمہ اہلبیت ع عالم بشریت کو حریت فکر سے ہمکنار کرنے والے آسمان ہدایت کے آفتاب جہانتاب اور جادہ حقیقت کے راہرو غریب کربلا کے لیے بزم عزا منعقد کرتے تھے ۔

عبداللہ ابن سنان سے مروی ہے کہ یوم عاشور میں امام صادق ع کی خدمت میں حاضر ہوا ۔ شیعوں کی بہت بڑی تعداد آپ کے گرد بیٹھی تھی آپ کا چہرہ سوز الم سے زرد تھا ۔ آنکھوں سے آنسو کے موتی ٹپ ٹپ گر رہے تھے ۔ میں نے عرض کیا ۔ فرزند رسول ص ! اللہ آپ کو نہ رلائے اس شدت سے کیوں رو رہے ہیں ؟ آپ نے فرمایا ۔ کیا تو واقعاً اتنا بے خبر ہے ۔ کیا تجھے معلوم نہیں ہے کہ آج

کے دن نواسہ رسول شہید ہوا تھا۔ اس سے زیادہ آپ کچھ نہ فرما سکے روتے روتے ہچکی بند ہو گئی۔ تمام حاضرین بھی دھاڑیں مار کر رونے لگے۔

امام موسیٰ کاظم علیہ السلام کے متعلق تواتر سے مروی ہے کہ جونہی ماہ محرم نظر آتا تھا کسی نے آپ کو کبھی مسکراتے نہیں دیکھا۔ غم واندوہ کے پہاڑ آپ کے رخ زیبا پر چھا جاتے۔ جب یوم عاشور ہوتا تو آپ کے آنسو نہ تھمتے اور فرماتے یہ وہ دن ہے جس میں میرا جد امجدؑ شہید کیا گیا۔

معتصم کا ماموں ریان ابن شبیب کہتا ہے کہ میں امام رضا علیہ السلام کے پاس گیا۔ یہ یکم محرم کا دن تھا مجھے فرمایا۔

کہ مجھے میرے والد نے اپنے والد سے انہیں ان کے والد امام محمد باقر علیہ السلام نے بتایا ہے کہ جس دن فرزند رسول شہید ہوا آسمان سے خون کی بارش ہوئی۔ سرخ آندھی چلتی رہی۔ اے فرزند شبیب اگر تو حسین پر صرف اس قدر آنسو بہائے کہ کنار چشم سے بہنے لگے تو ذات احدیث کی طرف سے تیرے تمام گناہ کم ہوں یا زیادہ معاف کر دیئے جائیں گے۔

اے فرزند شبیب اگر اس حالت میں دربار ایزدی میں جانا چاہتا ہے کہ تجھ پہ کوئی گناہ نہ ہو تو میرے جد امجد فرزند رسول کی زیارت کو جایا کر۔

اے پسر شبیب اگر جنت میں محمد و آل محمد کے ساتھ رہنا چاہتا ہے تو قاتلان حسین پر لعنت کیا کر اے فرزند شبیب اگر تو چاہتا ہے کہ تیرا ثواب شہدائے کربلا جیسا ہو تو جب کبھی ذکر حسین کے ساتھ ہی کہا کر

یا لیتنی کنت معکم فافوز فوزاً عظیما۔

اے فرزند شبیب اگر جنت میں ہمارے ساتھ رہنا چاہتا ہے تو ہماری خوشی میں مسرور اور ہماری غمی میں غمگین رہا کر۔ ہماری دوستی کو نہ چھوڑنا اگر کسی کو پتھر سے

بھی محبت ہو گی تو اللہ یوم حشر اسے اس پتھر کے ساتھ محشور کرے گا۔

(نفس المہموم ص ۱۴-۱۵)

اب بطور اجمال امام حسینؑ پر رونے والوں کا مختصراً تذکرہ کرتے ہیں۔

امام حسین پر رونے والے

آپ نے فرمایا شبیب کیا تجھے روزہ ہے؟ اس نے عرض کیا نہیں۔ آپ نے فرمایا یوم عاشور وہ دن ہے۔ جس میں ذکریا نے اللہ سے دعا مانگی تھی کہ

اے پروردگار مجھے

پاکیزہ نسل عطا فرما تو دعا سننے والا ہے۔ خالق نے جناب ذکریا کی دعا قبول کی اور ملائکہ سے فرمایا کہ ذکریا کو بشارت دو چنانچہ جب آپ محراب میں کھڑے نماز پڑھ رہے تھے تو ملائکہ نے کہا۔ اللہ کی طرف سے تجھے یحیٰی کی بشارت۔ جو شخص بھی اس دن فاقہ کرے گا اور ذات احدیث سے دعا کرے گا جناب ذکریا کی طرح اس کی دعا قبول ہو گی۔

اے پسر شبیب تجھے معلوم ہے کہ محرم وہ مہینہ ہے جس کا احترام جاہلیت میں بھی کیا جاتا تھا لیکن ہم وہ مظلوم ہیں کہ ہمارے سلسلہ میں نہ ماہ محرم کا احترام کیا گیا نہ حرمت نبی کا خیال رکھا گیا۔ عترت رسول کو ذبح کیا گیا۔ مخدرات عصمتؑ کو پابند رسن کیا گیا۔ خیام کو لوٹ کر نذر آتش کیا گیا بھلا ایسے افراد کو کب اللہ کی بخشش نصیب ہوتی ہے۔

اے پسر شبیب اگر کسی چیز پر رونا چاہے تو غریب کربلا پر رویا کر اسے حیوان کی طرح پس گردن سے ذبح کیا گیا ہے۔ غریب کربلا کے ساتھ اٹھارہ نوخیز جوانان بنی ہاشم کو شہید کیا گیا۔ ایسے جوان جن کی نظیر روئے ارض پر نہ تھی۔ وہ مظلوم حسینؑ جس کی تربت پر ہفت آسمان و زمین روئے چار ہزار ملائکہ خاک بسر اس کی مدد

کو آئے لیکن وہ شہید ہو چکا تھا۔ جو قیام امام زمانہؑ تک پریشان حال مزار قتیل عبرت پر مصروف گریہ رہیں گے۔ ان کا بس ایک ہی نعرہ ہے۔ کوئی ہے جو غریب کربلا کے بے گناہ خون کا انتقام لے۔

- ابن طاؤس کی لہوف کے مطابق رسول کونین حسینؑ کی بے کسی پر روئے۔
- منتخب طریحی کے مطابق امام سجاد اپنے مظلوم باپ پر روئے۔
- احقاق الحق ج ص۵۱۴ کے مطابق سورج مظلوم حسین کی غربت پر رویا۔
- مدینۃ المعاجز ص۲۴۳ کامل الزیارۃ ص۹۱ مناقب شہر آشوب ج۴ ص۵۴ اور فضائل صدوق ص۲۱۹ کے مطابق آسمان امام حسینؑ کی پیاس پر روئے۔
- علامہ طبرسی کی اعلام الوری کے مطابق پتھر امام حسینؑ پر روئے۔
- ینابیع المودۃ ص۳۲ اور احقاق الحق ج۹ ص۱۴۷ کے مطابق حضرت علی امام حسینؑ پر روئے۔
- الدرالمنثور ص۱۵۱ کے مطابق سلیمان ابن داؤد امام حسینؑ پر رویا۔
- نفس المہموم ص۲۰ کے مطابق جناب ذکریاؑ امام حسینؑ پر روئے۔
- نفس المہموم ص۲۰ کے مطابق حضرت عیسٰی امام حسینؑ پر روئے۔
- محسن الابرار ص۴۹ کے مطابق حضرت موسیٰ امام حسینؑ پر روئے
- محسن الابرار ہی کے مطابق حضرت اسماعیلؑ امام حسینؑ پر روئے۔

عزاداری کیوں؟

کہا جاتا ہے اگر امام حسینؑ اپنے مقصد میں کامیاب ہوئے ہیں تو پھر ہم کیوں آنسو بہاتے ہیں؟ بھلا اتنی بڑی کامیابی پر رونا شائستہ ہے؟

جو لوگ اس قسم کے سوقیانہ اعتراض کرتے ہیں وہ فی الواقع فلسفۂ عزاداری سے ناآشنا ہوتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ وہ عزاداری کو کمزوری کی دلیل سمجھتے ہیں۔

اگر آپ تجزیہ کریں تو جتنے بھی رونے والے ہوتے ہیں اور دریچہ دل اور آنکھ سے آنسو بہاتے ہیں ان کی چار اقسام ہو سکتی ہیں۔

۱۔ خوشی کے آنسو!

یہ وہ آنسو ہوتے ہیں جو ایک ماں یا کسی عزیز کی آنکھ سے اس وقت نکلتے ہیں۔ جب کئی سال کی گم شدگی کے بعد ماں کو بیٹا اور عزیز مل جاتا ہے تو فطرۃً ماں اور عزیز کی آنکھ سے فرط مسرت کی بدولت آنسو ٹپکنے لگتے ہیں۔

اگر اعتراض کنندگان واقعات کربلا کا تجزیہ کریں۔ جوانوں کا ایثار بچوں کا پیاس پر صبر مستورات کا حوصلہ قربانی، مخدرات کربلا کے حوصلہ آخریں بیانات، اور امام حسین کے یزیدیت شکن ہمت و جنگ کو دیکھیں تو انہیں یقین ہو جائے گا کہ خلوص دل سے سننے والے سامعین کی کیفیت گریہ یہ بھی ہو سکتی ہے۔ کہ اللہ نے ہمیں ایسے باہمت، حوصلہ کے پہاڑ اور شجاعت کے دھنی راہنما دیئے ہیں جنہوں نے

فلک بوس قصر یزیدیت کی اینٹ سے اینٹ بجادی ہے)۔ کہا یہ رونا شکست کی دلیل ہے یا فتح کی خوشی۔

۲۔ رحم کے آنسو!

انسان کے اندر اللہ نے پتھر نہیں گوشت سے بنا ہوا دل رکھا ہے۔ یہی دل انسان کے جذبات رحم و ترس کو اس وقت برانگیختہ کرتا ہے۔ جب انسان ایک یتیم کو دیکھتا ہے کہ موسم سرما کی برفانی رات کی تنہائی میں آغوش مادر میں باپ کو یاد کر کے روتا ہے۔ انسان کا دل لرز جاتا ہے۔ جس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ دیکھنے والے کی آنکھوں سے سیل اشک رواں ہو جاتا ہے اور یہ جذبہ اس بات کی دلیل ہوتی ہے کہ کسی کی آہ پر رونے والا دل زندہ ہے اور اس میں انسانیت کی رمق موجود ہے۔

جب ایک انسان یہ سنے کہ ایک شیر خوار تے میدان کربلا میں باپ کے ہاتھوں پر سہ شعبہ تیر کے کھا کے تڑپ تڑپ کر جان دے دی۔ یا ایک جوانسان تے خاک و خون میں نہا کر موت کو گلے لگا لیا اور اس کا دل اس مصیبت پر کیوں جلے اور دل کا بخار آنسوؤں کی صورت میں لینے لگے تو یہ کمزوری کی علامت ہے یا انسان کی قلبی بیداری اور انسانیت کی بقا کی دلیل ہے؟

۳۔ حسرت کے آنسو:

بعض اوقات بہنے والے آنسو ایک   ہوتے ہیں۔ جن مومنین کی خواہش ہے کہ اگر ہم بھی میدان کربلا میں ہوتے تو آپ کے قدموں میں اپنی جان عزیز کی قربانی پیش کرتے کیونکہ ہم بھی مکتب حسین سے متفق ہیں اور یہ صورت

جذباتی نعروں یا اشعار وغیرہ سے بھی پیدا ہو سکتی ہے۔ البتہ بعض اوقات اس کیفیت کو وقتی اور مصنوعی بھی کہا جا سکتا ہے۔ لیکن جب کوئی شخص یہ واقعات سنتا ہے۔ اس کا دل شہدا کا ساتھ دینے کو مچلتا ہے اور اس کے نتیجہ میں حسرت کے چند آنسو ٹپک پڑتے ہیں تو یہ آنسو اعلان وفا ہوتے ہیں اور حسینی مشن سے اعتراف ہم آہنگی ہوتا ہے ظلم و ستم کے خلاف اعلان جنگ کے آنسو ہوتے ہیں ظالموں سے تبرا کا اظہار ہوتا ہے۔ بھلا گریہ کی یہ قسم کیا اس وقت تک ممکن ہو سکتی ہے۔ جب تک رونے والا مشن امام حسینؑ سے واقف اور اس سے ہم آہنگ نہ ہو۔

۴۔ ذلت اور شکست کے آنسو:

یہ ان لوگوں کے آنسو ہوتے ہیں جو کمزور ناتوان اور بے بس ہوتے ہیں اپنے مقصد کو پا لینے میں ناکام ہوتے ہیں۔ اپنے اندر آگے بڑھنے کی ہمت نہیں پاتے۔ ایسے لوگ بیٹھ کر بے بسی کے آنسو بہاتے ہیں۔ عزادار کبھی بھی امام مظلوم پر ایسا گریہ نہیں کرتے کیونکہ رونا ہوتا ہی وہی ہے جس میں مسرت ہو۔ یا۔ ترس ہو۔ یا حسرت ہو۔

البتہ یہ نہ بھولیں کہ عزاداری کا مقصد اہم امام مظلومؑ اور آپ کے اصحاب باوفا کے مشن سے اتحاد و یکانگت ہے اور مشن امام حسینؑ ہے۔

پاک ہونا۔

پاک رہنا۔

صحیح سوچنا۔ اور

صحیح عمل کرنا۔ (فلسفۂ شہادت آیت اللہ ناصر مکارم شیرازی)

سوالات اور اعتراضات

شیعوں پر بڑا اعتراض کیا جاتا ہے کہ۔ واقعہ خواہ کتنا غمناک اور پرسوز کیوں نہ ہو گزر جانے کے بعد قصہ پارینہ کو چھیڑ بیٹھنا۔ صدیوں پرانے واقعہ کو تازہ کرنا اور اس پر روتے دھوتے سے آخر کیا فائدہ ؟

یہ بھی کہا جاتا ہے کہ امام حسین کے پرانے قیام کو یاد کر کے اس کی تجدید سے اب کیا حاصل کیا جا سکتا ہے ؟

یہ بھی کہا جاتا ہے کہ اس قسم کا گریہ و زاری امور نوحہ خوانی جس سے مصائب میں اور اضافہ ہو جائے کیا شرعاً جائز ہے ۔ جب کہ کوئی شخص بھی اس واقعہ سے بے خبر نہیں ہے ۔ اور نہ ہی یہ واقعہ پوشیدہ ہونے والا ہے ۔ چودہ صدیوں بعد بھی شیعہ جس انداز میں عزاداری کرتے ہیں انسانی جذبات و احساسات میں آگ سلگ جاتی ہے ۔ کیونکہ اس گریہ میں ایسے نعرے دیئے جاتے جن سے انسانی جذبات بھڑک بھڑک جاتے ہیں ۔ اس قسم کے تمام سوالات اور اعتراضات کا تجزیہ ہم دو پہلوؤں سے کریں گے ۔ فلسفۂ عزاداری، عزاداری کی اجتماعی، فقہی اور شرعی حیثیت ۔

فلسفی اور اجتماعی نگاہ سے عزاداری امام حسین

اگر انسان عالم بشریت کی تاریخ دیکھے اور بڑے بڑے عظیم انقلابات کی تاریخ میں تاریخ ساز ایسے افراد کی زندگی کا مطالعہ کرے جنہوں نے تاریخ کے سر کو اپنے قدموں میں جھکا دیا ہے ۔ اگر انسانی اقوام عالم کی تاریخ میں ان واقعات و حادثات میں غور کرے جن سے قوموں کی تقدیر بدل گئی ہے پھر اس تاریخ میں ان سیاسی اور روحانی قائدین کی زندگی کا مطالعہ کرے ۔ جنہوں نے عظیم انقلابات کو جنم دیا ہے ۔ ذہن و فکر انسان کو بدل ڈالا ہے ۔ ایسے افراد کے حالات پڑھے جنہوں نے نوع بشر کی معاشرتی حیثیت کو تبدیل کیا ہے ۔ ایسے قائدین کی سوانح حیات کا مطالعہ کرے جن کی فکر نے انسانی فکر کو تہ و بالا کر کے رکھ دیا ہے ۔ ایسے راہنماؤں کا مطالعہ کرے جو اقوام عالم کی آنکھوں کا تارا بن گئے تو اسے معلوم ہو گا کہ ان قائدین میں سے کوئی بھی ایسا نہیں ہے جو بہ جبر و اکراہ عوام پر مسلط ہوا ہو ۔ بلکہ انہوں نے اپنے عمل اور اپنی فکر سے عوام کو جیتا اور لوگ ان کے پیچھے چل پڑے ۔ ان تمام انقلاب انگیزوں ۔ مفکرین اور قائدین میں ابو عبد اللہ حسین آج بھی ایک درخشندہ اور تابندہ ستارہ نظر آئے گا ۔ تاریخ انسان کے راہنماؤں میں حسین کی قیادت آج بھی بے مثل نظر آئے گی اور غریب کربلا کی یہی وہ قیادت تھی جس نے ابر کائنات کو زندہ کیا اس لیے ایسے معلوم ہوتا ہے جیسے فرزند رسول خود زندہ ہے ۔ اور ہر سال یاد حسین کو تازہ کرنے میں انسانی شرافت انسانی کمال، عظمت، شجاعت، ظلم کے خلاف

سینہ سپر ہوتے مظلومیت کی معراج کی یاد ہے۔ اللہ کی بے شمار رحمتیں ہوں تمام شہدائے حق علیؑ پر تمام شہدائے شیعہ پر۔ اور تمام انصار حسینؑ پر۔

ضریح اور صحن تعمیر کرنیکا ثواب تعمیر بیت المقدس کے برابر

شیعہ اور سنی ہر دو ذرائع سے متعدد ایسی روایات و احادیث موجود ہیں جن میں مزارات آئمہ علیہم السلام پر مکان تعمیر کرنے کی ترغیب دی گئی ہے۔ ان روایات میں سے ہم صرف ذیل میں ایک روایت پیش کرتے ہیں تاکہ بھائی حضرات جو ایک جملہ اپنے حق میں پیش کرتے ہیں اور ایک جملہ جو ان کے خلاف جاتا ہے اس سے صرف نظر کر لیتے ہیں اس کی حقیقت واضح ہو جائے اور پتہ چل جائے کہ عوام فریب کون ہے۔ شیخ طوسیؒ نے اپنے سلسلہ سند سے اہل مجاز کے واعظ ابو عامر سے روایت کی ہے کہ۔ میں امام صادقؑ علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کی۔ کہ جو شخص حضرت علی علیہ السلام کی ضریح بنائے اور مزار حضرت علی علیہ السلام کی زیارت کرے اس کا اجر کیا ہو گا؟

آپؑ نے فرمایا اے ابو عامر! میرے والد نے اپنے والد سے انہوں نے امام حسین علیہ السلام نے حضرت علی علیہ السلام سے حضرت علی علیہ السلام نے نبی اکرمؐ سے روایت کی ہے کہ آنحضورؐ نے فرمایا۔ یا علی علیہ السلام تو سرزمین عراق میں جلائے گا وہیں تیرا مدفن ہو گا۔

حضرت علی نے عرض کیا۔ یا رسول اللہ جو شخص میری زیارت کو آئے گا اور تجدید عہد کریگا اس کا ثواب کیا ہو گا؟

آپ نے فرمایا اے ابو الحسنؑ! اللہ نے تیری اولاد کی مزارات کو جنت کے ٹکڑوں سے ایک قطعہ قرار دیا ہے بہشت کے صحن سے ایک حصہ بنایا ہے خداوند عالم اپنے پسندیدہ بندوں اور برگزیدگان کے دلوں کو تمہاری

زیارت پر مائل کرے گا۔ جو ہر قسم کی محنت و مشقت برداشت کر کے وہاں جائیں گے۔ یہ تمہارے مزارات کی تعمیر کریں گے۔ بکثرت تمہاری زیارت کو آئیں گے۔ تمہاری زیارت سے اور میرا تقرب چاہیں گے۔ ان افراد کی بالخصوص شفاعت میں کروں گا۔ یہ لوگ فردائے محشر میرے پاس حوض کوثر پر آئیں گے اور میرے ہوں گے۔ یا علی جو شخص آپ کے مزارات تعمیر کرے گا اور زیارت کو آئے گا اس کا اجر ان افراد جیسا ہو گا۔ جنہوں نے حضرت سلیمانؑ کے ساتھ تعمیر بیت المقدس میں کام کیا ہو۔ جو شخص تمہاری زیارت کر آئے گا اسے ستر مستحب حج کا ثواب ملے گا۔ یوم ولادت کی طرح گناہوں سے پاک ہو گا تجھے بشارت ہو اپنے شیعوں کو ان نعمات کی بشارت دینا جنہیں نہ کسی آنکھ نے دیکھا ہو گا! نہ کسی کان نے سنا ہو گا اور نہ کسی دل نے سوچا ہو گا۔ لیکن کچھ لوگ تمہاری زیارت پر پابندیاں عائد کریں گے۔ اور یہ لوگ تمہارے زائرین کو جرم زیارت پر ایسی سزائیں دیں گے۔ جیسی سزا بدقماش عورت کو برائی پر دی جاتی ہے۔ یہ لوگ میری امت کے خبیث ترین افراد ہوں گے۔ خداوند عالم انہیں میری شفاعت سے محروم رکھے گا۔ (کشف الاسرار ص ۶۷)

(اب امام حسینؑ کی شش گوشہ ضریح کی تصویر کی زیارت کیجئے)

روضه خوانی از دیدگاه امام خمینی

سید الشهداء بداد اسلام رسید. سید الشهداء اسلام را نجات داد

روضهٔ امام حسین ع برای حفظ مکتب امام حسین ع است. آن کسانی که

می گویند روضهٔ سید الشهداء نخوان اینها اصلاً نمی فهمند

مکتب سید الشهداء چه بوده است نمی دانند یعنی چه ؟

این گریه ها حفظ کرده است الآن ۱۴۰۰ سال است که با این

منبرها و با این روضه ها و با این مصیبت ها ما را حفظ کرده اند

حرف سید الشهداء حرف روز است و حرف روز را سید الشهداء

آورده است به ما ها داده است. هر مکتبی هیاهو می خواهد

باید پایش سینه بزنند.

اطلاعات شماره ۱۵۹۰۱ چهارشنبه ۳۰ تیر ۵۸ امام خمینی

مجالس عزا اور آیت اللہ خمینی

امام حسین ع نے اسلام کی فریاد رسی کی ہے، امام حسین ع نے اسلام کو یزیدیت سے نجات دی ہے ذاکری مکتب حسین کی محافظ ہے۔ جو لوگ کہتے ہیں کہ مجالس عزا منعقد نہ کرو۔ یہ نہیں جانتے کہ مکتب امام حسین کیا ہے ؟
یہ گریہ ہی تو ہے جس نے ہمارا تحفظ کیا ہے۔ آج چودہ صدیاں ہو چکی ہیں کہ اس منبر۔ اس ذاکری۔ اور مصائب خوانی نے ہمیں محفوظ رکھا ہے۔
امام حسین ع کی آواز وقت کی آواز ہے۔
امام حسین ع کے وقت کی آواز ہمارے سپرد کی ہے۔
ہر مکتب کے تحفظ کے لیے اس کا تذکرہ ضروری ہونا چاہیئے۔

روزنامہ اطلاعات نمبر ۱۵۹۰۱

فتوى (الميرزا النائيني) قدس سره :

لقد وجـــه أهالي البصرة ، برقيات استفتائية إلى سماحة المغفور له رئيس الفقهاء العظام الشيخ محمد حسين النائيني ، أعلى الله مقامه ، فأجاب بما يلي :

بسم الله الرحمن الرحيم

الى البصرة وما والاها :

بعد السلام على إخواننا الأماجد العظام أهالي القطر البصري ورحمة الله وبركاته .

قد تواردت علينا في (الكرادة الشرقية) برقياتكم وكتبكم المتضمنة للسؤال عن حكم المواكب العزائية وما يتعلق بها ، إذ رجعنا بحمده سبحانه الى النجف الأشرف سالمين، فها نحن نحرّر الجواب عن تلك السؤالات ببيان مسائل :

الاولى : خروج المواكب العزائية في عشرة عاشوراء ونحوها الى الطرق والشوارع مما لا شبهة في جوازه ورجحانه وكونه من أظهر مصاديق ما يقام به عزاء المظلوم .

وأيسر الوسائـــل لتبليغ الدعوة الحسينية إلى كل قريب وبعيد ، لكن اللازم تنزيه هذا الشعار المعظم عما لا يليق بعبادة مثله من غناء أو استعمال آلات اللهو والتدافع في التقدم والتأخر بين أهل محلّتين، ونحو ذلك ، ولو اتفق شيء من ذلك ، فذلك الحرام الواقـع في البين هو المحرّم ولا تسري حرمته إلى الموكب

العزائي ، ويكون كالنظر الى الأجنبية حال الصلاة في عـــدم بطلانها .

الثانية : لا إشكال في جواز اللطم بالأيدي على الخدود والصدور حدّ الاحمرار والاسوداد ، بل يقوى جواز الضرب بالسلاسل أيضاً على الأكتاف والظهور إلى الحد المذكور ، بل وان تأدّى كل من اللطم والضرب الى خروج دم يسير على الأقوى ، وأما إخراج الدم من الناصية بالسيوف والقامات فالأقوى جواز ما كان ضرره مأموناً . وكان من مجرد إخراج الدم من الناصية بلا صدمة على عظمها ولا يتعقب عادة بخروج ما يضر خروجه من الدم، ونحو ذلك، كما يعرفه المتدربون العارفون بكيفية الضرب ، ولو كان عنـد الضرب مأموناً ضرره بحسب العادة، ولكن اتفق خروج الدم قدر ما يضر خروجه ثم يكون ذلك موجباً لحرمته ويكون كمن توضأ أو اغتسل أو صام آمناً من ضرره ثم تبين ضرره منه ، لكن الأولى ، بل الأحوط ، أن لا يقتحمه غير العارفين المتدربين ولا سيما الشبان الذين لا يبالون بما يوردون على أنفسهم لعظم المصيبة وامتلاء قلوبهم من المحبـــة الحسينية ثبّتهم الله تعالى بالقول الثابت في الحيـــاة الدنيا وفي الآخرة .

الثالثة : الظاهر عدم الأشكال في جواز التشبيهات والتمثيلات التي جرت عادة الشيعة الإمامية باتخاذها لإقامة العزاء والبكاء والإبكاء منذ قرون وإن تضمنت لبس الرجـال ملابس النساء على الأقوى فإنّا وإن كنا مستشكلين سابقاً في جوازه وقيدنا جواز التمثيل في الفتوى الصادرة منا قبـل أربع سنوات لكنا

لما راجعنا المسألة ثانياً اتضح عندنا أن المحرّم من تشبيه الرجل بالمرأة هو ما كان خروجاً عن زيّ الرجال رأساً وأخذاً بزي النساء دونما إذا تلبس بملابسها مقداراً من الزمان بلا تبديل لزيّه كما هو الحال في هذه التشبيهات ، وقد استدركنا ذلك أخيراً في حواشينا على العروة الوثقى ، نعم يلزم تنزيهها أيضاً عن المحرّمات الشرعية ، وإن كانت على فرض وقوعها لا تسري حرمتها إلى التشبيه ، كما تقدم .

الرابعة : الدمّام المستعمل في هذه المواكب مما لم يتحقق لنا إلى الآن حقيقته ، فإن كان مورد استعماله هو إقامة العزاء وعند طلب الإجتماع وتنبيه الراكب على الركوب وفي الهوسات العربية ونحو ذلك ولا يستعمل فيما يطلب فيه اللهو والسرور ، كما هو المعروف عندنا في النجف الأشرف فالظاهر جوازه ، والله العالم.

٥ ربيع الاول سنة ١٣٤٥ هـ .   حرره الأحقر

محمد حسين الغروي النائيني

آیت اللہ نائینی قدس سرہ کا فتویٰ

اہالیان بصرہ نے آیۃ اللہ العظمیٰ رئیس الفقہاء الشیخ محمد حسین نائینی اعلی اللہ مقامہ نائینی کی خدمت میں بذریعہ ٹیلیگرام چند سوالات ارسال کئے جن کے جواب یہ ہیں ۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اہالیان بصرہ اور مضافات بصرہ کی طرف

ہمارے محترم برادران کرام جو بصرہ اور مضافات بصرہ میں مقیم ہیں السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ آپ کے ٹیلیگرام اور خطوط تسلسل کے ساتھ ہمارے پاس آئے جن میں آپ لوگوں نے جلوس ہائے عزاداران سے متعلقہ امور کے متعلق سوالات تھے۔ چونکہ ہم نجف اشرف سے باہر تھے اس لیے جواب میں تاخیر ہو گئی ہے اب جوابات یہ ہیں۔

۱۔ یوم عاشورا اور اس جیسے دوسرے مواقع پر جلوس ہائے عزا کا راستوں اور سڑکوں پر آنا۔ ان امور میں سے ہے جس کے جواز میں کسی قسم کا کوئی شک و شبہ نہیں ہے بلکہ عزاداری مظلوم بپا کرنے کے مظاہر میں سے روشن تر ذریعہ اور حامل رجحان ہے۔ اور امام مظلومؑ کی ہر قریب و بعید تک آواز پہنچانے کا آسان ترین وسیلہ ہے۔

البتہ یہ ضروری ہے کہ اس عظیم تر عبادت کو ایسے امور سے محفوظ رکھنا چاہیے جو عبادت کے شایان نہیں ہوتے۔ مثلاً
اور دو مختلف مقامات کے جلوسوں میں سے کسی کو پیچھے رکھنے اور کسی کو آگے بڑھانے میں جلوس کے تقدس کو پائمال کرنا وغیرہ ویسے اگر اس قسم کے امور کا ارتکاب کیا جائے تو ان کا عدم جواز اور ان کی حرمت جلوس عزا کے عدم جواز اور حرمت کا موجب نہیں ہوگی۔ بلکہ یہ ایسے ہوگا جیسے دوران نماز نمازی نامحرم عورت کو دیکھے۔ (جس طرح دوران نماز نمازی نامحرم عورت کو دیکھنے اور اس کا یہ فعل حرام بطلان نماز کا باعث نہیں ہوتا اسی طرح جلوس عزا میں آلات لہو ولعب وغیرہ جیسے محرمات کا استعمال اگرچہ جائز نہیں بلکہ حرام ہے لیکن پھر بھی ان کا استعمال ہوتا۔)

(مترجم)

۲۔ ذکر حسین ؑ میں مزید اس حد تک طمانچہ مارنے اور سینہ زنی کرنے میں بھی کوئی اشکال نہیں ہے کہ منہ اور سینہ سرخ یا سیاہ ہو جائیں۔ بلکہ کندھوں اور پشت پر زنجیر زنی بھی جائز ہے۔ بلکہ اگر مزید طمانچوں، سینہ زنی اور زنجیر زنی سے خون بھی نکل آئے تو بھی کوئی حرج نہیں ہے۔ جہاں تک پیشانی سے تلوار وغیرہ جیسی سے خون نکالنے کا تعلق ہے تو اقویٰ یہ ہے کہ یہ جائز ہے بشرطیکہ اس کے ضرر سے محفوظ رہا جائے۔ یعنی صرف خون نکالنے تک محدود رہے اور ہڈی نہ ٹوٹ جائے یا اتنی مقدار میں خون نہ بہایا جائے جو موت کا سبب بن جائے یا جیسا کہ وفا کیا جاتا ہے اور جو لوگ اس کیفیت سے واقف ہوتے ہیں۔ اور کرتے ہیں۔ اگر خون نکالتے وقت اسے نقصان سے تحفظ کا یقین ہو اور اتفاقاً موجب نقصان ہو جائے تو یہ ایسے ہوگا جیسے ایک شخص تیمم کی بجائے اس خیال سے وضو یا غسل کرتا ہے کہ پانی نقصان نہیں دے گا یا ایک شخص اس

اس خیال سے روزہ رکھتا ہے کہ میں تندرست ہوں اور روزہ رکھنے سے مجھے نقصان نہیں ہوگا۔ لیکن بعد میں پانی یا روزہ نقصان دہ ثابت ہوتے ہیں تو اسے حرام نہیں کہا جائے گا ایسے احتیاط کا تقاضا یہ ہے کہ یہ کام صرف وہی کریں جو اس کام کو انجام دے سکتے ہوں اور جذبات غم میں ایسے مغلوب افراد جنہیں غریب کربلا کے مصائب میں یہ پتہ نہیں چل سکتا کہ زنجیر یا تلوار کہاں لگ رہے ہیں انہیں اجتناب کرنا چاہیے۔ ہماری دعا ہے اللہ انہیں دنیا اور آخرت میں قول ثابت قدم رکھے۔

۳۔ سلسلہ عزاداری میں رونے اور رلانے کے لیے صدیوں سے شیعوں میں جو تشبیہیں اور تمثیلات رائج چلی آرہی ہیں ان کے جواز میں کوئی اشکال نہیں ہے۔ اگرچہ تشبیہ کے لیے مرد موقتاً عورتوں کا لباس بھی کیوں نہ پہن لے۔ اگرچہ آج سے چار سال قبل ہم نے اس میں اشکال کیا تھا اور تمثیلات کو مشروط کیا تھا۔
لیکن جب ہم نے ذرا اور گہرائی سے اپنے اس فتویٰ پر نظر ثانی کی تو ہمیں معلوم ہوگیا کہ صرف اسی صورت میں مرد کے لیے عورت کا لباس پہننا حرام ہے جب وہ سرے سے مردانہ کی حیثیت کھو بیٹھے۔ لیکن اگر تھوڑی سی دیر کے لیے ایسا کر لیا جائے تو اس میں کوئی حرج نہیں ہے اور ہم نے اپنے اس سابقہ فتویٰ سے رجوع عروۃ الوثقیٰ کے حاشیہ پر بھی درج کر دیا ہے۔ البتہ محرمات شرعیہ سے اجتناب بہر صورت ملحوظ رہنا چاہیے۔
۴۔ دف وغیرہ جو جلوسہائے عزا میں استعمال کیا جاتا ہے اگر اسے جلوس عزا میں بطور اعلان استعمال کیا جاتا ہے، جیسا عرب ہو سات سو میں ہوتا ہے اور اس کا مطلب لہو ولعب اور اظہار مسرت نہیں ہوتا جیسا کہ آج کل نجف اشرف میں ہوتا ہے تو یقیناً جائز ہے۔ واللہ اعلم ۵ ربیع الاول ۱۳۹۵ھ

فتاوائے علمائے کے ترجمہ کا مقدمہ

الحمد للہ رب العالمین۔ والصلوۃ والسلام علی محمد صلی اللہ علیہ والہ الطاہرین ولعنۃ اللہ علی اعدائھم اجمعین۔

تحریک اسلام کا آغاز سرور انبیاء کی قیادت سے ہوا۔ اور اس کی تکمیل نواسہ رسولؐ کی خون آلود قربانی سے ہوئی اور قیام امام مظلومؑ کی یاد بصورت عزاداری اسی وقت سے شیعیان امامؑ میں شروع ہو گئی۔

اور یہ سب کچھ سرور انبیاء کے اس ارشاد گرامی کے پیش نظر کہ حسین منی وانا من الحسین احب اللہ من احبہ حسینا۔ حسین سبط من الاسباط۔

(امالی مرتضیٰ ج اص ۲۱۹ فصول المہمہ مالکی ص ۱۷۰ مقتل خوارزمی ج اص ۶۶ کنزل العمال ج ۷ ص ۲۲۰)

حسین مجھ سے ہے میں حسین سے ہوں۔ جو حسین کو دوست سمجھے گا اللہ اسے دوست رکھے گا۔ حسین اولاد انبیاء اس سے فرزند نبی ہے۔

حضرت یعقوب کے پوتوں کو اسباط کہا جاتا ہے جنہیں ان کی شرافت اور نجات کی وجہ سے قرآن میں نے سلسلہ انبیاء میں شمار کیا ہے۔

امام مظلوم کے حق میں نبی اکرمؐ کا یہ جملہ کہ حسینؑ مجھ سے ہے اور میں حسینؑ سے ہوں۔ دینی معنوی ہم آہنگی کی جانب اشارہ ہے۔ اور اس وقت کے عرب محاورہ کے مطابق ہے۔ اس وقت جو بھی کسی کو اپنے عزیز ترین فرد کی اہمیت بنانا چاہتا تھا

تو یہی کہتا تھا کہ (فلان منی وانا منہ) یعنی وحدت، نصرت، اتحاد اور یگانگت میں ہم دونوں ایک نہیں اس کو اگر تفصیل سے کہتے تھے تو یوں کہا جاتا تھا اس کا گوشت میرا گوشت ہے۔ اس کا خون میرا خون ہے۔ اس کی موت میری موت ہے۔ اس کا بدلہ میرا بدلہ ہے۔ اس سے جنگ مجھ سے جنگ ہے۔ اس سے صلح مجھ سے صلح ہے وہ میرے خون کا مطالبہ کرے گا اور میں اس کے خون کا مطالبہ کروں گا۔

(یاد نامہ علامہ امینی مقالہ بجبودی)

جب سامراجی ایجنٹوں اور خود سامراجی دیکھتے ہیں کہ عزاداری عوام الناس کو ایک پلیٹ فارم پر لانے کا موثر ترین ذریعہ ہے۔ اور عزاداری کے ذریعہ شیعہ حقائق اسلام پیش کرتے ہیں۔ ظالم کا ظلم اور مظلوم کی مظلومیت کو واضح کرتے ہیں تو ان کے پاس عزاداری کو ختم کرنے کے سوا کوئی چارہ نہ رہا۔ چنانچہ انہوں نے کچھ ایسے افراد کو خریدا جو مراسم عزا۔ جلوس ہائے عزا۔ اور عزاداری کے خلاف تبلیغ کریں۔ اور عزاداری کے مقابلہ میں ایک مضبوط محاذ قائم کریں۔ اگرچہ یہ لوگ کلیتاً تو عزاداری کی مخالفت نہ کر سکے۔ لیکن پھر بھی انہوں نے کچھ سادہ لوح عوام کو مراسم عزا سے بدگمان ضرور کر دیا۔

لیکن یقین کیجئے یہ لوگ اپنے مقاصد میں کامیاب نہیں ہوں گے اور اپنی اس خواہش کو اپنے ساتھ قبر میں لے جائیں گے اور عزاداری کو ختم کرنے کی جو نقشہ کشی ان لوگوں نے کر رکھی ہے وہ کبھی پوری نہ ہو گی۔

بلکہ یوں کہنا چاہیئے کہ یہ لوگ اپنے آغاز ہی میں رسوائے عالم ہو گئے اور خود مٹ کر رہ گئے ہیں۔ دور اندیش علمائے حق نے ان کی اس لغزش کو تاڑ لیا ہے یا وہ لوگ جو روٹی کے چند ٹکڑوں کے عوض اپنی متاع دین فروخت کر چکے ہیں۔

اور آل محمد کے نام پر آل محمدؐ کے دستر خوان سے کھا کر انتہائی بے حیائی اور بے شرمی سے اہلبیتؑ کی مخالفت پر کمر باندھ چکے ہیں۔ ان کے ساتھ ہیں۔ لیکن انشاء اللہ ہر دور کی طرح اس دور میں بھی یہ لوگ ذلیل و رسوا ہوں گے۔ یہ لوگ اپنی عزت و آبرو کا سودا کر کے گنوا چکے ہیں۔ لیکن انشاء اللہ عزاداری کے خلاف نہ ایسے کبھی کوئی کچھ کر سکا ہے اور نہ آئندہ ان کی پیش چلے گی۔

اب ہم علمائے متاخرین اور علمائے معاصرین کے فتاوی پیش کرتے چلے ہیں۔ جو مراسم عزا کے سلسلہ میں دیئے گئے ہیں۔

ترجمۂ فتاوای مراجع تقلید شیعہ و علمای اعلام

آنچه را که آیت الله العظمی آقای سید عبد الهـــادی شیرازی (قدس سره) که بر فتوای آیت الله العظمی نائینی مرقوم فرمود ند :

بسمه تعالی

مطالبی را که فرموده اند در این ورقه صحیح است انشــاء الله تعالی (الاحقر سید عبد الهادی شیرازی)

آنچه را که پیشوای مجاهد آیت الله العظمی آقای سیـــد محسن حکیم طباطبائی رحمة الله علیه نوشته اند :

بنام خداوند بخشایشگر بخشنده ها

مطالبی را که استاد بزرگ ما (قدس سره) فرموده اند در نهایت متانت و در غایت آشکاری است بلکه آشکارتر از این است کـــه نیازی به فتوائی موافق داشته باشد ۰ و گمان میرود بعضی خورده گیری ها از وارد کردن برخی از کارها که منافی مقام عزای شـاه شهیدان و مظاهر اندوه بر حسین بن علی علیه السلام سرچشمه گرفته است ، آرزو دارم بلکه لازم است که مؤمنین کوشش کنند که عزای حسین علیه السلام خالی از اموریکه دستاویز مخالفین امام حسین علیه السلام شده باشد ، و لازم است مواظبت بیشتـــری بر گریه و اندوه و آنچه کمک به این شعائر مقدس میکند ۰ و مـــا توفیقی الاّ باللّه علیه توکّلت و الیه انیب ۲محرم الحرام ۱۳۶۷

محسن الطباطبائی الحکیـــم

ترجمہ فتاوائے مراجع تقلید شیعہ، علمائے اعلام

۵۔ آیۃ اللہ سید عبدالہادی شیرازی نے آیۃ اللہ العظمیٰ نائینی کے فتویٰ پر لکھا ہے۔

باسمہ تعالےٰ: آقائے نائینیؒ نے جن امور کا تذکرہ فرمایا ہے۔ انشاءاللہ درست ہیں۔

(احقر سید عبدالہادی شیرازی)

۶۔ آیۃ اللہ العظمیٰ آقائے السید محسن حکیمؒ نے آیۃ اللہ العظمیٰ نائینی کے فتویٰ پر لکھا ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم:۔ جو مطالب استاد مرحوم نے تحریر فرماتے ہیں۔ انتہائی واضح اور غیر مبہم ہیں۔ حتیٰ کہ ان امور کے لیے مزید کسی فتویٰ کی ضرورت بھی نہیں ہے۔ جہاں تک میں سمجھتا ہوں کہ بعض ایسے امور جو عزاداری میں شامل کئے گئے ہیں۔ لیکن عزاداری کے منافی ہیں ان سے عزاداری کو پاک کرنا چاہیئے مومنین سے درخواست ہے کہ عزائے مظلوم کربلا کو ان امور سے پاک کیا جائے جو مخالفین

نظریهٔ حضرت آیت الله العظمی آقای حاج سید ابو القاسم الموسوی الخوئی دام ظله العالی

بسم الله الرحمن الرحیم

آنچه را استاد ما در پاسخ پرسشهای اهالی بصره فرموده اند صحیح است ۰ و جایز است عمل بر طبق آن ، و از خدا میخواهیم که جمیع برادران مؤمنین ما را برای تعظیم شعائر دینی و دوری از محرمات توفیق مرحمت فرماید ۰

الاحقر ابو القاسم الموسوی الخوئی

نص آنچه را که آیت الله العظمی آقای حاج سید محمود حسینی شاهرودی رحمة الله علیه فرموده اند :

بسم الله الرحمن الرحیم

فرمایش و نوشتهٔ استاد علامهٔ ما (قدس سره) در پاسخ از پرسشهای مندرج در این مجموعه (و رساله) حق و محقق است نزد ما و از خداوند میخواهیم که ما و تمام مسلمین را برای بپاداشتن شعائر مذهب امامیه توفیق دهد و امید است از جوانان شیعه و طبقهٔ فعال که خداوند بآنان توفیق بدهد در این گونه شعائر دینی از محرماتیکه بیشتر سبب نابودی این شعائر شود پاك ساخته و منزه کنند ۰ توفیق از خدای تواناست

۳۰ ذی حجة الحرام سنه ۱۳۶۶ هجری سید محمود حسینی شاهرودی

مکتب امام مظلوم سے متعین ہیں۔ زیادہ سے زیادہ نواسہ رسولؐ پر گریہ کیا جانے اور ایسے مراسم عزا ادا کیے جائیں جو گریہ میں ممد و معاون ثابت ہوں۔

۲ محرم الحرام ۱۳۶۷ھ (محسن طباطبائی الحکیم)

۷۔ حضرت آیت اللہ العظمیٰ حاج سید ابوالقاسم الموسوی الخوئی تحریر فرماتے ہیں:

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ استاد محترم نے اہالیان بصرہ کے سوالات کے جوابات میں جو کچھ تحریر فرمایا ہے۔ صحیح ہے اس کے مطابق عمل کیا جائے۔ دعا ہے خداوند عالم ہمیں اور تمام مومنین کو عزاداری مظلوم کربلا کی زیادہ سے زیادہ توفیق عنایت فرمائے مراسم عزا کا احترام بخشے اور محرمات سے اجتناب کی توفیق دے

(احقر ابوالقاسم مولوی خوئی)

۸ آیت اللہ العظمیٰ آقائے حاج سید محمود حسین شاہرودی رحمۃ اللہ فرماتے ہیں:

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ زیر نظر رسالہ میں استاد محترم کے ارشادات گرامی جو سوالات کے جوابات ہیں حق محقق ہیں۔ دعا ہے۔ خداوند عالم تمام امت مسلمہ کو مذہب امامیہ میں رائج مراسم عزا بجا کرنے کی توفیق سے نوازے ساتھ ہی جملہ مومنین سے بالعموم اور جوانوں سے بالخصوص جو مراسم عزا میں پیش پیش رہتے ہیں سے درخواست ہے کہ مراسم عزا کو ان محرمات سے منزہ رکھیں جو ان

آنچه را که آیت الله آقای شیخ محمد حسن مظفر در پاسخ پرسش مرحوم آیت الله نائینی نوشته اند:

بسم الله و له الحمد

آنچه را که آیت الله نائینی (قدس سره) مرقوم فرموده اند صحیح است و اشکالی در آن نیست و پروردگار توفیق دهنده است.

محمد حسن ابن شیخ محمد مظفر

آنچه را در جواب آیت الله آقای آشیخ محمد کاظم شیرازی مرقوم فرموده اند:

بسم الله الرحمن الرحیم

فتوای ایشان (آیت الله نائینی رضوان الله تعالی علیه) صحیح است.

الاحقر محمد کاظم شیرازی

آنچه را که حضرت آیت الله العظمی سید جمال الدین موسوی گلپایگانی در جواب فرموده اند:

آنچه را که شیخ و استاد ما آیت الله نائینی در این ورقه مرقوم فرموده اند صحیح است و مطابق با رأی اینجانب میباشد.

الاحقر جمال الدین الموسوی الگلپایگانی

آنچه را که آیت الله مصلح آقای شیخ محمد حسین آل کاشف الغطا نوشته اند:

آنچه را که حضرت آیت الله نائینی اعلی الله مقامه از فتوا ذکر فرموده اند صحیح است انشاء الله

محمد حسین آل کاشف الغطاء

خاتمہ کا سبب بن سکتے ہیں ۔ ۳۰ ذی الحجہ ۱۳۶۶ھ سید محمود حسینی شاہرودی

۹ ۔ آیۃ اللہ شیخ محمد حسین مظفر تحریر فرماتے ہیں :

بسم اللہ الرحمن الرحیم ۔ جو کچھ آیۃ اللہ نائینی نے تحریر فرمایا بلا شک و شبہ درست ہے ۔ خداوند عالم ہی موفق ہے ۔

محمد حسن ابن شیخ محمد مظفر

۱۰ ۔ آیۃ اللہ شیخ محمد کاظم شیرازی فرماتے ہیں :

بسم اللہ الرحمن الرحیم ۔ آیۃ اللہ نائینی نے جو کچھ تحریر فرمایا ہے ۔ درست ہے ۔

(احقر محمد کاظم شیرازی)

۱۱ ۔ آیۃ اللہ العظمیٰ سید جمال الدین موسوی گلپایگانی فرماتے ہیں :

بسم اللہ الرحمن الرحیم

جو کچھ آیت اللہ نائینی نے اپنے فتویٰ میں تحریر فرمایا ہے ۔ حرف بحرف درست اور ہمارے فتویٰ کے مطابق ہے ۔

(احقر جمال الدین موسوی گلپایگانی)

۱۲ ۔ آیۃ اللہ مصلح شیخ محمد حسین آل کاشف الغطاء فرماتے ہیں :

بسم اللہ الرحمن الرحیم

آنچه‌را که حضرت آیت الله‌سید حسین موسوی حمامی در جواب مرقوم فرموده اند :

آنچه را که استاد ما (قدس سره) فتوا داده‌اند شرعاً صحیح است انشاء الله تعالی .

الأحقر حسین الموسوی الحمامی

اینك سؤال دیگری که در بارهٔ شعائر حسینی از عده‌ای از مراجع و فقهاء مطرح میشود و توجه شمارا به متن سؤال جلب می نمائیم :

نظر حضرات آیات عظام در بارهٔ شعائر حسینی (ع) برای یاد بود و زنده‌کردن شعائر حسینی مانند سینه زدن و زنجیر زدن ، قمه زدن ، طبل زدن ، و وارد در آتش شدن که در بسیاری از کشورهای دنیا از آسیا و آفریقا ، مرسوم است و دیگر شعائر حسینی چیست ؟ امیدواریم که بذل لطف فرموده‌ونظریه خود را بطور تفصیل بیان فرمائید و تقدیر و بزرگداشت ما را نسبت بآن جناب بپذیرید .

علمای بزرگ همگان در پاسخ این پرسش یك نحوه مرقوم فرموده اند که چکیدهٔ آن رجحان بلکه لزوم شعائر حسینی می‌باشد ، و ما اکنون عین عبارات ایشان را درج میکنیم :

جواب حضرت آیت الله سیدعبد الله شیرازی دام ظله :

در شعائر حسینی که در سؤال مذکور شده هیچ اشکالی وجود ندارد فقط پوشیدن مرد لباس مخصوص زن را در نظر

من در شبیه اشکال دارد ، اما غیر از این موضوع تمامی افعال دیگر حتی قمه زنی جایز است پس اگر به سبب این افعال علم به از بین رفتن خود پیدا نکند جایز بلکه رجحان دارد وسزاوار است برپا کنندگان این مراسم برخی از کارهائی که لایق ایـــن شعائر نیست در آنها داخل نکنند ۰

۱۲ صفر الخیر ۱۳۸۴ هجری قمری عبد الله بن سید محمد طاهر الشیرازی ـ الخاتم المبارک

جواب حضرت آیت الله العظمی السید عبد الاعلـــــی سبزواری :

بسمه تعالی

از اهم وسائل نجات و نیرومند ترین اسباب توسل اقامـــهٔ شعائر حسینی و تعظیم آنها و اقامهٔ آنهاست زیرا این گونـــه اعمال شعائر پروردگار بزرگ است

عبدالاعلی موسوی
الخاتم المبارک

پاسخ حضرت آیت الله آقای حاج سید محمد جواد طباطبائی تبریزی

بسم الله الرحمن الرحیم

تکرار این گونه مسائل و سؤالات در این زمان واضح و روشن است که دشمنان اسلام متوجه شده اند که مراسم سوگواری برای حسین بن علی علیه السلام به هر نحوه که باشد در حفظ وعظمت اسلام تأثیر زیادی دارد ، و به همین سبب کمین گرفته اند ولی نمیتوانند که این دعوت بزرگ دینی را از میان مردم بردارند و

فروغ جاودانهٔ شعائر حسینی را خاموش کنند بر آن بر آمده اند که اشکالات بیهوده و خلاف حقیقت را در بین مردم رواج دهند ولی از حقیقت حظی و بهره ای برای آنان نخواهد بود ، قبل از ما از مشایخ بزرگ و مراجع مسلمین در این زمینه سؤالاتـــی شده و آنان با فتاوی آشکارای خود به جواز بودن این گونه امور حکم کرده اند که کرارا چاپ ومنتشر شده است وبازگو کنندهٔ این حقایق است که شعائر حسینی را باید عظمت داد ومن هـــم آنان را تأیید میکنم و با آنان در این امور موافق میباشم و میگویم وارد شدن در آتش که ایمن باشد برای انسان از ضررش جایز میباشد باید بگفته های عده ای از بی خردان که بر خـــلاف نظریات مراجع و اساطین فقه سخن می گویند توجه بآن نداشت و گفته های آنان را بدیوار کوبید ، خداوند بحق محمد وآلش همه را به اعمال شایسته موفق و مؤید بدارد ۰

محمد جواد طباطبائی تبریزی

پاسخ حضرت آیت الله آقای شیخ محمد رضا طبسی نجفی

بنام خدا

قال الله تعالی : ومن یعظم شعائر الله فانها من تقـــوی القلوب بله ظاهر جواز ها بلکه استحباب ها لزوم اقامه شعائـــر امام حسین (ع) است این اسباب از امور گریه کردن و گریاندن و خود را بگریه واداشتن که تمامی این اعمال از شعائر مذهبـــی بشمار می آید بس روشن است که اصل حلیت و ادله قوت که

ثوابهائیکه برای گریه و گریه کردن میباشد مؤید جواز بپا داشتن شعائر حسینی (ع) میباشد .

در برابر این نظر قول ضعیفی مخالف میباشد که دلیل نهائی آن حدیث لا ضرر است که راوی وی سمرة ابن جندب می باشد او شخص ملحد و کافر و از سر سپردگان خاندان کثیف بنی امیه میباشد ، و او از طرفداران عبد الله بن زیاد است که مردم را ترغیب کرد جنگ با امام حسین(ع) و سمرة از آن افرادی می باشد که شش نفر بودند در بصره هشت هزار نفر شیعه را بقتل رسانیدند .

تفصیل این مسئله را در منشوریکه شیخ بزرگ علامه آیة الله نائینی اعلی الله مقامه الشریف در پاسخ سؤالات مردم بصره مرقوم داشته اند و بسیاری از شاگردانش وعده ای از بزرگان زمان و معاصرینشان در این مسأله همراهی و موافقت نموده‌اند ملاحظه نمائید .

. خداوند ما و شمارا برای خدمت به دین و نشر آثار سید مرسلین و أئمهٔ اطهار علیهم السّلام موفّق بدارد .

محمّد رضا طبسی نجفی ــ ۱۷ ربیع المولود ۱۳۸۴

جو فتویٰ حضرت آیت اللہ نائینی نے دیا ہے درست ہے ۔
محمد حسین آل کاشف الغطاء

۱۳ ۔ آیت اللہ حسین موسوی حمامی فرماتے ہیں؛

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

جو فتویٰ استاد مرحوم نے دیا ہے صحیح ہے ۔
(احقر حسین موسوی حمامی)

ایک اور فتوےٰ

مراسم عزا کے سلسلہ میں ایک اور سوال جو متعدد فقہاء اور مراجع تقلید سے کیا گیا ہے ۔ سوال مع جوابات ملاحظہ فرمائیے ۔

علمائے کرام کی نظر میں ۔ سینہ زنی ، زنجیر زنی ۔ اور طبل زنی جیسے مراسم عزاداری امام مظلوم میں کیسے ہیں ۔ اسی طرح ایشیا اور افریقا کے بعض علاقہ جات میں آگ پر ماتم کرنا بھی عزاداری کے مراسم میں شامل ہے ۔ اس کی شرعاً کیا حیثیت ہے ہمیں امید ہے ۔ جناب والا تفصیل سے اپنا نظریہ بیان فرمائیں گے

چند علمائے اعلام نے اس سوال کے جواب میں جو کچھ تحریر فرمایا ہے ۔ اس ، کا خلاصہ یہ ہے کہ یہ مراسم عزا نہ صرف جائز ہیں بلکہ لازمی ہیں ۔ اب ہم اصل عبارات پیش کر رہے ہیں ۔

مذکورہ سوال میں جن امور کا ذکر کیا گیا ہے ۔ شرعاً ان میں کوئی حرج نہیں ہے میری نظر میں مرد کو عورت کا لباس پہنانا ۔

درست نہیں ہے۔ علاوہ ازیں جو بھی مراسم عزا حتیٰ کہ۔ طبل زنی۔ بھی جائز ہے۔ اگر ان امور میں زنجیر زن کی موت کا یقین نہ ہو تو نہ صرف جائز ہیں۔ بلکہ انتہائی ضروری ہیں البتہ جو امور عزاداری کے شایان شان نہیں ہیں ان سے اجتناب ضروری ہے۔

۱۳ صفر ۱۳۸۴ھ عبد اللہ ابن سید محمد طاہر شیرازی

۱۵۔ آیت اللہ العظمیٰ سید عبد الاعلیٰ سبزواری کا جواب:

بسمہ تعالیٰ

نجات کے اہم ترین ذرائع اور اسباب توسل میں سے مراسم عزا کی ترویج ان کی تعظیم اور دوام ہے کیونکہ مراسم عزا شعائر اللہ سے ہیں۔

(عبد الاعلیٰ موسوی)

۱۶۔ آیت اللہ سید حاج محمد جواد طباطبائی تبریزی کا جواب:

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اس قسم کے مسائل اور سوالات کا تکرار روز بروز بڑھتا جا رہا ہے۔ وجہ واضح ہے کہ جب دشمنان اسلام نے دیکھا کہ عزاداری مظلوم کربلا جس طرح بھی بپا کی جائے تحفظ اسلام اور سوالی افکار کے لیے موثر ترین ذریعہ ہے تو انہوں نے عزاداری کے خلاف مورچہ بندی کر لی ہے۔ لیکن اس عظیم وسیلہ کو لوگوں کے دلوں سے مٹانا ان کے بس سے باہر ہے۔ اور عزاداری کی اس روشن شمع کو بجھانا ان کی طاقت سے باہر ہے۔ البتہ انہوں نے بیہودہ اور لغو قسم کے خلاف حقیقت اعتراضات کا بیج بونا شروع کر دیا ہے۔ لیکن یہ ایسے سوالات ہیں جن کی

کوئی بنیاد نہیں ہے۔ ہم سے پہلے بھی ہمارے بزرگ علماء سے اس قسم کے سوالات کیے گئے ہیں اور انہوں نے غیر مبہم اور واضح الفاظ سے مذکورہ مراسم عزا کے جواز کا فتویٰ دیا ہے۔ جو شائع ہو کر ہر ایک کے پاس پہنچ چکے ہیں۔ ان کے فتاویٰ کا خلاصہ یہ ہے کہ مراسم عزا کی امکانی حد تک تعظیم کی جانے میں بھی اس سلسلہ ان سے کلیتہً متفق ہوں۔ اگر آگ میں جانے سے زندگی کو خطرہ نہ ہو تو اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔ چند احمق اور عقل سے تہی افراد جو مراجع عظام اور شیاطین مذہب علماء کے خلاف یاوہ گوئی کر رہے ہیں ان کی کسی بات پر دھیان نہ دیا جائے اور ان کی ہر بات کو دیوار پر مارا جائے۔ دعا ہے خداوند قدوس بحق محمد و آل محمد ہم تمام کو اعمال خیر کی توفیق عنایت فرماتے۔

محمد جواد طباطبائی تبریزی

۱۷۔ آیت اللہ شیخ محمد رضا طبسی نجفی کا جواب:

بنام خدا۔ ارشاد قدرت ہے۔ شعائر اللہ کی تعظیم تقویٰ کے دل کی علامت ہے ہاں تمام مراسم عزا نہ صرف جائز بلکہ مستحب اور لازم ہیں۔ یہ تمام مراسم رونے اور رلانے کا ذریعہ ہیں۔ تمام مراسم عزا مذہبی شعائر ہیں۔ لہٰذا واضح سی بات ہے کہ ان مراسم عزا کی اصل حلیت اور جواز ہے۔ اور تمام وہ دلائل جو رونے اور رلانے کے ثواب ہو کی دلیل ہیں ان مراسم عزائے جواز کو اقوی ثابت کرتے ہیں۔

ان تمام اقوال کے مقابلہ میں جو ضعیف تر قول پیش کیا جاتا ہے وہ سمرہ ابن جندب کی نقل کردہ حدیث ہے۔ جس میں لاضرر ولاضرار فی الاسلام سے استدلال کیا جاتا ہے۔ جب کہ سمرہ ان راویوں میں سے ایک ہے۔ جو

جو بنی امیہ کے دستر خواں سے بچے ہوئے ٹکڑوں پر پلنے والے تھے۔ یہ شخص دشمن اہلبیت ہے۔ عبداللہ ابن زیاد کے ہمنواؤں سے ہے۔ یہ وہ شخص ہے جس نے لوگوں کو جنگ امام مظلوم پر آمادہ کیا تھا اور یہ شخص ان چھ افراد میں سے ایک ہے جنہوں نے بصرہ کے آٹھ ہزار افراد کو صرف اس لیے تہ تیغ کر دیا کہ وہ شیعیان علی تھے۔

اس مسئلہ کی مزید تفصیل اس فتویٰ میں دیکھی جا سکتی ہے جو آیۃ اللہ علامہ نائینی نے اہالیان بصرہ کے سوالات کے جواب میں دیا ہے اور آپ کے تمام شاگردوں اور معاصر علماء نے اس فتویٰ میں ان کی تائید فرمائی ہے۔

خداوند عالم ہمیں اور آپ کو ترویج مسلک اہلبیت پیغمبر کی توفیق سے نوازے۔

محمد رضا طبسی نجفی ۱۷ ربیع الاول ۱۳۸۷ھ

مراسم عزا کے سلسلہ میں چند سوالات آیت اللہ العظمیٰ السید محمود شاہرودی قدس سرہ سے کیے گئے ہیں ان کے جواب ملاحظہ فرمائیے۔

۱۸۔ سوال از آیۃ اللہ السید محمود شاہرودی قدس سرہ:

جناب والا کی نظر میں وہ مراسم عزا جو شیعیان پاکستان میں ادا کیے جاتے ہیں۔ مثلاً زنجیر زنی طبل زنی، سیاہ لباس پہننا۔ اور آگ پر ماتم کرنا وغیرہ جیسے مراسم جو شیعہ میں بطور علامت معمولی اور متعارف ہیں ان کی کیا حیثیت ہے؟

جواب:

اگر زنجیر زنی میں اتنی مہارت ہو کہ باعث ہلاکت و موت نہ بنے تو جائز ہے۔ سیاہ لباس پہننا حرام نہیں ہے زیادہ سے زیادہ یہی کہا جا سکتا ہے

سؤال : حضرت حجة الاسلام و المسلمين آية الله السيد محمود الشاهرودى

حضرت آية الله نظر مبارك شما در بارهٔ بپا داشتن عزا — دارى كه ميان شيعيان باكستان از زدن زنجير، قمه، و لباس سياه ببرداشتن و در آتش داخل شدن در ايام عزادارى عاشوراى حسينى (ع) و (اهلبيت عليهم السلام) و آنچه نزد شيعيان به نحو شعار آمده است معمول و متعارف است در اين چه جهت ميباشد ·

جواب :

اگر شخص در زنجير زنى و قمه زنى آشنائى كامل داشته باشد طوريكه سبب هلاكت او نباشد و قواى بدنى خود را از دست ندهد و باين طريق كار حرامى را مرتكب نباشد جايز است، و لباس سياه پوشيدن حرام نمى باشد و آخر درجه پوشيدن لباس سياه مكروه است و اما رفتن در آتش زمانى مانع ندارد كه در حد خود و مستلزم حرامى نباشد ·

محمود الحسينى الشاهرودى — الخاتم المبارك

جواب آيت الله آقاى سيد على طباطبائى تبريزى

بله آنچه نزد مردم مسلمان معمول بوده و ميباشد براى آشكار نمودن اندوه و حزن به حضرت حسين(ع) متعارف گشته جايز بوده و رواياتى كه نهى در آن باشد به اين عنوان از شارع مقدس نيامده است ·

سيد على طباطبائى

کرمکروہ ہے، جہاں تک آگ پر ماتم کرنے کا تعلق ہے تو قطعاً جائز ہے۔

محمود حسین شاہرودی

۱۹۔ سید آیۃ اللہ سید علی طباطبائی تبریزی کا جواب :

ہاں! غم و اندوہ کے اظہار کے لیے جو مراسم عزائے امام حسینؑ معمول و متعارف ہیں جائز ہیں۔ جن روایات میں نوحہ خوانی سے منع کیا گیا ہے اُن کا عنوان ان مراسم عزا سے قطعی مختلف ہے۔ لہٰذا وہ ان مراسم عزا کی دلیل حرمت نہیں بنتیں۔

سید علی طباطبائیؒ

۲۰۔ آیۃ اللہ شیخ عبد الرسول صاحب جواہر کا جواب :

امام حسینؑ کی عزاداری میں جو کچھ کیا جاتا ہے اور ہر وہ کام جو رونے اور رلانے کا سبب بنتا ہے۔ شرعاً راجح اور جائز ہے بشرطیکہ سبب موت نہ بنے کیا امام حسینؑ نے اپنی پھوپھی جناب ام ہانی کو اپنی اور اپنے اہلبیت کی مثل مدینے بذریعہ اعجاز نہ دکھائی تھی؟

واضح سی بات ہے کہ اسی کا حکم اس کی نظیر سے لیا جاتا ہے۔ ذات احدیت سے دعا ہے کہ خداوند عالم عزاداروں اور عزاداری کرنے والوں کو اجر جمیل عطا فرمائے البتہ عزاداروں کو ضروری ہے کہ نماز کو اس طرح اہمیت دیں جس طرح سید الشہداؑ نے یوم عاشور فوج یزید سے نماز پڑھنے کی مہلت مانگی تھی۔ اور آپ نے اس قیامت خیز عالم میں بھی نماز ادا کی تھی۔ جب کہ دائیں بائیں ہر طرف سے تیروں کی بارش تھی۔ اور آپ کے کچھ اصحاب اسی دوران شہید بھی ہو گئے تھے۔

(۱۸ صفر ۱۳۸۴ھ عبد الرسول آل صاحب جواہر السلام)

ایۃ اللہ سید مرتضیٰ فیروزآبادی کا جواب۔

۱۶ صفر ۱۳۸۴ھ کو آپ کا خط موصول ہوا جس میں مراسم عزا مثلاً سینہ زنی۔ طبل زنی زنجیر زنی اور آگ پر ماتم جو ایشیا اور افریقہ میں رائج ہے وغیرہ کے متعلق سوال کیا گیا ہے۔ ساتھ تفصیل کا مطالبہ بھی کیا گیا ہے۔ توجہ فرمایئے جواب پیش خدمت ہے۔

چہرہ پہ طمانچے اور سینہ زنی۔ حسان ابن سدیر کے بھائی خالد ابن سدیر نے امام صادقؑ سے روایت کی ہے جو کہ مسائل الشیعہ کے باب ایلاء میں موجود ہے اس روایت کے اختتام پر امام معصوم فرماتے ہیں۔

(عزاداری حسین مظلومؑ میں ہماری مخدرات عفت بنات فاطمہؑ نے کربلا میں منہ پر طمانچے بھی مارے اور سینہ زنی بھی کی۔ ایسی مصیبت سے بھی اس قابل کہ اس میں سینہ زنی کی جائے۔

اس روایت کی تائید زیارت ناحیہ میں حضرت حجت عجؑ کے اس جملہ سے بھی ہوتی ہے۔ جس میں آپ نے فرمایا ہے۔

جب ہاشمی مستورات نے یوم عاشور آپ کے ذوالجناح کی زین کو خالی دیکھا تو خیام کی اندرونی چار دیواری سے باہر آگئیں جب کہ تمام کے بال کھلے تھے اور رخساروں پر طمانچے مار رہی تھیں۔

صاحب جواہر نے جواہر میں لکھا ہے کہ میدان کربلا میں ہاشمی مستورات کا یہ عمل حد تواتر تک پہنچا ہوا ہے۔ بنا بریں سینہ زنی اور رخساروں پر طمانچے لگانا دو حیثیات سے جائز ہو سکتا ہے۔

۱۔ گریبان چاک کرنا اور طمانچے مارنا غم کی علامات سے ہیں بلکہ اظہار غم کے قطعی مظاہر سے ہیں۔ مگر میت پر مذکورہ صورت میں اظہار غم کرنا۔

حرام یا مکروہ ہے لیکن عزائے مظلوم کربلا میں یہ ایک استثنائی صورت اور الگ حکم ہے۔ کیونکہ معاویہ ابن وہب کی امام صادق سے روایت حسنہ جو وسائل الشیعہ کے باب ۱۸۷ میں امام حسین پر گریہ مستحبات میں ہے۔ اور دوسری روایت باب مزار میں سے روایت یوں ہے۔

(مذکورہ صورت میں) ہر گریہ وزاری مکروہ ہے لیکن امام حسین پر گریہ وزاری مکروہ نہیں ہے۔

۲۔ سینہ زنی وغیرہ جیسے مراسم عزا صدیوں سے شیعیان اہلبیت میں رائج ہیں۔ اوران پر متواتر عمل ہو رہا ہے۔ تمام محقق وغیر محقق علمائے شیعہ نے ان تمام مراسم عزا کو جائز قرار دیا ہے۔ نہ تو سابقاً یہ سنا گیا ہے اور نہ ہی آئندہ یہ سنا جائے گا کہ علمائے شیعہ میں سے کسی نے ان مراسم عزا کو ناجائز قرار دیا ہو۔

بطور فرض اگر ان مراسم عزا میں کسی کو اشتباہ ہوا ہو۔ یا اپنی کج بحثی اور عقیدہ میں کج روی کی وجہ سے کسی نے مراسم عزا کی مخالفت کی بھی ہو تو ان کی مقدار اتنی کم ہے کہ اسے نہ ہونے کے برابر کہا جا سکتا ہے۔ اور ایسی تعداد یا ایسے افراد کسی اہمیت کے حامل نہیں ہوتے۔

(خلاصہ یہ ہے کہ کسی بھی میں جو شخص بھی مراسم عزا کے جواز اور استحباب کے خلاف جو شخص بھی کوئی بحث کرے) یا تو وہ عقل سے تہی دامن ہے۔ یا وہ دین سے کوتاہ دست ہے اور یا اس کا نسب مخدوش ہے۔ خداوند عالم حقائق الامور سے بہتر آگاہ ہے اس وقت تک جو عرض کیا جا چکا ہے اس کا حصل یہ ہے کہ عزائے مظلوم کربلا میں زنجیر زنی اور رقم کی زاری اس سلسلہ کے دیگر احکام شرعیہ سے جداگانہ حکم حاصل ہے۔ جس کے نہ تو جواز میں شک ہے اور نہ استحباب میں۔

جہاں تک بلیڈ۔ چاقو۔ یا تلوار زنی کا تعلق ہے تو اس کا جواز مشروط ہے

یعنی اگر موت کا خوف نہ ہو تو حتماً جائز ہے۔ اس سلسلہ میں جناب مسافرہ شام کا وہ عمل متواترات سے ہے جس میں بی بی نے اپنی پیشانی چوب خیمہ پر مار کر پیشانی کو زخمی کیا تھا اور اس سے خون بہہ نکلا تھا۔ بی بی کا یہ عمل جس میں جبین مبین سے خون نکل آیا تھا عزاداری میں اخراج خون کے جواز کی واضح دلیل ہے۔

مذکورہ شرائط کے ساتھ بلیڈ۔ چاقو اور تلوار زنی وغیرہ کی حرمت کا فتویٰ بلا دلیل ہے۔ مگر زیادہ سے زیادہ یہی کہا جا سکتا ہے کہ جواز مشکوک ہے اور اس صورت میں اصل حلیت حاکم ہو گی۔ جہاں تک اس دلیل کا تعلق ہے کہ اس عمل میں نفس کو ہلاکت میں ڈالنے کا شائبہ ہے جو حرام ہے تو یہ قطعاً غیر متعلق اور باطل ہے۔ ہم نے اسی لیے یہ شرط لگائی ہے کہ بلا ضرور یہ عمل انجام دیا جائے۔

علاوہ ازیں اتنی مقدار میں خون کا بہا لینا جس سے چہرہ اور سر رنگین ہو جائیں تو بھی اس کا باعث ثواب ہونا بعید نظر نہیں آتا۔ بلکہ مراسم عزا کی ایک قسم ہی ہے۔

گذشتہ مسائل میں اگر کوئی شخص اتنی سی بات پر بھی اعتراض کرتا ہے۔ تو یقیناً وہ اہل حرص سے ہے اور اس کا دل مریض ہے۔ دعا ہے خداوند عالم ایسے افراد کے مرض میں اضافہ فرمائے۔

جہاں تک شبیہ خوانی کا تعلق ہے تو یہ بھی مصائب آل محمدؑ کی یاد تازہ کرنے اور مظلوم کربلا پر گریہ کے اسباب میں سے ایک ذریعہ ہے جو یقیناً تقرب ایزدی اور باعث اجر و ثواب ہو گا۔

دعا ہے خداوند عالم ایسے اعمال کرنے والوں پر نزول رحمت فرمانے اور دنیا و آخرت کی اجر سے نوازے۔

رہی طبل زنی تو یہ بھی جائز ہے۔ کیونکہ جس انداز اور جس ارادہ سے مراسم

مراسم عزا میں طبل زنی ہوتی ہے وہ اس طبل زنی سے قطعاً مختلف ہوتی ہے جو لہو ولعب میں کی جاتی ہے۔ وہ یقیناً حرام ہے۔ سابقہ جنگوں میں بھی طبل زنی ہوتی تھی۔

خلاصہ یہ ہے کہ جلوسوں وغیرہ میں جو طبل زنی بطور مراسم عزا رائج ہے لہو و لعب سے نہیں ہے لہذا حرام نہیں ہے۔

جہاں تک اگر ہر ماتم کا تعلق ہے تو یہ بھی جائز ہے اور اس کے جواز کی دلیل یہ ہے کہ اس حرمت پر کوئی دلیل نہیں ہے۔ لہذا اسے بدعت یا تشریح کہنا غلط ہے۔

۱۸ صفر ۱۳۸۴ھ سید مرتضیٰ فیروزآبادی

۴۱۔ آیۃ اللہ شیخ محمد باقر آشتیانی کا جواب:

اللہ نے مجاہدین کو گھر بیٹھنے والوں کی ہر فضیلت اور اجر عظیم عنایت فرمایا ہے۔ اللہ رب العالمین کی حمد ہے۔ خاتم الانبیاء اور سید المرسلین محمد اور اس کی اہلبیتؑ پر بالعموم او بالخصوص ان کے اہل غم۔ خلیفہ امیر المومنین علی ابن ابی طالب پر اللہ کی رحمت کا نزول ہو۔

اما بعد مجالس عزا برائے سید الشہداء اس کے اہلبیتؑ اور انصار پر اللہ کی رحمتیں ہوں روح کائنات ان پر نثار ہو کے سلسلہ میں استاد الاساتذہ شیخ الفقہاء المتاخرین مرحوم آیۃ اللہ نائینی رضوان اللہ علیہ کے فتویٰ کی طرف رجوع کرنا چاہیئے۔ اکثر معاصرین علماء نے ان کے فتویٰ کی تائید و تصدیق فرمائی ہے۔ کیوں کہ زیر نظر مسئلہ بھی دیگر مسائل شرعیہ کی مانند ہے اور غیر مجتہد کو جامع الشرائط مجتہد کے حکم کے مطابق عمل کرنا چاہیئے۔ دعا ہے خدائے قدوس توفیق عنایت

سؤال از حضرت آیة الله مجاهد حاج سید محمد حسینی شیرازی دام ظله العالی

نظر مبارك حضرتعالی در شعائر حسینی (ع) چه میباشد آیا بنظر شما این شعائر جائز است یا واجب ؟

وآیا اگر این گونه شعائر سبب ضرر و مسخره عده ای ازمردم باشد آیا جائی برای رجحان و جواز باقی هست یا نه ؟ لطفا عنایت فرمائید نظر مبارك را ۰

بغداد ۵/ ۷/ ۶۵ (عباس هادی)

بسم الله الرحمن الرحيم

جواب : شعائر حسینی(ع) به هر نحو که باشد جائز و راجح و سبب اجر وثواب خواهد بود انشاء الله تعالی مگر آن چیزیکه باعث قتل نفس و نابود شدن بعضی از اعضاء بدن بشود که هر دوی آن در شریعت اسلام حرام میباشد و نیز ضرر کمی که بقتل و نابودی منجر نگردد سبب دگرگونی حکم شامل در

بارهٔ شعائر حسینی نمی باشد و مسخره از احکام شرعیه مانع نمیشود

کربلاء المقدسه : محمد بن المهدی الحسینی الشیرازی

محمد بن المهدی الحسینی الشیرازی

آنچه را که استاد بزرگ مرحوم آیت الله نائینی طاب ثراه مرقوم داشته‌اند حق بوده شکی در آن نیست جز شکاکان کسی از آن شك نمیکند .

و انا الأحقر الجانی علی مدد قاینی .

جمعی از معاصرین متأخّر که فتوی داده اند .

۱ ــ آیة الله آقای آشیخ عبد الکریم یزدی مقیم قم مشرفه و مدفون در آن (قم)

۲ ــ آیت الله آقا میرزا علی آقای شیرازی و آقای آقا سید محمّد فیروز آبادی .

۳ ــ آیت الله حاج شیخ محمد حسین اصفهانی .

۴ ــ آیت الله آقای حاج آقا حسین قمی طباطبائی .

۵ ــ آیة الله آقا شیخ محمد جواد بلاغی (۱)

فرمائے۔ اللہ کے تمام عباد صالحین پر رحمت کا نزول ہو۔

محمد باقر آشتیانی ۲۵ ذی الحجہ ۱۳۹۷ھ

۲٦ آیت اللہ سید محمد حسینی شیرازی کا جواب :

سوال، مراسم عزا کے سلسلہ میں آپ کا کیا نظریہ ہے کیا یہ جائز ہیں۔ واجب ہیں ؛ مراسم عزا جو بعض اوقات بعض لوگوں کے لیے مذاق بن جاتے ہیں اور باعث ضرر ثابت ہوتے ہیں کیا ان کا جواز یا استحباب باقی رہ جاتا ہے۔ یا نہ براہ نوازش اپنی رائے سے مطلع فرمائیں۔

بغداد ۵ / ۷ / ٦۵ عباس ہادی

جواب :

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مراسم عزا جیسے بھی ہوں جائز اور موجب ثواب ہیں۔ انشاء اللہ! ہاں ایسے ذرائع جن سے انسان کی جان یا کوئی عضو تلف ہو جائے شرعاً ناجائز ہیں معمولی سی ایسا نقصان جو مثل یا اتلاف کا موجب نہ ہے مراسم عزا میں جواز کے نہیں ہوگا۔ جہاں تک احکام شرعیہ کے مقام مذاق کا تعلق ہے یہ چیز ان کے جواز میں حارج نہیں ہوگی۔

کربلائے مقدسہ

محمد ابن مہدی حسینی شیرازی

۳۳۔ جواب آیۃ اللہ علی مدد نائینی :

جو کچھ استاد مرحوم آیۃ اللہ نائینی نے لکھا ہے بلا شک حق ہے اور

شکی مزاج کے سوا ان میں کوئی بھی شک نہیں کرے گا ۔

(احقر الجانی علی مدد نائینی)

دیگر معاصرین کے فتاوی !

۲۴ ۔ آیت اللہ شیخ عبدالکریم یزدی مقیم و مدفون قم مقدسہ

۲۵ ۔ آیت اللہ آقا میرزا علی آقای شیرازی

۲۶ ۔ آیت اللہ آقا سید محمد فیروز آبادی

۲۷ آیت اللہ الحاج آقا شیخ محمد حسین اصفہانی ۔

۲۸ ۔ آیت اللہ آقا الحاج حسین قمی طباطبائیؒ ۔

۲۹ آیت اللہ آقا شیخ محمد جواد بلاغی (بدرسی پیرامون مواکب حسینیہ ص ۱۲۴)

۳۰ فتوائے آیت اللہ سید احمد خوانساری دام ظلہ ۔

س ۔ جناب والا کی رائے مراسم عزا اور مراسم عزا کے سلسلہ میں ایت اللہ نائینی کے فتاوی کے متعلق کیا ہے؟

ج :۔ مراسم عزا کا موضوع روز روشن سے بھی زیادہ واضح تر ہے ۔

آفتاب نصف النہار کی مانند درخشاں ہے اور کسی تحریر کا محتاج نہیں

سید احمد خوانساری

● آیت اللہ العظمیٰ آقائے سید محمد رضا موسوی گلپائیگانی مدظلہ کا جواب

ان تمام امور میں توضیح المسائل مسئلہ ۲۸۳۲ اور ۲۸۳۳ کی طرف رجوع کیا جائے ۔

۳۱ ۔ آیت اللہ شیخ محمد علی سیبویہ کا جواب !

بنام خدا : تمام مراسم عزا خواہ کسی قسم کے ہوں بشرطیکہ تلف جان کا سبب نہ بنیں جائز ہیں اور شعائر اللہ کی عظمت کے ذیل میں آتے ہیں ۔

(الاحقر محمد علی سیبویہ الحائری)

۳۲ ۔ آیت اللہ شیخ جعفر کاشف الغطاء فرماتے ہیں !

بعض ایسے امور جو شریعت سے متعلق ہیں لیکن ہمارے پاس ان کے لیے بالخصوص دلیل نہ ہو تو ایسی صورت میں معمولی دلائل سے تمسک کیا جاتا ہے یعنی ایسے امور کی انجام دہی دلیل خصوصی کے تحت نہیں ہوتی بلکہ دلیل عمومی کے تحت ہوتی ہے ۔ آگے چل کر فرماتے ہیں ۔ جیسا کہ سالار شہداء کی عزاداری میں مراسم عزا از قسم طبل زدن ۔ شبیہ بنانا ۔ سر ۔ چہرہ ۔ اور سینہ پر ماتم کرنا ایسے اعمال میں جن سے غم و اندوہ میں اضافہ ہوتا ہے ۔ جہاں تک ان مراسم کے از روئے شریعت حکم کا تعلق ہے تو سینہ زنی ۔ زنجیر زنی ۔ جلوس عزا نکالنا ۔ ان کی دستہ بندی کرنا عوامی راہوں اور سڑکوں پر آنا وغیرہ نہ صرف ان کے جواز میں کوئی اشکال نہیں ہے ۔ بلکہ ان کا باعث ثواب ہونا اور مستحب ہونا بھی خالی از اشکال ہے ۔

۴۳۔ آیت اللہ العظمیٰ ممقانی کا جواب:

مراسم عزا میں کسی قسم کا اشتباہ کرنا ہرگز درست نہیں ہے بلکہ اگر فقہاء جنہوں نے اپنی عمر عزیز کا بیشتر حصہ حصول فقہ میں گزارا ہے۔ عصر حاضر میں جب وہ دیکھتے ہیں کہ اغیار نے ہر طرف سے ہر حیثیت سے اور ہر ذریعہ سے نور اہلبیتؑ کو خاموش کرنا چاہتے ہیں۔ مراسم عزا کے وجوب کفائی کا فتویٰ دیں تو زیادہ مناسب ہوگا۔

ان مراسم عزا میں کپڑے نکالنا ہرگز جائز نہیں ہے۔ یہی مراسم عزا ہی تو ہیں۔ جن کی بدولت ہزاروں گمگشتگان راہ کو ہدایت نصیب ہوئی ہے۔ اور بعض مقامات پر تو اغیار مراسم عزا میں ہر قسم کی مالی امداد بھی کرتے ہیں۔

خداوند عالم ان لوگوں کو جزائے خیر دے جو سینہ زنی۔ اور سر اور منہ پر ماتم کرتے ہیں اور شبیہیں نکالتے ہیں۔

آیت اللہ ماحقانی کے دستخط

۴۴۔ آیۃ اللہ سرکار علامہ شیخ خضر ابن شلال اپنی کتاب ابواب الجنان میں رقمطراز ہیں:

تمام نصوص واحادیث اور اخبار و روایات سے جو کچھ ظاہر ہوتا ہے وہ یہ ہے کہ غریب کربلا کی عزاداری میں جتنے بھی مراسم عزا بجا لائے جاتے ہیں سب جائز ہیں خواہ سر و رخساروں پر طمانچے ہوں یا سینہ زنی وغیرہ۔ جیسا بھی ممکن ہو جائز ہے حتیٰ کہ اگر موت کا یقین بھی ہو تو بھی جائز ہے[1]

---

[1] آیۃ اللہ خضر آیۃ اللہ کاشف الغطا کے شاگردوں میں سے ایک ہیں۔ آیت اللہ

۴۵۔ آیۃ اللہ مصلح کبیر شیخ محمد حسین آل کاشف الغطاء کا فتویٰ

ماخوذ از۔ آیات بینات:

خواہ مصیبت کتنی ہی عظیم کیوں نہ ہو اس پہ ماتم ناپسندیدہ امور سے ہے۔ لیکن صادق آل محمد نے عزاداری غریب کربلا کے سلسلہ میں ارشاد فرمایا ہے۔ اگرچہ ہر قسم کا ماتم مکروہ ہے لیکن عزاداری سید الشہداء۔ گریبان چاک کرنا۔ سینہ زنی کرنا۔ منہ پر طمانچے لگانا سب کچھ جائز ہے۔

جہاں تک جسم کو تکلیف پہنچانے کا تعلق ہے تو اس سلسلہ میں حضرت حجت کا زیارت ناحیہ میں حسب ذیل جملہ ہی کافی ہے۔

امام حسین سے مخاطب ہو کر عرض کرتے ہیں!
میں آنسوؤں کے عوض آپ کے غم میں خون روتا رہوں گا

قبل ازیں آپ کے جد بزرگوار امام زین العابدین بھی پانی کے عوض خون رو چکے تھے علامہ مجلسی نے جو روایات نقل کی ہیں ان میں وضاحت سے موجود ہے کہ جب امام سجاد کے سامنے پانی کا جام لایا جاتا تھا تو آپ اسے دیکھتے ہی گریہ کرنا شروع کر دیتے حتیٰ کہ پانی کا جام آنسوؤں سے پر ہو جاتا تھا۔ سانحہ کربلا کے غم انگیز مناظر کے پیش نظر اس قسم کے اور بھی دسیوں واقعات منقول ہیں۔

(بقیہ حاشیہ) آقائے بزرگ طہرانی نے الذریعہ میں ان کے متعلق لکھا ہے کہ انہوں نے خواب میں حضرت علی کو دیکھا۔ انہوں نے اس کے ہاتھ میں قلم پکڑا دیا۔ جب بیدار ہوئے تو دیکھا فی الواقع وہی قلم ان کے ہاتھ میں تھا۔ اس قلم سے ابواب الجنان تالیف کی تھی۔

قسم بخدا ! عزاداری اللہ کا وسیع باب رحمت ہے اور ہر مصیبت میں کشتی نجات ہے ۔

کون وہ فرد ہے ۔ یا کون سی وہ طاقت ہے جو رحمت الہیٰہ کے اس کھلے دروازے کو بند کر سکے ؟ یا ذات احدیث اور اس کی مخلوق کے مابین اس عظیم وسیلہ کو ختم کر سکے ؟

اسی کتاب میں ایک اور مقام پر موصوف فرماتے ہیں ۔

مراسم عزا حسینی وسائل میں سے ایک وسیلہ اور کشتی نجات کے دروازوں میں سے ایک دروازہ ہیں ۔ البتہ طبل زنی وغیرہ کو اگر آلات لہو ولعب سے شمار کیا جائے تو بھی از راہ اعلان اور تعظیم مراسم عزا ان کی اباحت اور مشروعیت قطعی طور پر غیر مشکوک ہے ۔ جہاں تک شمشیر زنی ۔ خنجر زنی ۔ وغیرہ جیسے حزن والے آلات ماتم کا تعلق ہے تو ۔ جب تک کسی چیز کی حرمت کا یقین نہ ہو اس وقت تک وہ حلال ہے کے قاعدہ کلیہ کے مطابق نہ صرف مذکورہ مراسم مباح ہیں ۔ بلکہ مراسم عزا کی تعظیم کے ارادہ سے ان کا بجالانا ۔ باعث ثواب اور مستحب ہے ۔

آگے چل کر فرماتے ہیں ۔ ایران کے کچھ عقیدت مندوں نے آیۃ اللہ العظمیٰ آقائے حکیم سے فارسی میں حسب ذیل سوال کیا تھا ۔ انہوں نے جو جواب عنایت فرمایا تھا مع سوال یوں ہے ۔

سوال ۔ ہند اور پاکستان میں بالعموم تمام آلہ اطہار کے یوم شہادت پر اور بالخصوص امام حسین ع کے ایام عزا میں سینہ زنی کرتے ہوئے ۔ بلیڈ اور چاقو کرتے ہوئے ۔ زنجیر کرتے ہوئے ۔ بابرہنہ آگ میں چلے جاتے ہیں ۔ اس علاقہ میں اس قسم کے مراسم عزا تقویت ایمان ۔ اور آئمہ اہلبیت کی محبت میں اضافہ کا موجب بنتے ہیں اگر ایسے امور سرانجام نہ دیئے جائیں تو تو بیدینی اور کے رواج پانے کا خطرہ ہے ۔

ایسی صورت میں سینہ زنی ۔ زنجیر زنی اور پا برہنہ آگ پر ماتم جائز ہے ۔ یا نہیں ؟

جواب ۔ بنام خدا ۔ اگر ضرر کا خطرہ نہ ہو ۔ عداوت کے بڑھنے کا ڈر نہ ہو ۔ اور عزاداری کا تحفظ مقصود ہو تو کوئی حرج نہیں ہے ۔

سید محسن الطباطبائی الحکیم ۔

۳۶ ۔ آیت اللہ صاحب قوانین جن کا مزار قم مقدسہ میں قبرستان شیخاں میں ہے ۔ کی طرف سے آیت اللہ میرزا ابو القاسم قمی متوفی ۱۲۳۱ھ نے سینہ خوانی کے جواز بعد باعث ثواب اور استحباب کا فتویٰ جامع الشتات کے آخر میں مسائل متفرقہ کے ضمن میں نقل کیا ہے ۔

> صدیوں کے عرصہ پر مشتمل سانحہ کربلا کی
> شجاعت ناقابل فراموش ہے ۔
> اگر دین محمد میرے قتل کے بغیر نہیں بچتا
> تو تلوارو ۔ آؤ جسم شبیر حاضر ہے ۔

۳۷ ۔ مراسم عزا کے سلسلہ میں آیۃ اللہ صادق روحانی کا نظریہ !

خالق کائنات اللہ کی حمد سے محمد ص وآل محمد ص پر درود ۔ اور ان کے دشمنوں پر لعنت خدا ہو ۔ بعد ۔ مراسم عزا کے سلسلہ میں متعدد سوالات کیے گئے ہیں ۔ مثلاً جلوسوں کا سڑکوں کوچوں اور گلیوں میں آنا ۔ مشعل برداری کرنا ۔ علم اٹھانا ۔ سر پیٹنا ۔ سینہ زنی کرنا چاقو زنی کرنا ۔ سر پھوڑنا ۔ شبیہ خوانی کرنا ۔ وغیرہ جو شیعہ میں مدت مدید سے معمول عزاداری چلا آرہا ہے ۔

جوابات سے پہلے مناسب ہوگا اگر بطور تمہید چند مقدمات عرض کر

۱۔ شباب اہل جنت کے سردار[1]۔ اور ہر اس قافلہ کے سالار جو ظلم کے خلاف نبرد آزما رہتا ہے۔ کا قیام، اور آپ کی مقدس قربانی دین کی نشاۃ ثانیہ کے لیے اس وقت پیش ہوئی تھی۔ جب دین کہنہ بلکہ نہ ہونے کے برابر ہو چکا تھا۔ یعنی اگر قیام امام عاشقاں نہ ہوتا تو دین کا فقط رسمی نام اور قرآن کے صرف الفاظ کے سوا کچھ نہ رہتا اسی لیے واقعہ کربلا کے بعد غیر متعصب تجزیہ نگاروں نے کہہ دیا تھا کہ۔ آغاز دین نبی اکرم سے ہوا تھا۔ اور خون شبیر نے اسے پائیدار بنا دیا ہے۔ الدین محمدی الحدوث و حسینی البقاء بنا بریں عزاداری امت مسلمہ کے لیے قربانی کی عملی تربیت ہے کہ جہاں کہیں ابن الوقت اور طالع آزما قسم کے لوگ حالات کو اپنے لیے ہموار دیکھ کر دین کے نام پر بدعات کو رواج دینے کی کوشش کریں اور سنت رسول کو نابود کرنے کی خاطر آگے بڑھیں تو ان کی راہ روکنے کی خاطر سینہ سپر ہونے کی تربیت پہلے سے موجود ہو تا کہ ظالم کی شکم سیری اور مظلوم کی بھوک میں اتحاد نہ ہو سکے عزاداری ظلم و جور کے مقابلہ میں ایک موثر ہتھیار ہے۔ اس میں کسی قسم کا کوئی شک نہیں ہے تجربہ گواہ ہے کہ جب کبھی عزاداری کو کمزور کیا گیا تو نتیجہ میں مکتب شیعیت کمزور پڑنے لگا۔ اور جب کبھی مراسم عزا کو عملی شروع کیا گیا تو

---

[1] اس سے حدیث نبوی کی طرف اشارہ ہے کہ

الحسن والحسین سیدا شباب اہل الجنۃ،

حضرت امام حسن اور امام حسین جنت کے جوانوں کے سردار ہیں۔

احقاق الحق ج ۱۰ ص ۵۴۴

کنز العمال ج ۶ ص ۲۲۰

احتجاج طبرسی ج ۱ ص ۱۷۲

اجتماعی معاملات روبا صلاح ہونے لگے عزت رفتہ "پلٹ آئی" اور سعادت نے قدم چومے۔

۲۔ قربانی مظلوم کربلا نے خوابیدہ امت مسلمہ کو جگا کر دینی شعور بیدار کیا۔ اور مذہبی راہنماؤں نے مراسم و مجالس عزا قائم کر کے امت مسلمہ کو سانحہ کربلا کے اسباب و عوامل سے مطلع کیا۔ اس کے مقابلہ میں دشمنان دین نے مورچہ بندی کر رکھی ہے اور وہ سمجھ چکے ہیں کہ اگر صفحہ ہستی سے دین کو مٹانا ہے تو پہلے عزاداری کو ختم کرنا ہوگا۔ کیونکہ وہ دیکھ چکے ہیں۔ بالعموم عالم اسلام اور بالخصوص شیعہ مکتب فکر عزاداری کے زیر سایہ زندہ ہے۔ چنانچہ ان لوگوں نے مختلف ذرائع سے عزاداری میں کیڑے نکالنے شروع کر دیئے ہیں۔ اور امت مسلمہ کے دل سے عزاداری کی قدر و منزلت کو کم کرنے کی خاطر واہیات قسم کے اعتراضات۔ بے بنیاد الزام لگانا شروع کر رکھے ہیں۔ کبھی جلسوں پر اور کبھی جلوسوں پر اور کبھی شبیہوں پر زبان طعن دراز کرتے ہیں۔ لیکن اگر ان اعتراضات کو دیکھا جائے تو مغالطوں اور مخالفت برائے مخالفت کے سوا کچھ بھی نظر نہ آئے گا۔ البتہ ضعیف الایمان، سادہ لوح، اور کمزور عقیدہ کے لوگ ان سے ضرور متاثر ہوتے ہیں۔

۳۔ دو صدیوں سے یورپی سامراجیت نے اپنے خونی پنجے اسلامی ممالک میں بالعموم اور ایران میں بالخصوص گاڑنا شروع کر رکھے ہیں۔ اور وہ روز اول سے اس حقیقت سے آشنا ہو چکے ہیں کہ جب تک ملت مسلمہ احکام اسلام پر عمل پیرا رہے گی اسلامی تعلیمات کی معتقد رہے گی۔ اور قربانی حسین سے متاثر رہے گی۔ اسی وقت تک ان کی سامراجیت کو پھلانے، پھیلنے اور پھولنے کا موقعہ نہیں ملے گا۔

برطانیہ کا وزیر اعظم گلیڈ سٹون اس حقیقت کا اعتراف بھی کر چکا ہے۔

چنانچہ ان لوگوں نے سیاسی جماعتیں تشکیل دیں۔ ان میں سے بعض مذہبی ، جماعتیں بھی بنائیں تاکہ ان کا عوام میں اثر زیادہ ہو۔ ان جماعتوں کی اسلامی ممالک میں بھرمار کردی۔ ان سیاسی اور مذہبی جماعتوں کو اپنے مخصوص گماشتوں کے ذریعہ مراسم عزا کی مخالفت پر اکسایا کیونکہ انہی مراسم عزا ہی سے جعفری مسلک کی قوت اور شوکت کا اظہار ہوتا ہے۔ اور مخالفین لرز جاتے ہیں۔ واضح سی بات ہے کہ مراسم عزا کی بدولت ہی شیعوں میں اتحاد اور یگانگت پیدا ہو جاتی ہے۔

مذکورہ تین مقدمات کے پیش نظر ایسے جلوسہائے عزا اور مراسم عزا جو محرمات سے پاک ہوں کا نکالنا اور ان پر عمل کرنا نہ صرف جائز ہے بلکہ مسلمان کے لیے واجب ہے۔ کیونکہ دشمنان اسلام نے اسلام کو کالعدم کرنے کی خاطر انہی مراسم عزا کے خلاف مورچہ بندی کر رکھی ہے۔

جہاں تک سوالات کا تعلق ہے تو ان کے جوابات پیش خدمت ہیں۔

۱۔ جلوسہائے عزا کا سڑکوں اور کوچوں میں بحالت مشعل برداری اور علم برداری میں آنا شرعاً نہ صرف ناجائز نہیں ہے۔ بلکہ موجب ثواب ہے اور حسینی ذرائع نجات میں سے ایک ذریعہ نجات ہے۔

۲۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ سینہ زنی۔ طمانچہ زنی خواہ اس سے خون بھی نکل آئے جائز ہے اس طرح پشت پر زنجیر زنی وغیرہ کے باعث ثواب ہونے میں بھی کوئی شک و شبہ نہیں ہے۔ امام صادق سے مروی ہے کہ (امام حسین جیسے شہید پر گریبان چاک کیا جانا چاہیئے اور منہ پر طمانچے مارے جانے چاہیں۔

۳۔ لوگوں کو متوجہ کرنے۔ یا۔ اعلان وغیرہ کرنے کی خاطر ڈھول وغیرہ بجایا جائے تو بھی نہ صرف جائز ہے۔ بلکہ بہتر ہے اور دعوت حسینی کے وسائل میں سے

ایک وسیلہ ہے۔

(۴۔ اگر خنجر زنی چاقو زنی اور تلوار زنی وغیرہ سے انسان کی جان یا کسی عضو کے جانے کا یقین نہ ہو تو بھی جائز ہے اور ان شعائر حسینی میں سے ہے جن کی تعظیم کا ہمیں حکم دیا گیا ہے۔)

۵۔ شبیہ خوانی اور شبیہ سازی وغیرہ جیسے مراسم عزا جو زمانہ قدیم سے شیعوں کے ہاں رونے اور رلانے کے لیے معمول ہیں بھی جائز ہیں۔

کیونکہ جو اثر دیکھنے میں آتا ہے۔ وہ سننے میں ہرگز نہیں ہوتا یہ فطری اور وجدانی معاملہ ہے جس سے ہر شخص بخوبی واقف و آشنا ہے۔

۸ صفر ۱۳۹۷ھ محمد صادق الحسینی الروحانی

> امام حسین ؑ فرماتے ہیں۔
> میں نہ تو از راہ تکبر۔ نہ از راہ سرکشی۔ اور نہ از راہ فساد مدینہ سے کوچ کر رہا ہوں۔ بلکہ میرا مقصد اپنے نانا کی امت میں اصلاح ہے۔ میں امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کرنا چاہتا ہوں اور اپنے نانا اور والد کے نقش قدم پر چلنا چاہتا ہوں۔

۳۸۔ آیۃ اللہ سید محمد وحیدی کا مراسم عزا کے متعلق نظریہ:

سید الشہداء سے متعلق تمام مراسم عزا جو کہ شیعہ اور غیر شیعہ میں معمولی و متعارف نہیں ان کی تعظیم عمومات شرعیہ کے کی رو سے ایک شرعی مطلوب اور باعث ثواب و اجر ہے۔ مثلاً من بکی او ابکی او تباکی وغیرہ۔

خنجر زنی۔ زنجیر زنی۔ اور سینہ زنی۔ میں اگر یقین موت نہ ہو تو کوئی حرج نہیں

ہے۔ معروف اور مشہور روایت میں ہے کہ عقیلہ بنی ہاشم نے عزاداری میں اپنی پیشانی کو زخمی کیا۔ جب کہ از روئے مسلمات تاریخیہ اس مخدرہ کے متعلق ہمارا عقیدہ ہے کہ معصومین کی فہرست میں نہ ہونے کے باوجود یہ مخدرہ مقام عصمت کی حاصل ہے۔ بی بی کا یہ عمل بہت سے شبہات کو ختم کر دیتا ہے۔

مظلوم کربلا۔ اولاد مظلوم کربلا۔ اصحاب مظلوم کربلا۔ اور تمام عزاداروں پر سلام ہو۔

۴ ذی الحجہ ۹۷ھ رقم سید محمد وحیدی

۳۹۔ آیت اللہ شیخ یحییٰ نوری تہران۔ کا نظریہ:

آیۃ اللہ استاد الفقہاء والمجتہدین آقائے نائینی کا فتویٰ اس سلسلہ میں جامع تر اور قابل قبول ہے۔

۲۵ ذی الحجہ ۹۷ھ العبد یحییٰ نوری

۴۰۔ آیۃ اللہ سید علی فانی اصفہانی کا نظریہ

ہمارے نزدیک تقرب الٰہی اور تقرب ختمی مرتبت و ائمہ اہلبیت کا عمدہ ترین ذریعہ اور وسیلہ رائج مراسم عزائے غریب کربلا ہیں۔ کیونکہ ان مراسم عزا کے ذریعہ ائمہ اہلبیت کا مشن زندہ ہے۔ مراسم عزا کیا ہیں؟ یہی کہ ان میں ائمہ اہلبیت کے فضائل مصائب مرثیہ جات مجالس میں برسر منبر بیان کرکے امام حسین آپ کے اصحاب و اہلبیت پر رویا جاتا ہے۔ سینہ زنی کی جاتی ہے۔ منہ پر طمانچے مارے جاتے ہیں زنجیر زنی ہوتی۔ جلوس سڑکوں پر آجاتے ہیں۔ بلکہ چاقو زنی شبیہ خوانی اور طبل زنی ہوتی ہے اور آگ پر ماتم کیا جاتا ہے۔ ذرا تفصیل سے ملاحظہ فرمایئے۔

اوّل۔ رسالت الٰہیہ کی تبلیغ اور احکام ربانی کی نشر و اشاعت انہی مراسم عزا ہی کا نتیجہ ہے۔ کیونکہ جیسا کہ شیعیان اہلبیت میں مراسم عزا متعارف ہیں۔ یہی مراسم عزا عوام کے حاضری کا سبب ہیں۔ ذاکرین اور خطباء۔ دعوت حق۔ معارف الٰہیہ کی نشر و اشاعت مسائل شرعیہ کی تبلیغ اور اصول دین کا پرچار برسر منبر کرتے ہیں۔ یہ ایک ایسی راہ ہے۔ کہ جس پر چل کر عقائد و احکام اسلام سے آشنائی ہوتی ہے۔ واضح سی بات ہے۔ کہ جو شخص ان مراسم عزا میں شرکت کرتا ہے۔ بلکہ چاہیئے۔ ہر شخص مراسم عزا میں شرکت اپنے لیے ضروری سمجھے۔ لامحالہ منبر پر بیان ہو تو اسے احکام سنتا ہے۔ جب سنتا ہے۔ تو انہیں سمجھتا بھی ہے۔ جس کا نتیجہ عقائد و احکام اسلام سے واقفیت ہوتی ہے۔

دوم۔ جو لوگ مطالعہ احادیث کرتے ہیں وہ اس حقیقت سے اشنا ہیں کہ آئمہ اہلبیت نے اپنے مشن کو زندہ رکھنے اور اس کے حقائق بیان کرنے کی خاطر کس قدر امادہ کرنے کی کوشش فرمائی ہے۔ اس سے ان کا مقصد یہ ہرگز نہ تھا کہ ہمیں کوئی پہچانتا نہیں ہے۔ لہذا اس ذریعہ سے ہمارا تعارف ہوگا۔ بلکہ اس کا مقصد عوام کو دین و قرآن کے عقائد حقہ سے آگاہ کرنا اور عقائد احکام اسلام کے قریب تر کرنا تھا۔ اور یہ ایک واضح حقیقت ہے کہ ائمہ اہلبیت کے مشن کو زندہ رکھنے کا موثر ترین ذریعہ مراسم عزا ہیں خواہ ذاکرین و مقررین ہوں یا سامعین۔

سوم۔ مظلوم کربلا کے لیے رونا۔ رلانا۔ اور رلانے کی کوشش کرنا ان امور سے ہیں جن کے متعلق احادیث و روایات حد تواتر تک پہنچی ہوئی ہیں۔ بلکہ اس حد تک تشویق کی گئی ہے کہ اگر مجلس عزا میں رونے یا رلانے والے کی آنکھ سے صرف اس قدر بھی آنسو نکل آئے جس سے مکھی کا پر تر ہو جائے تو اس کے تمام گناہ معاف کر دیئے جاتے ہیں۔

کون نہیں جانتا کہ مراسم عزا معتقدین افراد کے لیے رونے اور رلانے کا وجدانی اور فطری ذریعہ ہیں۔

چہارم :۔ کون نہیں جانتا کہ مجالس و مراسم عزا واحد وہ ذریعہ ہیں جس سے متفرق شیعہ جمع ہوتے ہیں۔ اور شیعہ میں عملی یگانگت اور ہم آہنگی ہوتی ہے۔ اور ملت شیعہ میں مراسم عزا یا مجالس عزا کے علاوہ متحدہ منطقی اجتماع کسی اور ذریعہ سے ممکن نہیں ہے۔

انہی مراسم عزا کی بدولت شیعہ اجتماع نے عظمت حاصل کی ہے۔ انہی مراسم عزا کے اجتماعات میں جن سے مخالفین کا پتہ پانی ہوجاتا ہے۔ جس کا نتیجہ یہ ہے کہ شیعہ مخالفین ہر طریقہ سے اور ہر ذریعہ سے شیعوں میں اختلاف و تفریق پیدا کرنا چاہتے ہیں۔ اور اس کا ذریعہ انہوں نے مراسم عزا کی مخالفت اور ان میں شکوک و شبہات پیدا کرنے کی کوشش کر رکھی ہیں۔

پنجم :۔ ظلم کے خلاف آمادہ پیکار ہونا انہی مراسم عزا کا مرہون منت ہے۔ کیونکہ جب انسان ظلم و جور کا چہرہ دیکھتا ہے تو ظلم سے نفرت کرتا ہے۔ خواہ وہ ظلم اس کے اپنے اندر ہی موجود کیوں نہ ہو۔ اور شبیہ سازی سے زیادہ کرتی ایسی چیز نہیں ہے۔ جس سے انسان فطری انداز میں ظلم سے واقفیت حاصل کر سکے۔

ششم :۔ سانحہ کربلا کی سرخ کہانی جس میں شجاعت ہے۔ عزت نفس ہے۔ سخاوت ہے۔ حدیث فکر ہے۔ اور راہنمائی ہے کہ ذریعہ فتنہ پردازوں کا ظلم واضح ہوتا ہے۔

جو شخص اس حادثہ فاجعہ اور اس کے آغاز و انجام کا گہری نظر سے مطالعہ کرے پھر جلوس ہائے عزا میں غور کرے تو اسے معلوم ہوگا کہ آزادی فکر اور آزادی رائے کے حامل ایسے افراد ملت صرف اسی جگہ میسر آ سکتے ہیں۔ جنہوں نے ادا الہیہ کے سامنے اپنے سرہائے تسلیم خم کیے ہیں۔ یہی وہ مقام ہے جہاں سے ملکوتی افکار اور الفائے

عہد ملکہ حاضرین کی فکر میں بصورت نقش کندہ ہوتا ہے اور انسان اپنے اندر وہ عادات و اخلاق پیدا کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ جو کربلا والوں میں تھیں۔ اور یہی کامیابی ہے۔

۷ ۔ امام حسینؑ خود اور اپنی اولاد کے ساتھ شہید کر دیئے گئے۔ آپ کے اہلبیتؑ کو رسن بستہ کر دیا گیا۔ اس کے بعد مقصد یزید واضح تھا۔ دین اور احکام دین واجبات الہیہ اور خالق کا دیا ہوا ضابطہ حیات معطل کر دیا گیا۔ مگر امام حسینؑ کی شہادت نے یزیدی مشن کو خاک میں ملا دیا۔ دین خالق پائندہ ہو گیا۔ یزید کی سر سوچ حرف غلط کی طرح مٹ گئی۔ کافر تیروں کی برسات میں ادا کردہ نماز نے تاقیامت نماز کو بقا دے دی۔ آپ نے زکوٰۃ ادا کی۔ امر بالمعروف کیا۔ نہی عن المنکر کیا۔

بنابریں مراسم عزا فی الواقع عملاً اور فوائد زکوٰۃ۔ نماز۔ روزہ۔ اور دیگر احکام شرعیہ کے احیاء کی یاد ہیں۔ اگر عزادار اور سامعین بغور مجلس عزا سنیں تو از خود مائل بواجبات ہو جائیں گے۔

۸ ۔ کافی سے زیادہ روایات میں ہے کہ مجالس اور مراسم عزا میں دولت خرچ کرنے کا بے اندازہ ثواب ہے۔ واضح سی بات ہے کہ۔ ذکر حسین کی خواہ کوئی بھی کیفیت بہت زیادہ اخراجات کی حامل ہوگی۔ ہمارا مشاہدہ ہے کہ مراسم عزا میں شریک ہونے والے شیعہ اور غیر شیعہ فقراء کو معمول کے مطابق کھانا میسر آجاتا ہے۔ اسی لیے ائمہ اہلبیت سے مراسم عزا میں خرچ ہونے والے مال پر اجر عظیم کی بشارت دی ہے۔

مراسم عزا کے بے شمار مفادات میں سے یہ چند ایک تھے جو ہم نے پیش کیے ہیں۔ مراسم عزا پر بہت سے اعتراضات اور اشکالات کیے جاتے ہیں۔ ضروری ہے کہ ان کے جوابات بھی عرض کر دیئے جائیں۔ کیونکہ اگر شک انگیزوں کے منہ پر مضبوط زنجیر نہ باندھی گئی تو اب جو اعتراضات مراسم عزا پر کیے جاتے ہیں پھر ان کا دائرہ وسیع ہو کر

عزاداری اور عزاداروں تک وسیع ہو جائے گا۔ اس پر بھی اکتفا نہیں کیا جائے گا ایک مقام اور آگے بڑھا کر یہ لوگ مشاہد ائمۂ اہلبیت کی زیارت اور غریب کربلا پر گریہ کرنا ہدف طعن بنا لیں گے اور اپنی خارجیت کا برملا اظہار کرنا شروع کر دیں گے۔ اس سلسلہ میں مختصر بات کافی نہیں ہوگی۔ ہم ذرا تفصیل میں جائیں گے۔ کیونکہ ہمارے غریب شیعہ اندرونی اور بیرونی دشمنوں میں گھر رہے ہیں۔ ہمیں جتنے شاید مخالفین سے اتنا نقصان نہیں پہنچایا جا سکا ان کا شکوہ ہم بارگاہ خالق ہی میں کریں گے۔

اب مخالفین عزاداری کے اعتراضات اور ان کے جوابات پیش کرتے ہیں۔ اور ایک ایک کر کے ان کے جوابات پیش کریں گے۔

۱۔ کیا عزاداری بدعت ہے؟

سب سے پہلے اعتراض جو مخالفین عزاداری کرتے ہیں وہ یہ ہے۔ کہ موجودہ مراسم عزاداری ائمہ اہلبیت کے زمانہ میں نہ تھے۔ جب کہ ائمۂ اہلبیت خود صاحب عزا تھے۔

(جو مراسم عزا شیعہ کرتے ہیں کسی حدیث میں انکا ثبوت نہیں ملتا۔ لہذا یہ بدعت ہیں۔ بدعت گمراہی ہوتی ہے اور گمراہی کا انجام جہنم ہے۔

جواب ا۔ اس اعتراض کا جواب اعتراض ہی میں موجود ہے۔ ان لوگوں نے شاید بدعت کی تعریف ہی نہیں پڑھی۔ ہر وہ بات جو آنحضور کے بعد پیدا ہو بدعت نہیں کہلاتی بلکہ بدعت ان احکام کا نام ہے جن کا زمانہ نبوی میں کوئی وجود نہ ہو بعد میں انہیں احکام اسلام کے بطور رواج دیا جائے۔ بدعت اور بدعت رائج کرنے والے کے سلسلہ میں بے شمار احادیث نبویہ اور فرامین ائمۂ اہلبیت موجود ہیں۔

مورد بدعت کی عقل بھی مذمت کرتی ہے۔ اگر اس قسم کے تمام امور کو بدعت قرار دیا جائے تو آنحضور کے بعد پیدا ہونے والے مسائل اور شبہات جب کہ

ہیں کیا کیا جائے گا۔ جب کہ بعض روایات میں ایسے مقامات پر مکلف کو بری الذمہ قرار دیا گیا ہے۔ اور عقل شبہات حکیمہ کے ترک پر مکلف کی مذمت کرتی ہے۔

جب کہ مراسم عزا ہرگز اس قسم سے نہیں ہیں۔ اور نہ ہی اس قسم سے ہو سکتے ہیں کیونکہ امام حسین ع پر رونے۔ رلانے اور رونے کی شکل بنانے کا حکم ہے ظاہر ہے موضوع مامور ایک تولیدی فعل ہے اور ہر تولیدی فعل کی علت ہوتی ہے۔ وہ علت قولی بھی ہو سکتی ہے۔ اور عملی بھی۔ قولی علت ذکر مصائب اور مرثیہ خوانی ہو ہوگی جب کہ عملی علت شبیہ سازی اور شبیہ خوانی ہوگی۔

اس مقام پر فقیہ کا وظیفہ یہ ہے کہ مراسم عزا کے جواز کا حکم لگائے۔ کیوں کہ رلانا حتماً باعث ثواب ہے اور رلانا ان شبیہوں کی وجہ سے ہوتا ہے۔

تعزیت ایک ایسا ارادی عنوان ہے جو محتاج اظہار ہے۔ اور اظہار عزا کے جغرافیائی اعتبار سے مختلف ذرائع ہیں۔ اس وقت جو کچھ شیعوں میں مراسم عزا رائج ہیں ان میں سے کوئی بھی ایسا نہیں ہے جس سے شارع مقدس نے منع فرمایا ہو۔ یا عقل نے اسے قبیح قرار دیا ہو۔

لہذا اعتراض کنندگان کے لیے ضروری ہے کہ پہلے وہ بدعت کی تعریف سمجھنے کی کوشش کریں۔ پھر اگر ممکن ہو تو بدعت کو مراسم عزا پر منطبق کریں۔

• کیا عزاداری مقام مذاق ہے؟

یہ کیا بھی ایک اعتراض ہے کہ عصر حاضر میں جب ہمارے جلوس ہائے عزا سڑکوں اور گلیوں میں آتے ہیں تو مخالفین ہمارا مذاق اڑاتے ہیں۔ لہذا انہیں بند ہونا چاہیے

جواب یہ ہے کہ:۔

ہر مذہب و ملت میں کچھ اجتماعی مراسم ہوتے ہیں۔ ہمیں یقین ہے کہ اقوام

عالم میں سے کسی بھی مذہب کے اجتماعی مراسم ہمارے مراسم عزا سے بہتر نہیں ہونگے لہٰذا یہ وہم غلط اور بے بنیاد ہے۔ علاوہ ازیں جہاں تک دین اور احکام دین کا تعلق ہے وہ اس میں یہ نہیں دیکھا جاتا کہ لوگ مذاق اڑاتے ہیں۔ اور نہ ہی کسی کے مذاق اڑانے سے احکام اسلام بدلے جا سکتے ہیں۔ اگر ہم احساس کمتری میں مبتلا نہ ہوں تو ان کے اعمال کا ہم بھی مذاق اڑا سکتے ہیں۔ کیا جو لوگ تباہ کاریوں پر فخر کرتے ہیں۔ بے دینی کو ہدایت سمجھتے ہیں اور ہر جرم کو ترقی کی طرف ایک قدم سمجھتے ہیں۔ یہ چیزیں قابل مذاق نہیں ہیں۔ یہ لوگ ہمیں رجعت پسندی کا طعنہ دیتے ہیں۔ یہ صرف دشمن کی چالیں ہیں جن کے ذریعہ وہ ہمیں ہماری وحدت کو ٹکڑے ٹکڑے کرنا چاہتا ہے۔ وہ ہمارے مراسم عزا کا مذاق اڑاتے ہیں تاکہ یہ لوگ اور ہم ایک دوسرے کے دست و گریباں ہو جائیں۔ ہم کبھی بھی قرآن و اہلبیت کا دامن تمسک ترک نہ کریں گے۔

عزاداری میں ہونے والے اخراجات کیا بے فائدہ اور بے ثمر ہیں؟

دشمنان عزاداری کہتے ہیں کہ عزاداری پر خرچ کی جانے والی رقم اگر اقتصادی نظام میں خرچ کی جائے تو اس کے مفادات زیادہ ہوں گے۔ دشمنان عزاداری ان اخراجات کو اسراف اور فضول خرچی سے تعبیر کرتے ہیں۔

جواب :۔ بہترین مال وہ ہے جس کے ذریعہ انسان امام تک رسائی حاصل کرے روایات ائمہ اہلبیت میں بکثرت موجود ہے۔ کہ عزاداری پر صرف کئے جانے والے مال کا ثواب بے شمار ہے مصلحت امام کا تحفظ اسی میں ہے۔ کہ انسان اپنی دولت عظمت امامت کو اجاگر کرنے میں صرف کرے۔ کاش اعتراض کنندہ یہ حقیقت سمجھ لیتا کہ اقتصادی حالت عزاداری پر خرچ نہ کرنے سے نہ سدھر گئی بلکہ اقتصادی حالت بہ غفلت شماری۔ آج کا کام کل پر نہ چھوڑنے اور بیہودہ

تفریحات کے ترک کرنے سے سدھر سکتی ہے۔

اعتراض ۴

مراسم عزا پر چوتھا اعتراض یہ کیا جاتا ہے کہ۔ زنجیر زنی۔ چاقو۔ زنی وغیرہ اور ہر ماتم سے جان کا خطرہ ہوتا ہے۔ جو کہ حرام ہے اور کوئی بھی مستحب کام حرام راہ سے ہرگز نہیں کیا جاتا۔

بشرطیکہ ان کا انجام واقعی کسی عضو یا جان کا اتلاف نہ ہو۔ مثلاً چاقو زنی جیسا کہ آج کل متعارف ہے۔ میں قطعاً خوف جان نہیں ہوتا۔ جب خوف جان نہیں ہوتا تو نفس کو ہلاکت میں ڈالنے والا حکم لاگو نہیں ہوگا۔ اس طرح ہماری شنید کے مطابق آگ پر ماتم بھی تلف جان کا سبب نہیں ہوتا۔ اور نہ۔ لاتقتلوا انفسکم کے حکم میں آتا ہے۔ یا۔ اس قول معصوم کہ۔ المومن لایقتل نفسہ۔ کے ضمن میں بھی نہیں آتا۔

خلاصہ یہ ہے کہ جب شرعاً کسی عضو کو زخمی کرنا حرام نہیں ہے تو پھر زنجیر زنی کو کیسے حرام کہا جا سکتا ہے۔ جب کہ متواترات تاریخ سے ہے کہ یوم عاشور ہاشمی مستورات نے طمانچے بھی مارے ہیں اور سینہ زنی وغیرہ بھی کی ہے۔

شبیہہ خوانی :

شبیہہ خوانی پر اعتراض کیا جاتا ہے کہ یہ کام غلط اور ناپسندیدہ ہے۔ کیونکہ اس میں دشمنان خدا و رسول سے مشابہت پیدا کرنا ہوتی ہے۔ جو حرام ہے۔ اس طرح شہدائے کربلا کی شبیہہ بننا ہوتا ہے جو ان کی توہین ہے اور ان کی توہین بھی حرام ہے۔

جواب :-

یہ درست ہے کہ دشمنان خدا سے شباہت حرام ہے مگر کیا۔ جب اس شباہت کے ذریعہ انسان ان میں شمار ہونے لگے۔ ان کی جماعت کا ایک فرد بن جائے۔ ان کی راہ پہ چلنے لگے صرف ان کا لباس پہن لینے سے جو بطور علامت ہوتا ہے اور وہی لباس دشمنان خدا کی نفرت کا سبب بنتا ہے۔ یہ تشبیہ حرام نہیں ہے جہاں تک اولیاء اللہ سے تشبیہ کا تعلق ہے تو اس سے مقصود صرف اور صرف ان کی مظلومیت کا اظہار ہوتا ہے۔ اور ان کی مظلومیت کا اظہار نہ صرف یہ کرنا جائز نہیں ہے بلکہ ان کے تقرب کا ایک ذریعہ ہے۔

جناب سید الشہداء کی صدائے "ھل من ناصر ینصرنا" کا جواب مجھے تو آج انہی مراسم عزا کے قیام میں نظر آتا ہے۔ آخر میں ایک مرتبہ پھر یہ یاد دہانی ضروری ہے کہ زنجیر زنی اور چاقو زنی کا جواز اس یقین سے مشروط ہے کہ سبب موت نہیں بنے گا۔ اور بالعموم مشاہدہ ہی ہے کہ مذکورہ امور موت کا سبب نہیں بنتے۔

اپنی اس خوش نصیبی پر ذات احدیت کا شکر کرتا ہوں اور برادران ایمانی کو وصیت کرتا ہوں کہ اپنے جائز امور میں ناجائز امور ہرگز شامل نہ کریں۔ اور محبت امام حسین کے نام میں نماز اور دیگر واجبات کو ترک نہ کریں۔

۱۴ صفر ۱۳۸۴ھ

(علی حسینی اصفہانی علامہ فانی)

مراجع تقلید شیعیان جہاں فقہاء و مجتہدین کے امضاء اور تقاریر

ان علماء و مراجع عظام کے اسماء کا تذکرہ کیا جاتا ہے جنہوں نے زندگی بھر امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کے فرائض انجام دیئے ہیں۔ انہوں نے ملت اور حکومتوں میں

زندگی بسر کی مراسم عزاداری کے سلسلہ میں انہوں نے سینہ زنی زنجیر زنی وغیرہ کو دیکھا سنا اور جانا اس کے استحباب جواز کا حکم دیا یا خاموش رہے اس کی خاموشی تقریر کے حکم میں آتی ہے۔ یعنی انہوں نے منع بھی نہیں فرمایا اگر حکم نہیں دیا۔ وہ درج ذیل ہیں...

حاجی محمد جعفر آبادہ اصفہانی متوفی		۱۲۸۰
آخوند ملا کاظم خراسانی	=	۱۳۲۹
آقا باقر بہبہانی استاد	=	۱۲۰۵
آقا جمال خوانساری	=	۱۱۲۱
آقا ضیاء عراقی	=	۱۳۶۱
آقا نجفی شیخ محمد نقی	=	۱۳۳۱
حاجی شیخ عبد الکریم حائری یزدی	=	۱۳۵۵
[redacted]		[redacted]
حاجی ملا محمد اشرفی	=	۱۳۱۵
سید ابوالقاسم اشکوری گیلانی	=	۱۳۴۹
سید حسین اشکوری گیلانی	=	۱۳۴۹

آقا سید ابو الحسن اصفهانی	متوفّی	١٣۶۵
شیخ مرتضی انصاری	=	١٢٨١
آقا ابو القاسم اردوبادی	=	١٣٣٣
سید ماجد بحرانی	=	١٠٢٨
سید هاشم بحرانی	=	١١٠٩
سید مهدی بحر العلوم	=	١٢١٢
ملاّ محمد برغانی	=	١٢۶۴
ملاّ محمّد صالح برغانی	=	١٢٧٠
حاج ملاّ علی برغانی	=	١٢۶۴
شیخ محمّد جواد بلاغی	=	١٣۵٢
سید علی هندی	=	١٣١٢
میر فیض اللّه تفریشی	=	١٠٢۵
ملاّ عبد اللّه تونی	=	١٠٧١
شیخ هادی تهرانی	=	١٣٢١
شیخ عبدالحسین تهرانی		١٢٨۶
علی بن موسی ثقة الاسلام تبریزی شهید	-	١٣٣
حاج سید محمّد جاپلقی	-	١٢٨٠
سید ابو الحسین جلوه اصفهانی	=	١٣١۴
آقا سید علی آقا تبریزی	=	١٢۶٠
حاجی ملاّ عبد اللّه بروجردی	=	١٢٧١
سید محمّد باقر حجة الاسلام اصفهانی	=	١٢۶٠

میرزا محمد تقی تبریزی	متوفی	١٣١٢
شیخ حر عاملی	=	١١٠۴
شیخ جعفر حویزهٔ اصفهانی	=	١١١۵
سید خلف حویزهٔ	=	١٠٧۴
سید علیخان مدنی	=	١١١٨
امیر عبد الباقی خاتون آبادی	=	١٢٠٧
امیر محمد حسین خاتون آبادی	=	١٢٣١
امیر محمد صالح خاتون آبادی	=	١١٧٧
حاجی شیخ مهدی خالصی کاظمینی	=	١٣۴٢
حاجی میرزا حسین خلیلی	=	١٣٢۶
شیخ محسن خنفر	=	١٢۴٧
سید ابو تراب خوانساری	=	١٣۴۶
سید حسین خوانساری	=	١١٩١
سید محمد مهدی خوانساری (معاصر)		
میرزا محمد هاشم خوانساری	=	١٣١٨
حاجی میرزا ابراهیم خوئی	=	١٣٢۵
حاجی سید مهدی حلی نجفی	=	١٣٠٠
حاجی شیخ جعفر شوشتری	=	١٣٠٣
شیخ محمد حسین اردکانی	=	١٣٠۵
حاجی ملا علی کنی	=	١٣٠۶
میر حامد حسین هندی	=	١٣٠۶

حاج ملا احمد کبیر	=	۱۳۰۶
ملا نظرعلی طالقانی	=	۱۳۰۶
حاجی سید محمد ابراهیم هندی	=	۱۳۰۷
شیخ زین العابدین مازندرانی	=	۱۳۰۹
حاجی شیخ محمد حسین مازندرانی	=	۱۳۳۹
میرزا محمد باقر صاحب روضات	=	۱۳۱۳
حاجی میرزا حبیب الله رشتی	=	۱۳۱۲
شیخ محمد حسین ممقانی	=	۱۳۲۳
شیخ محمد طه نجفی	=	۱۳۲۳
شیخ محمد شربیانی	=	۱۳۲۲
حاجی شیخ مرتضی آشتیانی	=	۱۳۶۵
حاجی آقا حسین قمی	=	۱۳۶۶
حاجی آقا رضا همدانی	=	۱۳۲۲
سید محمد کاظم یزدی	=	۱۳۳۷
حاجی مصطفی کاشی	=	۱۳۳۶
حاجی سید اسماعیل صدر	=	۱۳۳۷
حاجی شیخ فضل الله شیخ الشریعه اصفهانی	=	۱۳۳۹
میرزا محمد تقی شیرازی	=	۱۳۳۹
شیخ ابراهیم لنکرانی	=	۱۳۱۴
شیخ محمد باقر اصفهانی	=	۱۳۰۰
شیخ محمد تقی صاحب حاشیه	=	۱۲۸۵

آخوند ملا لطف الله مازندرانی	=	۱۳۱۱
شیخ محمد کاظمی	=	۱۳۰۸
شیخ محمد حسن آل یس	=	۱۳۰۸
سید حسین آل بحر العلوم	=	۱۳۱۸
سید علی آل بحر العلوم	=	۱۲۹۸
سید محمد آل بحر العلوم	=	۱۳۲۶
میرزا محمد علی قرجه داغی	=	۱۳۰۶
ملا محمد خوانساری	=	۱۳۳۷
سید ناصر بصری	=	۱۳۳۲
شیخ محمد قاسم اردوبادی	=	۱۳۳۳
حاجی شیخ فضل الله نوری شهید	=	۱۳۲۷
شیخ فضل الله مازندرانی	=	۱۳۴۵
سید محمد فیروزآبادی	=	۱۳۴۵
شیخ شعبان رشتی نجفی	=	۱۳۴۸
حاجی آقا مهدی کرمانشاهی	=	۱۳۴۶
شیخ احمد آل کاشف الغطاء	=	۱۳۴۴
میرزا صادق تبریزی	=	
شیخ محمد حسین آل کاشف الغطاء	=	۱۳۷۲
شیخ محمد شوشتری مسموم	=	۱۳۲۷
شیخ محمد امین آل شیخ اسد الله	=	۱۳۳۴
شیخ عبد الحسین شوشتری	=	

آقا میرزا علی اکبر آقا اردبیلی	=	۱۳۴۶
شیخ راضی خالصی	=	۱۳۴۷
سید حسین اشکوری نجفی	=	۱۳۴۷
شیخ راضی کاظمی	=	۱۳۱۴
شیخ حسین رشتی	=	۱۳۴۸
شیخ محمد حسین صاحب جواهر	=	۱۲۶۶
شیخ یوسف بحرانی	=	۱۱۸۶
شیخ جعفر کاشف العطاء	=	۱۲۲۷
شیخ حسن کاشف الغطاء	=	۱۲۶۲
شیخ موسی کاشف الغطاء	=	۱۲۴۲
حاج میرزا موسی تبریزی	=	۱۳۰۰
صدر الدین صدر سید حسن عاملی	=	۱۳۵۴
حاجی میرزا محمد علی قرجه داغی	=	۱۳۱۰
صدر الدین صدر	=	۱۳۷۰
صدر الدین سید محمد عاملی اصفهانی	=	۱۲۶۳
سید صدرالدین قمی شارح وافی	=	۱۳۵۰
سید محسن اعرجی	=	
حاجی ملا حسن قزوینی	=	۱۲۴۰
میر سید علی صاحب ریاض	=	۱۲۳۱
سید ابراهیم صاحب ضوابط	=	۱۲۶۲
میر فتاح صاحب عناوین	=	۱۲۵۰

شیخ محمد حسین صاحب فصول	متوفی	۱۲۶۱
میرزا محمد تنکابنی صاحب قصص	=	۱۳۰۲
شیخ محمود عراقی	=	۱۳۱۰
حاجی ملا مهدی نراقی	=	۱۲۴۴
حاج شیخ علی اکبر نهاوندی	=	۱۳۶۹
حاجی میرزا بهاء الدین نوری	=	۱۳۴۳
سید اسماعیل نوری	=	۱۳۲۱
سید جواد عاملی	=	۱۳۳۶
حاجی میرزا حسین نوری	=	۱۳۲۱
شیخ اسد الله صاحب مقابس	=	۱۲۳۴
آقای محمد علی صاحب مقامع	=	۱۲۱۶
سید محمد مجاهد	=	۱۲۴۲
میرزا محمد حسین نائینی	=	۱۳۵۵
شیخ عبد الله مامقانی	=	۱۳۵۱
آقا شیخ عبد الله مازندرانی	=	۱۳۳۰
سید ابراهیم سید حیدر کاظمی	=	۱۳۰۸
سید جواد بن سید حیدر	=	۱۳۲۱
ملا آقا دربندی	=	۱۲۸۴
حاجی سید علی نقی ابن سید مجاهد	=	۱۲۸۹
سید محمد باقر قزوینی	=	۱۲۸۶
آقا سید علی قزوینی	=	۱۲۹۸

حاجی سید اسد الله اصفهانی	متوفی	۱۲۹۰
حاجی ملا محمد کاشی	=	۱۲۹۷
سید صادق طهرانی	=	۱۳۰۰
حاجی میرزا لطفعلی تبریزی	=	۱۳۰۷
حاجی میرزا حسین شهرستانی	=	۱۳۱۵
حاجی میرزا علی شهرستانی	=	۱۳۴۴
سید ابو القاسم ده گردی	=	۱۳۵۳
میرزا ابو القاسم کلانتری	=	۱۲۹۲
حاجی محمد ابراهیم کرباسی	=	۱۲۶۲
میرزا ابو القاسم قمی	=	۱۲۳۱
ملا محمد شریف العلماء	=	۱۲۴۵
ملا محمد فاضل ایروانی	=	۱۳۰۶
سید حسین کوه کمری	=	۱۲۹۹
میرزا عبد الرحیم نهاوندی	=	۱۳۰۴
ملا اسماعیل قره باغی	=	
ملا خلیل قزوینی	=	۱۰۸۹
سید مهدی قزوینی	=	۱۳۰۰
ملا حبیب الله کاشی	=	۱۳۴۰
حاجی میرزا محمود شیخ الاسلام	=	۱۳۱۰
حاجی میرزا موسی تبریزی	=	۱۳۰۰
حاجی میرزا علی ایروانی	=	۱۳۵۴

نقل از: مواکب الحسینیة

اولیاء اللہ کے لیے اللہ کے حسن ابتلا پر اللہ کی حمد ہے۔ اور مخلوق خدا میں سے بہترین دانشمند محبوبین خالق میں سے زیادہ صابر محمد امین اور اس کی آل پر درود۔

اما بعد۔ کسی شخص کے لیے یہ بات پوشیدہ نہیں ہے کہ عزائے امام حسین کے جملہ مراسم جو ایام عزا میں شیعیان امام حسین و امام بارگاہوں۔ مقدس مقامات عبادت گاہوں۔ گھروں۔ مقیم اور موبائیل انجمنوں کے ذریعہ کوچوں۔ بازاروں۔ راستوں میں شب و روز مشغول زین در گھوڑوں۔ تشبیہات اور تمثیلات مجہودہ یا دیگر معہودہ کی صورت میں تشکیل دیئے جاتے ہیں یہ سب کچھ تقربات الٰہی کے ذرائع میں سے افضل ترین ذریعہ ہیں بعد فلاح اخروی کے وسائل میں سے اہم وسیلہ اور ثواب دائمی کے اسباب میں سے قریب ترین سبب ہے۔

کچھ لوگ جو تقریر و تحریر سے ان مراسم عزا کی مخالفت کرتے پھرتے ہیں۔ یہ صرف اموی زہریلا پروپیگنڈہ اور فروانی انداز فکر کی ترویج و تبلیغ کے سوا کچھ نہیں جو پرسکون افکار اور خاموش اذہان میں زہر گھولتے ہیں۔ اپنے استدلال میں لہو و لعب اور لاضرر و لا ضرار فی الدین جیسے امور پیش کرتے ہیں جو کوتاہ اندیشی ہے۔ کیونکہ صداقت لہو و لعب کے لیے قصد لہو و لعب کا ہونا ضروری ہوتا ہے۔ جب کہ مراسم عزا میں قصد لہو و لعب قطعاً مفقود ہوتا ہے۔

علاوہ ازیں اصول یہ ہے کہ کسی بھی مسلمان کے کام کو اسی بات پر محمول کیا جائے جو اس کا تقاضا ہو۔ بالخصوص ایسے افراد کے اعمال جو از سرتا پا محبت محمد و آل

محمد میں سرشار اور مصائب محمد و آل محمد میں سوگوار ہوتے ہیں۔

اگر ہم وقت و حالات کی نظر سے تاریخ کا مطالعہ کریں تو ایسے وقت جب شیعہ کے لیے روئے ارض تنگ کر دیا تھا۔ پوری ملت شیعہ تقیہ میں تھی۔ اس وقت کے ان سنگین حالات میں بھی ائمہ اہلبیت نے اپنے شیعوں کو زیارت امام حسین پر آمادہ کرنے کا کوئی دقیقہ فرو گذاشت نہیں کیا۔ اور رہی متاع دین ہمارے لیے ایک بہترین ذریعہ ہے جس سے ہم بعض شیطان صفت مفترین اور مؤلفین کی لرزہ سرائیوں کا توڑ کر سکتے ہیں۔

یہ حقیقت ہے کہ ہر ملت کے افراد کا نصب العین دنیائے فانی میں مصائب برداشت کر کے آخرت کے اجر و ثواب کا حصول ہے۔ لیکن اس دور میں جو ترقی کا دور کہلاتا ہے۔ اور انسان نے آسمانوں کے راستے تلاش کر لیے ہیں اپنے کو روشن فکر کہلانے لگا ہے۔ سب کچھ کے باوجود اس نے بعض غیبی اسرار سے نظریں موندلی ہیں۔

اگر ایسا نہ ہوتا تو یہ کیسے ممکن تھا کہ کوئی یہ کہتا کہ خوف خدا سے رونا یا بزم عزا میں ماتم کرنا انسان کے لیے باعث نقصان ہے کیونکہ ایسا کہنا ضروریات دینیہ ضروریات مذہبیہ اور ضروریات اسلامیہ سے واضح انکار ہے۔

جب کہ ہر مومن کو یہ یقین ہے کہ تمام امور خالق عالم کے دست قدرت کے قبضہ میں ہیں۔ اور وہ جو چاہتا ہے۔ جب چاہتا ہے۔ جیسے چاہتا ہے اور جہاں چاہتا ہے ایسے ہوتا ہے۔ خداوند قدوس اس بات پر بھی تو قادر ہے کہ گریہ ہی کو انکھوں کی بینائی میں قوت اور طاقت کا سبب بنا دے۔ اور نقصان کو ختم کر دے۔

جیسا کہ متواتر منقولات سے ہے کہ اہل ہند آگ جلاتے ہیں۔ اور مراسم

عزا کے بطور پابرہنہ اس آگ میں جا کر ماتم کرتے ہیں مگر جلتے نہیں۔

بہر صورت جیسا بھی ہو کسی بھی مسلمان کو یہ زیب نہیں دیتا کہ سانحہ کربلا میں ہونے والے مصائب کو فراموش کر دے یا ایسے اسباب پیدا ہوں جن سے واقعہ کربلا کی یاد دلوں سے مٹ جائے۔۔۔ کسے کیا معلوم کہ یہ کیسے مصائب تھے؟ یہ وہ مصائب تھے جنہیں برداشت کرنے سے ہمالیہ جیسے پہاڑ عاجز تھے۔ آسمان ان مصائب کے تصور سے لرزتے تھے۔

بلکہ واجب ہے کہ ہر سال امام مظلوم کے مصائب کی یاد تازہ کی جائے۔ کیونکہ سانحہ کربلا کی یاد ہی میں آثار اسلام کی بقاء حقائق کی ترویج۔ دعوت اسلام کی اشاعت اور آئمہ کی کرامات نبی اکرم کی پیشگوئی کے معجزات میں سے ایک اہم ترین معجزہ کی تصدیق کی ترویج اسی میں پوشیدہ ہے۔

یہ بھی یقین رکھنا چاہیئے کہ نبی اکرم کی دعوت اور احکام الٰہیہ کی آمد کا مقصد روئے ارض پر حکمرانی کی خواہش اور طاقت کا مظاہرہ نہ تھی کیونکہ نبی کو نین دیکھ رہے تھے۔ آپ گواہ تھے آپ کو اطلاع دے دی گئی تھی کہ نبوت کی اس دعوت کا انجام آپ کے بعد آپ کی عترت اور ان کے ماننے والوں کے لیے شہادت کے سوا کچھ نہ ہوگا آنحضور نے خود ہی تو فرمایا ہے۔ ہم اہلبیت کے لیے اللہ نے آخرت کو دنیا پر ترجیح دی ہے۔ میرے بعد میرے اہلبیت بہت جلد مجھ سے ملاقات کریں گے۔ ہمارے مقدر میں وطن سے دوری لکھی گئی ہے۔ ہم میں سے ہر ایک یا سم جفا سے اور یا تیغ ظلم سے شہید ہوگا۔

نبی اکرم مسلسل شب و روز تنہائی میں بھی اور بزم اصحاب میں بھی اپنی عترت کے مصائب بیان فرما کے گریہ کناں رہتے تھے۔ بعض اوقات تو پوری مجلس آبدیدہ ہو جاتی تھی۔

آنحضور ہی نے تو امام مظلوم کی مقتل اور خاک مقتل دکھا دی تھی۔ یہ تمام واقعات کسی ایک اور حادیث میں نہیں ہیں بلکہ متواترات مسلمہ سے ہیں۔

نبی کریم ہی نے قبل از شہادت غریب کربلا آپ کی شہادت اور زیارت کے ثواب سے مطلع کر دیا تھا۔ سنت نبویہ ہر کلمہ گو کے لیے قابل عمل ہے۔ ان مسلمات سے یہ سمجھنا مشکل نہیں ہے کہ شہادت مظلوم کربلا قبل از شہادت جب نبی عالمین اور اولیائے خدا کے دل پر اس قدر اثر انداز تھی تو بعد از شہادت اس کا اثر کتنا زیادہ اور گہرا ہو گا۔

ارشاد الٰہی۔ فَمَا بَكَتْ عَلَيْهِمُ السَّمَآءُ وَالْأَرْضُ (سورۃ الدخان آیت ۲۹) کا مفہوم اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ آسمان و زمین آل محمد کے ان مصائب میں روئے ہیں۔ جن میں سے معمولی ترین مصیبت بھی سابقہ انبیاء پر آنے والی عظیم مصیبت کے مقابلہ میں عظیم تر تھی اسی لیے سردار انبیاء فرمایا کرتے تھے۔ جو مصائب میں نے دیکھے ہیں کسی نبی مرسل نے نہیں دیکھے۔ کیونکہ آل محمد پر آنے والی ہر مصیبت براہ راست نبی کونین پر مصیبت تھی معروف و متواتر ارشاد نبوی ہے۔ فاطمہ میرا حصہ ہے جس نے اسے اذیت دی اس نے مجھے اذیت دی۔ احادیث و روایات متواترہ سے جو کچھ ہم تک پہنچا ہے اس کے مطابق آل محمد کے آثار اور ان کے درخشاں انوار روز بروز ہر سال اور ہر دن روشن سے روشن تر ہوتے چلے جائیں گے، ہر سال مراسم عزا میں عزاداروں کا اضافہ ان کے زائرین کی تعداد میں اضافہ ہی ہوتا چلا جائے گا۔ آج بھی عقیلہ بنی ہاشم کا وہ ارشاد گرامی جو آپ نے کربلا سے روانگی کے وقت جناب سجاد سے فرمایا تھا۔ تاریخ کو نہیں بھولا۔

ایک وقت آئے گا جب تیرے باپ کے مزار پر ایک علم بلند ہو گا جس کے آثار کبھی نہ ہوں گے اور اس کے نقش زمانہ کے ساتھ ساتھ تازہ بتازہ ہوتے جائیں گے کفار اور مشرکین کے پیروکار۔ گمراہی میں ڈوبے ہوئے چند ان کے چند گماشتے اپنی

طرف سے ان کے مٹانے کی ہر ممکن کوشش کریں گے لیکن وہ سب بے اثر ہو گا۔ اور یہ نور خدا روشن سے روشن تر ہوتا جائے گا۔

انتہائی اختصار کے ساتھ قدرے توضیح کروں گا۔ میں تمام ہر مذہب و ملت کے انسان کو اپنے نبی اکرم کے اس عظیم اعجاز کی طرف متوجہ کرنا چاہتا ہوں۔ ہمارے نبی کونین نے آج سے کم و بیش چودہ صدیاں قبل سانحہ کربلا۔ اور بعد میں ہونے والے تمام واقعات ظلم و جور بتا کر فرمایا تھا۔ اور ہم نے یہ حدیث حق ستی ہے۔ آج کل قبر مظلوم کی زیارت ایرانیوں اور غیر ایرانیوں تمام کے لیے بند ہے۔ لیکن اس پابندی کا نتیجہ یہ ہوا کہ مراسم عزا جلوس ہائے عزا سلسلہ شبیہات اور چہلم کے دن کے مراسم میں دن بدن اضافہ ہو رہا ہے حتیٰ کہ چہلم کا دن دوسرا یوم عاشور بن گیا ہے۔ آنحضور نے جو فرمایا ہے کہ غم حسین کا اثر ہر دن بڑھتا چلا جائے گا۔ اور یہ سلسلہ اس وقت تک جاری رہے گا جب تک اللہ حق نے جو کچھ فرمایا ہے وہ حرف بحرف ثابت ہو جائے اس عزاداری کی برکتوں سے مومنین فلاح پائیں گے۔ یہ ایسے مسلمات ہیں جو صرف کتب شیعہ تک محدود نہیں بلکہ ان کا دائرہ صحاح ستہ تک بھی پھیلا ہوا ہے ہم مسانید اہلسنت میں سے صرف امام مسلک امام حنبل کی مسند سے بطور نمونہ ایک حدیث پیش کرتے ہیں۔

ربیع ابن منذر نے اپنے باپ منذر سے روایت کی ہے کہ۔ حسین ابن علی نے فرمایا ہے کہ ہمارے غم میں اگر کسی کی آنکھ سے ایک آنسو بھی ٹپک پڑے تو خالق کی طرف سے اس کے اجر میں اسے بہشت ملے گا۔

میں نے اپنے جد بزرگوار امام سجاد سے سنا ہے۔ انہوں نے کسی کے واسطہ کے بغیر مجھے براہ راست فرمایا ہے۔ اگرچہ خواب میں فرمایا ہے کہ۔ مومنین کو ہمارے مصائب سے آگاہ کرو تا کہ وہ روئیں اور اس کے عوض ان کے منجانب اللہ جنت واجب

واجب کرے۔

میں نے عرض کیا۔ آپ اپنے کچھ مصائب مجھے بھی سنائیں۔ والحمد للّٰہ رب العالمین۔

ہادی خراسانی کربلائی ۹ صفر ۱۳۴۷ھ

آخر میں ذات احدیت سے دعا ہے کہ ہمیں آل محمد کی محبت پر زندہ رکھے اور رلانے ہی پر موت دے۔

آمین رب العالمین   علی ربانی خلخالی۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد للہ رب العالمین والصلوٰۃ والسلام علی محمد وآلہ الطیبین الطاہرین ولعنۃ اللہ علی اعدائہم اجمعین من الان الی یوم الدین۔

ارشادی نبوی ہے۔ میرا حسین ہدایت کا چراغ اور کشتی نجات ہے علمائے کرام۔ دانشمندان ذوالاحترام اور شیعہ مشاہیر گرام کے فتاویٰ اور نظریات کتاب عزاداری کے ملحقات میں پیش خدمت ہیں

مجھے امید قوی ہے کہ صاحبہ عزا حضرت صدیقہ کبریٰ جناب فاطمہ زہرا میری اس ناچیز سی کوشش کو دامن قبولیت میں جگہ عنایت فرمائے گی۔ اور ذات احدیت سے درخواست ہے کہ میری زندگی اور موت ولائے آل محمد پر کرے۔

آمین رب العالمین

خادم اہلبیت عصمت طہارت علی ربانی خلخالی

آیۃ اللہ العظمیٰ آقائے خمینی محافظ عزاداری سیدالشہداءؑ

منگل یکم ربان ماہ ۱۳۵۸ ہجری شمسی

یہ بات میں کئی مرتبہ کہہ چکا ہوں۔ اگر اسے سینسر نہ کیا جائے اگر سینسر کیا گیا تو ممکن ہے میں کوئی دوسرا طریقہ اختیار کروں۔ آپ دیکھ رہے ہیں ہم اس جگہ بیٹھے ہیں اور جناب سیدالشہداءؑ نے اپنا سب کچھ تمام جوان۔ تمام ترکہ۔ تمام اصحاب راہ خدا میں دے دیئے۔ اسلام کی تقویت۔ ظلم کی مخالفت۔ ڈکٹیٹر شپ کے خلاف جب کہ اس وقت روئے ارض پر راج ہی تناہا نہ ڈکٹیٹر شپ کا تھا۔ امام نے آواز اٹھائی اور بہت بڑی طاقت کے ساتھ اپنی معمولی سی تعداد لے کر ٹکرا گئے۔ اگرچہ ظاہراً شہید ہو گئے لیکن پھر بھی یزیدیت پر چھا گئے۔ ظلم کو شکست دی۔ ہم بھی انہی کے نقش قدم پر ہیں اور اسی وقت سے حکم آئمہ اہلبیت سے مجالس عزا بپا کرتے چلے آرہے ہیں۔ ہماری ان مجالس عزا میں بھی وہی مسئلہ ہے۔ ہم یہی کہتے ہیں۔ یہ ظلم سے مقابلہ ہے۔ ظالموں کے ظلم سے انہی مجالس عزا کے ذریعہ ہم زندہ رہے ہیں۔ ہمارے خطباء و مقررین نے واقعہ کربلا کو زندہ رکھا۔ ایسے واقعہ کو زندہ رکھا جس میں ایک طرف محدود سے چند افراد اور دوسری طرف ہزاروں تھے۔ لیکن ایک طرف مکمل ایمان تھا اور دوسری طرف مکمل طاغوتیت تھی۔ شہید پر گریہ اس کے مقصد شہادت کی زندگی ہے احدیث میں جو ارشاد ہے کہ جو شخص روئے۔ رلائے یا رونے کی شکل بنائے اس کی جزا بہشت ہے یہ اس لیے

ہے کہ گریہ مقصد شہادت کو زندہ رکھنا ہے۔ جناب امام الشہداء کو زندہ رکھنا ہے ہماری قوم نے ہمیں ان مجالس ہی کے ضمن میں تحفظ دیا ہے۔ رضا خان۔ احمق نہیں تھا۔ کہ اس نے ساداکی ملازمین کو مجالس عزا کے ختم کرنے کا حکم دے رکھا تھا۔ یہ فضول بات نہ تھی۔ ... رضا خاں سرے سے ان مسائل کا مخالف نہ تھا۔ بلکہ رضا خان مجبور تھا۔ رضا خان ان لوگوں کا آلہ کار تھا۔ جو ہمارے ان مسائل سے آشنا تھے۔ ہمارے وہ مخالفین جنہوں نے اقوام عالم کی تاریخ کا مطالعہ کیا ہوا تھا۔ اور جنہوں نے ملت شیعہ کا بالخصوص مطالعہ کیا تھا۔ انہیں معلوم تھا کہ۔ جب تک یہ مجالس عزا ہیں۔ ... تب تک مظلوم پر یہ نوحہ خوانی ہے ..... جب تک ظلم ظالم کے خلاف احتجاج کا یہ اڈہ ہے۔ .... اس وقت تک ہم اپنے مقاصد میں کامیاب نہیں ہو سکتے۔ چنانچہ انہوں نے رضا خان کو تنبیہ کی اور رضا خان نے پورے ایران میں مجالس پر پابندی عائد کر دی۔ انہوں نے اپنا کام کر دکھایا۔ اہل منبر اور علماء کے ہاتھ بندھ گئے انہوں نے ہماری تبلیغات کے ذرائع منقطع کر دیئے۔ اس کے خلاف انہوں نے اپنی تبلیغ کا سلسلہ شروع کیا۔ ہمیں پیچھے دھکیل دیا۔ ہمارے تمام وسائل کو درہم برہم کر دیا رضا خان کے زمانہ میں یہی بات کی جاتی تھی۔ جو آج کل کی جا رہی ہے۔ البتہ لعب و لہجہ ذرا سا بدل گیا ہے۔ وہی گروہ اب ہمارے جوانوں کو فریب دے رہا ہے ... بات وہی ہے جو رضا خان کے دور میں تھی ... اس نے حکماً مجالس عزا پر پابندی لگائی تھی، اب ان کے ایجنٹ زبان طعن دراز کرتے ہیں۔ اور کہتے ہیں۔ اب مجلس عزا میں کیا رکھا ہے۔ اب مصائب نہ پڑھو۔ انہیں کیا معلوم کہ مصائب خوانی کیا ہے؟ یہ لوگ عزاداری کی ماہیت سے ناواقف ہیں انہیں کیا معلوم کہ قیام امام حسین کا تحفظ اسی عزاداری نے کیا ہے۔ وہ کیا

جانیں کہ عزاداری قیام حسینی کی کرنوں سے ایک کرن ہے۔ یہ کیسے جانیں کہ۔ امام حسین پر رونا مقصد امام کی زندگی ہے۔ وہ مقصد کیا ہے یہی کہ ایک انتہائی قلیل مقدار فوج نے شاہی کے ایک بہت بڑے سفاک لشکر کو شکست دے دی۔ عزاداری ایک دستور ہے جو ہر ایک کے لیے ہے۔ یعنی روزانہ ہر جگہ قیام حسینی کا تذکرہ کرو۔ اور بتاؤ کہ امام مظلوم نے بہت بڑی شاہی کا مقابلہ کیا لیکن ظالم کی بیعت ۔۔ نہ ۔ کی۔ ہر جگہ اور ہر روز اسی نہی کا تحفظ کیا جانا چاہیئے۔ ہماری یہ مجالس عزاداری کے تحفظ کی خاطر ہیں۔ ہمارے نوجوان اور بچے یہ نہ سمجھ لیں کہ عزاداری کا مقصد فقط گریہ ہے۔

یہ بات تو مخالفین عزاداری نے پھیلائی ہے۔ کہ آپ لوگ صرف رونے والی قوم ہیں۔ حالانکہ ان لوگوں کو ہمارا رونا ہی کھاتا ہے ہمارے گریے سے یہ لوگ ڈرتے ہیں۔ یہ گریہ بے مقصد نہیں ہوتا۔ مظلوم کی مظلومیت اور ظالم کے ظلم کے خلاف فریاد ہوتی ہے۔ جو جلوس عزا سڑکوں پر نکلتے ہیں۔ وہ ظالم کے خلاف آواز بلند کرتے ہیں۔ ہمارے تمام مذہبی مراسم مراسم اسلام میں ان کا تحفظ ہونا چاہیئے۔

فریب مت دو !۔

این نکته نیز روشن است که چنین مکتبی احتیاج به یک منبع فیاضی دارد که از آن تغذیه شود و الگوئی کامل و تمام عیاری که سرمشق قرار بگیرد دارد و این منبع فیاض الهی و الگوی تام عیار انسانی چیزی جز سیره و موضعگیری حماسه بخش و قدرت آفرین سالار شهیدان خامس آل عبا سید الشهداء حضرت حسین بن علی علیهما السلام نمیتواند باشد ولذا توجه باین لازم است که مفهوم کل یوم عاشورا و کل ارض کربلا [illegible] خاطره حیات بخش عاشورای خونین حسینی و کربلای پربار آنحضرت را نه فقط در هر سال بلکه در هر ساعت هر روز تجدید کنند. باشد که در سایه این مکتب فیاض الهی مستضعفین جهان از زیر یوغ استکبار جهانی آزاد گردند

صلای آزادی خواهی و استقلال طلبی از نخستین شهید این کاروان حضرت مسلم بن عقیل تا [illegible] در جهان طنین انداز است: اقسمت لا اقتل الا حرا وان رایت الموت شیئا نکرا

خداوند متعال بهمه ما توفیق پاسداری از مکتب درخشان اهلبیت علیهم السلام و طی مراحل شهادت عنایت بفرماید

۲۸ ذیحجه الحرام ۱۴۰۱ حسین نوری همدانی

ہی ہے۔ جس میں شہادت اور شہید کی عظمت جو قرآن و سنت میں ہے بیان کی جاتی ہے۔ اور ملت شیعہ اسے اپنا النصب العین قرار دے کر میدان عمل میں آگے بڑھتی ہے۔

۲۹ ذیقعدہ ۱۴۰۱ھ

مسلم ملکوتی

۷۹۔ مراسم عزا اور آیۃ اللہ حسین نوری قم المقدسہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مراسم عزا اور حادثہ کربلا کے تذکرہ کی تجدید جیسا کہ شیعوں میں صدیوں سے تمام اسلامی ممالک میں ادا کیے جاتے ہیں نہ صرف مستحسن اور باعث ثواب ہیں۔ بلکہ ان میں سے بعض اعمال لازم اور واجب بھی ہیں۔

کلمہ حق کی سربلندی۔ عدل و انصاف کے قیام اور ہر دور کی جابر و ظالم حکومت کے خلاف اٹھ کھڑا ہونا جو ہر دور میں مختلف روپ دھار کر مختلف طریقوں سے افراد اور اقوام کو ضعف اور کمزوری کی زنجیریں پہنا کر۔ پس دیوار زندان ڈالتی ہیں۔ کی آنکھ میں آنکھ ڈال کر انسانیت کی نجات کے لیے مکتب اسلام میں بنائے گئے جہاد و شہادت کے سوا کوئی چارہ کار نہیں۔ ایک واضح سی بات ہے کہ ایسی فکر کے لیے کسی ایسے مکتب اور مدرسہ کا ہونا ضروری ہے جو افراد اور اقوام کو درس شجاعت دے۔ اور ایسی فکر طویل تاریخ میں اگر کہیں مل سکتی ہے تو وہ صرف اور صرف سالار قافلہ شہداء خاص آل عبا کی ذات گرامی صفات ہے۔ لہٰذا تمام امت مسلمہ کے لیے ضروری ہے کہ۔ کل یوم عاشورا

اور یہ کل ارض کربلا کے مفہوم پر توجہ دے۔ اور عاشور کے خونیں سانحہ کی یاد نہ صرف ہر سال بلکہ ہر لمحہ تازہ کرے۔ تاکہ اس مکتب فکر کے زیر سایہ مستضعفین عالم حریت فکر و عمل سے ہمکنار ہو سکیں۔ یوم عاشور کا پہلا شہید حضرت مسلم ابن عقیل ہے۔ جب سورج چمکتا رہے گا اور نسیم صبح لوریاں سناتی رہے گی اس وقت تک حضرت مسلم ابن عقیل کا یہ رجزیہ شعر کرہ ارض کے ہر باسی کے لیے مشعل راہ رہے گا۔ میں نے قسم کھا رکھی ہے کہ شرافت کی موت قبول کروں گا۔ اگرچہ خواہ نخواہ مرنا مجھے پسند نہیں ہے۔ دعا ہے خداوند عالم ہم تمام کو مکتب اہلبیت کے تحفظ کی توفیقات خاصہ سے نوازے۔

۲۸ ذی الحجہ ۱۴۰۱ھ

حسین نوری ہمدانی

نظر مبارك محقق عاليمقام حضرت مستطاب حجت الاسلام والمسلمين آيت الله آقای حاج شيخ مرتضی حائری يزدی دام ظله العالی در بارهٔ مجالس عزاداری امام حسين عليه السلام

باسمه تعالی شأنه

الحمد لله رب العالمین والصلاة والسلام علی جمیع الانبیاء والمرسلین لاسیما خاتم النبیین وعلی جمیع اوصیائه

خیر الاوصیاء لاسیما خاتمهم حجة بن الحسن المهدی

بعض از آقایان اهل علم از این جانب خواستند که راجع به عزاداری حضرت ابی عبدالله الحسین علیه و علی آبائه الطاهرین و ابنائه الطیبین الصلاة والسلام چند کلمه به رشته تحریر درآورم اجابت با اعتراف بعظمت موضوع و عدم قابلیت اجابت نمود چنین میگوید.

ثواب گریه بر مصیبت آن مولی و سالار شهیدان در روایات زیادی وارد شده است علامه مجلسی طاب ثراه در کتاب بحار بابی باین عنوان ذکر فرموده و در آن تقریباً از چهل حدیث بلکه در حدود پنجاه حدیث تجاوز است که بسیاری از آنها معتبر است بنابراین استحباب گریه کردن بر آن حضرت مورد گواهی از ضروریات مذهب است و لازم استحباب گریه استحباب مقدمات آن می باشد چنانچه در معتبره هارون مکفوف وارد است که حضرت ابی عبدالله الصادق علیه السلام دستور فرمود که شعر مرثیه بخواند و خواند

امر علی جدث الحسین وقل لاعظمه الزکیه الحدیث

مرتضی حائری ۲۵ محرم ۱۴۰۲

مراسم عزا اور آیۃ اللہ مرتضیٰ حائری یزدی

باسمہ تعالیٰ شانہ — الحمد للہ رب العٰلمین والصلوٰۃ والسلام علی جمیع الانبیاء والمرسلین لاسیما خاتم النبیین وعلی جمیع اصفیاء اللہ فی ارضہ الخلفاء الالٰہیۃ سیما خاتمھم حجۃ ابن الحسن المھدی ۔

بعض اہل علم احباب نے خواہش کی ہے کہ سلسلہ عزاداری میں چند الفاظ تحریر کروں ۔ میں عظمت موضوع اور اپنی کم مائیگی کا اعتراف کرتے ہوئے عرض کروں گا کہ غریب کربلا اور تمام ائمہ اہلبیت کے غم میں آنسو بہانے کا ثواب متعدد روایات میں موجود ہے اس موضوع سے متعلق علامہ مجلسی نے بحار الانوار میں جو روایات جمع کی ہیں ان کی تعداد چالیس پچاس ہے جن میں سے اکثر احادیث مستند اور معتبر ہیں ۔ بنابریں یہ کہا جا سکتا ہے کہ غریب کربلا پر گریہ کرنا ضروریات مذہب سے ہے اب ظاہر ہے کہ جب بکاء مستحب ہے تو مقدمات بکاء کا استحباب بھی لازمی ہوگا ۔ جیسا کہ ہارون مکفوف کی روایات معتبرہ میں ہے کہ جناب آل محمد نے اس سے مرثیہ پڑھنے کی فرمائش کی اور اس نے مرثیہ پڑھا ۔

امرر علی جدث الحسین ۔ اقل لاعظمہ الذکیہ

تربت حسین پر جاکر آپ کے پاکیزہ اور پارہ پارہ جسم سے کہنا ۔

مرتضیٰ حائری ۲۵ محرم ۱۴۰۲ھ

سرکار آیۃ اللہ العظمیٰ عبد الکریم حائری موسس حوزہ علمیہ قم کے فرزند رشید آیۃ اللہ مرتضیٰ حائری نے اپنے والد محترم کی عزاداری اور مراسم عزا سے عقیدت کا یہ واقعہ نقل کیا ہے کہ میرے والد محترم ہمیشہ جلوسہائے عزا میں آگے آگے بحالت سینہ زنی ہوتے تھے ۔ ایک مرتبہ ایام عزا میں ایک قافلہ عزاداری مدرسہ رضویہ سے حرم معصومہ کی طرف جا رہا تھا ۔ اور ایک دستہ مدرسہ فیضیہ سے حرم معصومہ کی طرف جا رہا تھا ۔ والد ان تمام کے آگے بحالت سینہ زنی جا رہے تھے ۔ میرے والد ہمیشہ یہ خیال رکھتے تھے کہ کبھی سادات کسے آگے نہیں بڑھتے تھے ۔ اس دور میں جب کہ بلدیاتی کمیٹیاں نہیں ہوتی تھیں ۔ اور گلیاں کوچے کچے ناہموار اور غیر محفوظ ہوتے تھے بھی جلوسہائے عزا کے تمام شرکاء پا برہنہ ہی جاتے تھے ۔ جو لوگ اپنی عمر کے اعتبار سے اس وقت کے حالات سے واقف ہیں انہیں معلوم ہے کہ راستہ میں کوئی شریک جلوس بچھو وغیرہ کے کاٹنے سے محفوظ نہیں ہوتا تھا ۔ اور اس دور میں بچھوؤں کی تعداد بھی بکثرت ہوتی تھی ۔ ایک عزادار کا بیان ہے کہ میں بچھوؤں کے ڈر سے جوتے نہیں اتارتا تھا ۔ ہوا یہ کہ جو لوگ پا برہنہ تھے ان میں سے کسی کو بھی بچھو نے نہیں کاٹا اور مجھے جوتوں میں بچھو نے کاٹ لیا ۔ وہ شخص میرے والد مرحوم کے زمانہ سے آج تک زندہ ہے اس سے اس واقعہ کی تصدیق کی جا سکتی ہے ۔

بنابریں مکتب اہلبیت کے ارادتمند کو چاہیئے کہ وہ اپنے بزرگ علمائے کے اس عمل کو اپنے لیے مشعل راہ بنائیں ۔

اس واقعہ کو آیت اللہ آقائی شیخ مرتضیٰ حائری نے ۲۲ محرم الحرام ۱۴۰۲ھ کو مولف کے لیے بیان کیا ہے ۔

ایسے نہ ہو کہ عربی کی دو اصطلاحات جان لیں تو ایسی کتابیں لکھنا شروع کر دیں

کہ امام حسین کو آنے والے حالات اور واقعات کا علم نہ تھا ایسے کرنے کا انہیں کوئی حق حاصل نہیں جو ایسا کرتے ہیں۔ ایسے افراد کی طینت ہی ناپاک ہے ایسے لوگ مکتب اہلبیت کی راہ سے بہت دور ہیں دعا ہے۔ خداوند عالم ایسے گم کردہ راہ افراد کو ہدایت دے اور اگر قابل ہدایت نہیں ہیں تو انشاءاللہ انہیں نابود کر دے۔ آمین رب العالمین۔

۸۱۔ باسمہ تعالیٰ۔ بخدمت سرکار آیۃ اللہ العظمیٰ سید رضا صدر دام ظلہ الوارف خدمت عالیہ میں مخلصانہ نیاز کے بعد عرض ہے کہ؛

عزاداری اور مراسم عزا از قبیل سینہ زنی، زنجیر زنی، سیاہ کپڑے پہننا۔ نیاز پکانا۔ وغیرہ جو شیعوں میں عرصہ سے مرسوم و معمول ہیں۔ ان کے متعلق ارشاد فرمائیں کہ آپ کی نگاہ عالیہ میں ان کا مقام ہے کہ تا کہ حضرت حجت کے لیے باعث خوشنودی ہو۔

علی ربانی

باسمہ تعالیٰ :۔ غریب کربلا کے مقدس جہاد کی یاد کا تحفظ کٹھن سے کٹھن حالات میں اور ہر صورت میں امت مسلم کے اہم ترین وظائف سے ہے۔ خواہ یہ یاد سینہ زنی اور زنجیر زنی کی صورت میں ہو یا مجالس عزا کے انعقاد سے ہو یا بصورت نیاز ہو۔ اسی طرح ان کے ایام ولادت میں جشن سرور وغیرہ کا انعقاد ہو۔ کیونکہ اس قسم کی محافل کا انعقاد اور یوم عاشور کے جہاد کا تحفظ ایمان کی زندگی اسلام کی بقاء اور معرفت حقیقیہ کا ضامن ہے۔

۲۵ محرم ۱۴۰۲ھ سید رضا صدر

مراسم عزا اور آیۃ اللہ مصطفیٰ اعتمادی مدظلہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

عزاداری سید الشہداء ایک صحیح راستہ اور الہٰی مبداء فیض ہے فضیلت عزاداری گریہ انبیائے عظام از حضرت آدم تا حضرت خاتم اور اہلبیت عصمت از علی و فاطمہ تا حضرت حجت سے توسل برائے قضائے حاجات کے سلسلہ میں متعدد روایات و احادیث موجود ہیں۔ اسی طرح ملائکہ کی مرثیہ خوانی۔ جنات و حوش و طیور اور دیگر چوپایوں کے علاوہ ارض و سما کا امام حسین پر گریہ کرنا تواتر کی حد تک مروی ہے۔ اور ہر صورت میں اس کا جواز غیر مبہم اور واضح ہے۔ اس حقیقت نورانیہ کا تحفظ لازمی ہے۔ دشمنان دین نے اپنی وسیع تر تبلیغات کے ذریعہ ہمیشہ عزاداری کو ختم کرنے کی کوشش کی ہے۔ وہ کبھی عزاداری کو افسانہ کہتے ہیں۔ تو کبھی تعصب کا مظاہرہ کہتے ہیں اور کبھی اسے پرانی رسم کہدیتے ہیں۔

ان کے یہ استدلال دیکھ اور سن کر سادہ لوح افراد ان سے متاثر ہو جاتے ہیں۔ لیکن یہ عزاداری اپنے روز اول کی طرح رو بہ ترقی ہے۔ کیا یہ انتہا نہیں ہے کہ پابند رسن اسیران اہلبیت جو عزاداری پر قادر نہ تھے۔ انہوں نے بھی چند دنوں کے بعد یزید کے کاخ ظلم و جور میں عزاداری کی۔ اور رفتہ رفتہ اس سلسلہ نے تمام شہروں اور محلات کو اپنی لپیٹ میں لے لیا۔ اور دشمن اندھا ہو گیا۔ عزاداری اسلام حیات کے ساتھ ساتھ اسرار جہانبانی کی بھی حامل ہے۔ عزاداری کے اعتبار سے شیعہ سٹیج انتہائی اہم ترین خصوصیات اور

حساس ترین اسرار کی حامل ہے۔ تنہا عزاداری ہی ان امور کے لیے کافی ہے۔ اور ترویج اسلام کا رکن رکین ہے۔ پھر اس عزاداری کے ساتھ جب حقیقت بیان اور حق گو وہ ذاکرین بھی اس میں شامل ہو جاتے ہیں جو جناب صدیقہ طاہرہ کی امیدیں شامل ہو جاتے ہیں اور اپنے علمی اور مجری العقول فلسفیانہ بیانات سے حیرت انگیز فلسفہ شہادت امام مظلوم کو صلاحیت سے بیان کرتے ہیں تو اس کی افادیت اور بھی بڑھ جاتی ہے۔ البتہ بعض اوقات مجاہدین کی سرکوبی میں مطالب میں سقم اور مسامحہ بھی ہوتا ہے۔ جو امر بالمعروف اور نہی عن المنکر سے ہرگز کمتر نہیں ہے۔ لہٰذا اسٹیج پر اس پہلو کو بھی فراموش نہ کیا جائے۔ یہ بھی دشمنوں کی خواہش ہے کہ جب وہ عزاداری کو کلیتہً ختم کرنے سے مایوس ہو گئے تو انہوں نے یہ خواہش کرنا شروع کر دی کہ بس صرف مصائب ہی پڑھے جائیں (تاکہ اصول اسلام اور فروع دین بیان نہ ہوں)

بہر صورت عزاداری ایک فطری شئے ہے۔ جس میں یہ بتایا جانا ضروری ہے

۱۔ حسین کون تھا۔؟ (۲) آپ کا نصب العین کیا تھا؟

۳۔ واقعہ کربلا کیسے ہوا؟

اگر انسان ان نکات پر غور کرے تو وہ ہر وقت اپنے کو عزادار دیکھے گا۔

اے اللہ! بحق محمد و آل محمد ہماری اس تحریر کو قبول فرما۔

۲۵ محرم ۱۴۱۲ھ

مصطفیٰ اعتمادی۔

مراسم عزا اور آیۃ اللہ محی الدین ممقانی دامت برکاتہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد للہ رب العالمین و افضل الصلوٰۃ و السلام علی عبدہ و حبیبہ و صفیہ محمد و آلہ اکبر برۃ المیامین الائمۃ المعصومین واللعن الدائم علی اعدائہم اجمعین الی یوم الدین اما بعد

بہت افسوس کی بات ہے۔ کہ زمانہ اس قدر آلودہ ہو چکا ہے۔ اور شیعہ مذہب کے خلاف اس حد تک تبلیغات کی جا چکی ہیں کہ اب شعائر قطعیہ اور امور مسلمہ کے متعلق سوال ہونے لگے ہیں۔ جن میں سے ایک عزاداری سید الشہداء علیہ السلام ہے۔ یہ بات اتفاقی نہیں ہے بلکہ دشمنان اسلام و دشمنان مذہب تشیع کے مخفی و ظاہر تبلیغات سے اس کی پشت پناہی ہوتی ہے۔

واقعہ کربلا امام حسینؑ اور اس کے جان نثاروں کی شہادت کے متعلق رسولؐ اکرم جناب امیرؑ حضرت صدیقہ طاہرہؑ اور امام حسنؑ کئی بار خبریں دے چکے تھے اور اس مصیبت عظمیٰ پر گریہ و زاری کر چکے تھے اور اس واقعہ کے بعد تمام آئمہ طاہرین مخصوص امام صادقؑ امام موسےٰ کاظمؑ امام رضاؑ نے مجالس عزاداری برپا کیں اور اس مصیبت پر شعر لکھنے والے شعراء کو تشویق دلائی تھی۔ اور رونے رولانے والوں کے لیے ثواب اور اجر عظیم بیان فرماتے رہے۔ زنجیر مارنا۔ ماتم کرنا اور اس قسم کے باقی چیزیں جو سوگواری کی عظمت ہوں۔

جائز ہیں اگر صاحب ضرر نہ ہوں۔ اور موجودہ دور میں چونکہ رمز تشیع مذہب کی حفاظت میں ہے اس لیے یہ چیز بھی لازم الاجراء بلکہ واجب کفائی ہیں بشرطیکہ عزاداری امام حسینؑ باطل کی ترویج کا مقدمہ نہ ہے البتہ اپنے مرجع تقلید کے فتویٰ پر عمل ضروری ہے۔

ایک شخص نے ایک شیعہ عزادار پر اعتراض کیا کہ اس عزاداری کا کیا فائدہ ہے جب کہ حضرت امام حسینؑ کو شہید ہوئے کئی صدیاں گذر چکی ہیں۔

اس نے جواب دیا کہ حضرت رسول اکرمؐ نے چالیس ہزار یا باختلاف روایات ایک لاکھ مسلمان حاج کے سامنے جناب امیرؑ کا بازو پکڑ کر ان کی خلافت کا اعلان کیا اور فرمایا۔ مَن کنت مولا فعلی مولاہٗ۔ اور ایک مفصل خطبہ بیان فرمایا اور تمام موجودہ مسلمانوں سے بیعت لی۔ لیکن رسول پاک کی رحلت کے بعد لوگوں نے اتنی جلدی فراموش کر دیا۔ اس لیے ہم سید الشہداء علیہ السلام کی عزاداری کرتے ہیں تاکہ مسلمان اس واقعہ کو فراموش نہ کر دیں۔ اور دشمنان اسلام یعنی بنی امیہ کے اصلی کردار کو تبدیل کر کے تقویٰ اور فضیلت کی صورت میں پیش نہ کیا جا سکے۔

خداوند عالم سے التماس ہے کہ وہ اس مظلوم فرقہ شیعہ امامیہ کو دشمنان اسلام کی تبلیغات سے محفوظ و مامون فرمائے۔ اور امام زمانؑ کا ظہور فرمائے۔ اور منافقین اگر قابل ہدایت ہیں تو ان کو ہدایت فرمائے۔ ورنہ انہیں نیست و نابود فرمائے۔

ولا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم و اخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین۔

۲۶ محرم ۱۴۰۲ھ

محی الدین معقانی

و مظلوم شیعه را از تبلیغات دشمنان اسلام که بصورت مدافعینی از اسلام هستند حفظ فرماید وعاجلا حضرت بقیه الله ارواحنا لتراب مقدمه الفداء ظاهر فرماید و منافقینی را اگر قابل هدایت هستند هدایت کند واگر فاقد قابلیت هدایت هستند نابود فرماید . ولا حول ولا قوه الا بالله واخر دعوانا ان الحمد الله رب العالمین . ۲۶ محرالحرام ۱۴۰۲ محی الدین معقانی

ولاحول ولاقوة الا بالله واخر دعوانا ان الحمدلله رب العالمین

۲۶ محرم الحرام ۱۴۰۲ الهج

محی الدین معقانی

نظر مبارک حضرت آیت الله الحاج شیخ اعظم ... در باره عزاداری امام مظلوم حسین بن علی علیه السلام

بسم الله الرحمن الرحیم ...

ما رقم فی ... المرحوم ...

... علیه فی ...

۲۶ محرم الحرام ۱۴۰۲ هـ ق

احمد ... الشیخ ...

مراسم عزا اور آیۃ اللہ شیخ احمد سبط شیخ مرتضیٰ انصاری

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

جو کچھ اس فتوٰی میں مذکور ہے جو مرحوم حجت سرکار علامہ مرزا نائینی کی طرف منسوب ہے از روئے فتوٰی وہ قابل اعتماد اور موثق ہے۔

۲۶ محرم ۱۴۰۲ھ
احمد سبط شیخ مرتضیٰ انصاری

۸۵۔ مراسم عزا اور آیۃ اللہ آقائی حاج سید محمد کاظم موسوی قزوینی دامت برکاتہ!

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

واقعہ کربلا نہ صرف تاریخ اسلام میں بلکہ تاریخ انسان میں اپنی نوعیت کا پہلا اور آخری واقعہ تھا اور ہے۔ کیونکہ امام حسین آپ کے ساتھ ذریت نبویہ اور انصار جو اپنے وقت میں روئے ارض کے باسیوں میں سے کامل ترین اور بہترین افراد تھے۔ انتہائی ظلم و جور سے شہید کیے گئے۔ اہلبیت طہارت کی مخدرات عصمت کو رسن بستہ شہر بشہر تشہیر کرایا گیا۔ اور ان تمام افراد نے اپنے ساتھ کیے جانے والے ہر انسانیت کش اقدام کو صرف اور صرف تحفظ ناموس اسلام کی خاطر قبول کیا۔ عظمت قرآن کے دفاع اور بقائے دین کے لیے یہ قربانی پیش کی۔

نظر مبارك حضرت مستطاب حجت السلام والمسلمين آيت اللّه آقای حاج سید محمد كاظم موسوی قزوینی دامت بركاه درباره عزاداری سید الشهداء علیه السلام

بسم الله وله الحمد

نظر باینکه فاجعه کربلا در تاریخ اسلام بلکه در تاریخ بشر بی نظیر بوده و هست زیرا حضرت سید الشهداء حسین بن علی سلام الله علیه و خاندان واصحاب بزرگوارش را که بهترین اهل زمین بودند بفجیع ترین کیفیتی شهید کردند و دختران وحی و رسالت را با کمال اهانت اسیر کردند و آن بزرگواران شهادت و اسیری را تحمل کردند در راه حفظ اسلام و دفاع از قرآن وبقاء دین خدا، لهذا سزاوار است عارفین بمقام امامت و مطلعین، از اهمیت فاجعه کربلا یاد آور مصائبی که براین خاندان مطهر، نازل شد فراموش نکرده و بهر وسیله ای که ممکن است زنده نگهدارند واقعه دلخراش کربلا را وعملا بجهانیان اعلان و اعلام کنند که فاجعه کربلا از جمیع حوادث خونین اسلام مهم تر و جانسوزتر است، و در تاریخ جنایات جنایتی مانند حادثه واقع نشده، بهمین جهت طرز بزرگداشت این فاجعه امتیاز خاصی دارد و اسلوب مخصوص در آن رعایت میشود تا اینکه جلب انتباه کند از همه طبقات و جهانیان بفهمند که مطلب فوق العاده بزرگ است و مستوجب تأثر عمیق واندوه بسیار است، ومجالس عزاداری و دسته های سینه زنی و زنجیرزدن و امثال ذلك ازمظاهر حزن و مصادیق تعظیم روز عاشوراء و فاجعه عاشوراء است. البته مطالب بیش از اینها است ولی بهمین مختصر اکتفا میشود.

وسلام الله علی الحسین واصحابه ۲۶ محرم / ۱۴۰۲

محمد كاظم القزوینی الموسوی وسلام الله علی الحسین واصحابه

۲۶ محرم ۱۴۰۲ محمد كاظم القزوینی الموسوی

اب اس قربانی اور ایثار کا تقاضا ہے کہ جو لوگ مقام امامت کی عظمت سے واقف اور سانحہ کربلا کی اہمیت سے مطلع ہیں وہ سانحہ کربلا کے مصائب کی یاد کو فراموش نہ کریں ۔ جیسے بھی ممکن ہو اس واقعہ کی یاد تازہ رکھیں ۔ کرہ ارض پر بسنے والے ہر دور کے ہر باسی کو کھلے عام اس واقعہ کے حقائق اور پس منظر سے آگاہ رکھیں جس طرح انسانیت کی تاریخ ایثار میں یہ واقعہ بے مثل ہے اسی طرح ستم کی تاریخ بھی فاجعہ کربلا کی نظیر لانے سے قاصر ہے ۔ یہی وجہ ہے ۔ اس واقعہ کے اثرات دور اس اور اس کے یاد کے مخصوص اور ممتاز ذرائع ہیں تا کہ ہر قسم کے افراد اس واقعہ سے اپنے اپنے مزاج اور افتاد طبع کے مطابق اثر قبول کریں ۔ چنانچہ مجالس عزا ، سینہ زنی اور زنجیر زنی کے جلوس وغیرہ جیسے تمام مراسم عزا حزن والم کے مصادیق اور یوم عاشور کی اظہار عظمت اور اہمیت کے لیے ہیں ۔ اگرچہ اس سلسلہ میں لکھنے کو بہت کچھ ہے لیکن ہم اسی پر اکتفا کرتے ہیں ۔

سلام اللہ علی الحسین و اصحابہ ۲۶ محرم ۱۴۰۲ھ

محمد کاظم قزوینی موسوی ۔

نظر مبارك حضرت حجة الاسلام والمسلمین آية اللّه آقای حاج شیخ محمّد واصف دامت برکاته درباره مجالس عزاداری امام حسین (ع)

بسم الله الرحمن الرحیم

جهت لزوم عزاداری یک حدیث که باب ثواب گریستن بر حسین علیه السلام از کتاب بحار الانوار نقل کرده میشود

هر چیز حتی آسمانها و زمین و مرغان و ماهیها برای حضرت گریسته اند صحیح و شنیدنی گریه آنان مانند گریه پیامبران در امر حسین ع در کتب معتبره مسطور است . امام هشتم علیه السلام به ریان بن شبیب فرمود : « ان کنت باکیاً لشیء فابک للحسین ع » یعنی اگر برای چیزی خواستی گریه کنی یا بکنی ، پس بر حسین گریه کن ... بنابرین ... عزاداری حسین ع از مصادر عصمت قابل انکار نیست . اما رمز عزاداری آنحضرت امریست که تنها بعضی در شان آن نوشته نشد مقصود در سهام باین چند شعر از ارجوزه اسرار الشهادة الکنی می نمایم

واذ غدی الاسلام دون حایط ، مثل القیاس فاقد الشرایط
فلتجب الفدیة للهدایة ، من اهل الایمان ذی الولایة
اذ الفداء واجب کفائی ، مع الوجودات بحکم عالی
فقام بالقوم امام الامة ، علی فداء الانفس المهمة
لاول آل الله من عصبته ، ما اشرقت الارض بنور ربه
طه بحق الاعراف بالشهادة ، الدین والدنیا مع السیادة
یا لیت کنا معهم رمیمة ، حتی نفوز فوزة عظیمة
فلینبغی البکاء للصیانة ، نقض البکاء اثر الامانة

قم ۲۶ الاحقر محمد بن ابی القاسم المدعو بواصف

۲۶ محرم الحرام ۱۴۰۲

مراسم عزا اور آیۃ اللہ محمد واصف دامت برکاتہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

میرے خیال میں اگر بحار الانوار میں گریہ بر امام حسینؑ کے ثواب سے مسنون باب کا مطالعہ ہی کر لیا جائے تو عزاداری کے لازم ہونے کے لیے کافی ہوگا۔

ارض وسما۔ پرند اور مچھلیوں تک نے ساحۂ کربلا پر گریہ کیا ہے۔ ملائکہ جناب۔ اور انبیاء کا گریہ بر امام حسینؑ بھی کتب میں مذکور ہے۔ امام رضاؑ نے ریان ابن شبیب سے فرمایا تھا اگر تو کسی چیز پہ رونا چاہے تو پھر امام حسینؑ کے غم میں رویا کر۔ بنابریں عزاداری امام حسینؑ کا جواز مصادر عصمت وطہارت سے ناقابل انکار حقیقت ہے۔ قربانی امام حسینؑ وہ معاملہ ہے جس پر کئی کتابیں لکھی جا چکی ہیں۔ میں اسرار الشہادۃ کے موضوع پر ذیل کے چند اشعار سے اپنی بات کو ختم کرتا ہوں۔

• جب سبزہ زار اسلام کی چار دیواری گر جائے۔ اور اسلام قیاس کی مانند مفقود الشرائط رہ جائے۔

• ایسے حالات میں ہر صاحب ولایت اور صاحب ایمان کے لیے بقائے ہدایت کی خاطر قربانی واجب ہو جاتی ہے۔

• کیونکہ از روئے حکم غایت تمام موجودات کے لیے ایسے حالات میں ایثار واجب کفائی ہوتا ہے۔

• ایسے حالات میں امام امت نے اپنے عظیم ترین نفوس کی قربانی کا فیصلہ کیا۔

• آل محمد کیسے مصائب سے دوچار ہوئی۔ اور سرزمین کربلا اس قربانی سے کیسی مشرف ہوئی۔

• اس شہادت سے دو چیزوں کو بقاء نصیب ہوئی۔ دین۔ دنیا اور سیادت۔

• کاش میں بھی ہوتا اور ان کے ساتھ دفن ہو کر فوز عظیم سے بہرہ ور ہوتا۔

• اس قربانی کے تحفظ کی خاطر عزاداری انتہائی ضروری ہے۔ اور یہی عزاداری ہی دیانت کی علامت ہے۔

۲۶ محرم ۱۴۰۳ھ محمد واصف

۸۷۔ مراسم عزا اور آیۃ اللہ عبد اللہ جوادی آملی دامت برکاتہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

۱۔ اولیاء اللہ کی درس آموز زندگی کی یاد وہ سنت ہے جو ذات احدیت نے جاری کی ہے اور ہر بعد میں آنے والے نبی کو اپنے پیشرو نبی کی یاد دیوں دلائی ہے۔ ہمارے بندوں ابراہیم اور اسحاق۔ ۔ ۔ ۔ کو یاد کرو۔

۲۔ ذریت رسول کے غم میں مراسم عزا اور ماتم معارف دینیہ کے نشر اور بقائے دین کا سبب ہیں۔ کیونکہ از روئے ارشاد نبوی قرآن اور عترت ہی وہ دو گرانقدر ساتھی ہیں جو حوض کوثر تک ایک دوسرے سے جدا نہیں ہوں گے۔

۳۔ غم مظلوم کربلا میں دل کا متاثر ہونا فطری بات ہے جو زبان حال سے ہر ایک سے مخاطب ہے کہ۔ جو اثر اس میں ہے اور کسی میں نہیں۔

۴۔ سید الشہداءؑ کی دردناک کہانی آج بھی عقل سے کہتی ہے کہ معرفت کا ثمر درس و تدریس ہی میں ہے۔

۵۔ خامس آل عبا کی غم انگیز داستان کی یاد شجاعت پر آمادہ کرنے کے لیے ہر سال سے یوں مخاطب ہے کہ کسی حکمران کی بدترین عادت دشمن سے خوف ہوتی ہے

۶۔ عزاداری امام حسینؑ میں سینہ زنی اور پا برہنہ چلنا تشویق حریت اور کسی بھی سازش نا قبول شخص کے لیے مشعل راہ ہے جو ہر جابر سے یوں خطاب ہے میں نہ تو کسی ذلیل کی طرح اپنا ہاتھ تمہارے ہاتھ میں دوں گا۔ اور نہ ہی غلاموں کی طرح بھاگ جاؤں گا۔

۷۔ امام حسینؑ کی شہادت پر آنسو بہانا وہ امام حسینؑ جس نے ناموس اسلام کے تحفظ کی خاطر بیانگ دہل کہدیا تھا۔ اگر روئے ارض پر میرے لیے کوئی جائے پناہ نہ رہے تب بھی یزید ابن معاویہ کی بیعت نہ کروں گا۔

یہ تمام امور اسلام کی بہترین سنتوں میں سے ہیں۔ اے مولا جسے آپ نے حق فرمایا ہے میں بھی اسی کو حق سمجھتا ہوں اور جسے آپ نے باطل قرار دیا ہے میں بھی اُسے باطل سمجھتا ہوں۔

۲۶ محرم ۱۴۰۲ھ
عبداللہ جوادی آملی

ارشاد نبوی ہے۔

- جو آل محمدؐ کی محبت پر مرا شہید ہوا۔
- جو آل محمدؐ کی محبت پر مرا تائب ہو کر مرا۔
- جو آل محمدؐ کی محبت پر مغفور ہو کر مرا۔

- جو آل محمدؐ کی محبت پر مرا کامل الایمان مومن ہو کر مرا۔

ولاءها وولايتها شہید مطہری
منقول تفسیر کشاف زمخشری متوفی ۵۳۵ھ

۸۸۔ مراسم عزا اور آیۃ اللہ محمد تقی جعفری تبریزی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد للہ رب العالمین والصلوٰۃ والسلام علی خاتم الانبیاء ورسلہ محمد وعلی آلہ الطیبین الطاہرین۔

امام حسین اپنی زندگی کو دست قدرت میں فروخت کر رہے ہیں اپنے ذرا متاع جان۔ فروخت کنندہ اور خریدار کو دیکھ لیجیے۔

انبیاءؑ۔ اوصیاء اور اولیاء اللہ نے حصول کمال اور تبلیغ ہدایت میں جو کام سر انجام دیئے ہیں۔ ان کی بدولت وہ بارگاہ رب العزت میں عظمت کے آخری درجہ پر فائز ہو چکے ہیں۔ اور آپ کی سیرت جسم ہستی میں دھڑکتے دل اور بحر زیست میں تیرنے والی کشتی کے قطب نما کی ہے۔

بالعموم ملت مسلمہ اور بالخصوص فرقہ شیعہ حقہ کی نگاہ میں امام حسین کا وہی مقام ہے جسم اسلام کے لیے آپ دھڑکتا دل ہیں۔ اور بحر اسلام کی کشتی نجات کا آپ قطب نما ہیں۔ اور اس بحر اسلام کا ساحل بارگاہ خالق میں حضور ہے۔

ہر امام صفت باری کے اس عظیم کارخانہ میں اللہ کی حکمت کاملہ کے مطابق ایک مخصوص راہ اور مخصوص کاموں اور سالک ہوتا ہے۔ اللہ کی مشیت کاملہ اور لطف الٰہی کا وہ تقاضا جو حیات انسان سے حجت خالق سے مربوط ہوتا ہے

وہی حجت باری ہی جسم کائنات میں دھڑکتا دل اور ساحل قیامت تک لے جانے والی کشتی حیات کا قطب نما ہوتا ہے۔

جب بھی کل نفس ذائقۃ الموت ثم الینا ترجعون کے الٰہی ابدی اصول کے پیش نظر ایک نمائندہ خالق اس دنیائے فانی سے آنکھیں بند کرتا ہے۔ اور اعلیٰ علیین کی طرف پرواز کر جاتا ہے۔ تو اس کا جانشین اپنے عہدہ راہبری اور منصب راہنمائی کی مسند پر جلوہ گر ہو جاتا ہے۔ انہی حجج الٰہیہ میں سے علمائے ربانیین بھی ایک ہیں جن کے متعلق ارشاد معصوم ہے۔

ایسا عالم جو اپنے دین کا محافظ ہو۔ اپنے نفس کا نگران ہو۔ اپنی خواہشات کا مخالف ہو اور حکم مولیٰ کے تابع ہو۔

ایسے علماء بھی اللہ کی طرف سے دین الٰہی کی پیشرفت کے لیے دھڑکتے دل اور قطب نمائے کشتی حیات کی حیثیت رکھتے ہیں۔

لیکن دوسرا جانشین پیغمبر (امام معصوم) ہر فکری سوچ سے آگاہ ہوتا ہے اس کا دل پاکیزہ اور مقدس جذبات کا مسکن ہوتا ہے۔ یہ نائب نبی اور امور نبوت کی پیشرفت کا ذمہ دار ہوتا ہے۔ اسی کو ہم جسم کائنات کا حقیقی قلب حساس اور کشتی حیات کا حقیقی قطب نما سے تعبیر کرتے ہیں۔

یہ دونوں فعال اور ذمہ دار عامل ہیں۔ جو اسلامی زندگی کی بقاء کے ضامن ہیں۔ امام حسین کا سرخ نزین سانحہ جو عالم اسلام میں بالعموم اور عالم شیعت میں بالخصوص فکر انسان کو عظمت حق اور اہمیت عدالت کا درس دیتا ہے۔ انسانی پاکیزہ دلوں کے مقدس جذبات کو بلند سے بلند کرتا ہے گذشتہ صدیوں میں صدلئے۔ یا حسین ۔ سے یا حق ۔ اور یا عدل کی آواز بلند ہوتی ہے جو فضائے عالم میں لرزاں ہے۔

یا حسین کی یہ بامعنی صدا جو یوم عاشور یا ایام عزا میں جنہیں ایام حسین یا۔ ایام اللہ بھی کہا جاتا ہے عاشقان حق کے منہ سے نکل کر چاردانگ عالم میں پھیلتی ہے استمرار حق کی موجب ہے۔ انسانوں کی یہ فریاد بقائے انسانیت کی ضامن ہے۔ بنابریں آج یہ سوال کرنا کہ۔ کیا عزاداری اور مراسم عزا جو دلی جذبات کے اظہار کی آواز ہے۔ اور جسے حسینی ایام میں برپا کیا جاتا ہے۔ ان ایام حسینی میں جو ناموس اسلام سے دفاع کے نام پر آج بھی جبین تاریخ کا جھومر بنے ہوئے ہیں۔ اور یہ پوچھنا کہ۔ یہ مراسم عزا جائز ہیں یا نہیں ؟

یہ سوال بالکل ایسا ہے جیسے کوئی پوچھے کہ۔۔ کیا ناموس حق سے دفاع احیائے عدالت کی جنگ۔ ظالم کے خلاف قیام۔ اور سرکش سے مقابلہ جائز ہے یا نہیں ؟

اس سوال کا جواب خود سوال میں موجود ہے سوال یہ ہوگا۔ آیا حق اور حامیان حق کی نصرت جائز ہے یا نہیں ؟ اس علت کے پیش جواب یوں ہوگا کہ۔

بصورت جلوس اور بصورت منظم حامی حق امام حسین ابن علی کی عظیم تر قربانی کی نصرت اور اس کا پرچار نہ صرف ایک جائز کام ہے بلکہ مطلوب موکد ہے۔ اور ضروری ہے۔ عقلائی جذبات کو تقاضائے عقل کے مطابق ایسے پاکیزہ احساسات سے اجاگر کیا جائے کہ انسان کی اعلیٰ ترین صلاحیتیں ایام عزا میں نمایاں ہوسکیں۔

۷ صفر ۱۴۰۲ھ

محمد تقی جعفری

نبی اکرم نے فرمایا ہے۔ میں اس قوم کو خوش آمدید کہتا ہوں۔
جو جہاد اصغر میں کامران ہو کر واپس آتی ہے۔ اور اب نفس
سے جہاد اکبر ان کے سامنے ہے۔

وسائل الشیعہ ج ۶ ص ۱۲۴

۸۹۔ مراسم عزا در ایۃ اللہ سید مہدی لاجوردی :

باسمہ تعالیٰ :-

یقین کیجیے کو چہ حسین ہی رمز ازلی ہے۔

چہرہ حسین ہی ابدی عشق ہے۔

اگر تجھے شاہی آئینہ جمال کی ضرورت ہے۔

تو وہ صرف اور صرف روئے حسین ہی ہے۔

اس اللہ کی حمد ہے جس نے مراتب شہدا کو اعلیٰ مدارج عنایت فرمائے اور ان کے شیعہ کو شہدا پر روئے رلانے اور رونے کی صورت بنانے کے عوض آتش جہنم سے نجات دی اور نصرت مظلومین اور مستضعفین کے صلہ میں انہیں اعلیٰ ترین صفات کا مکین قرار دیا۔ حضرت محمدؐ اور ان کی آل پر اللہ کی رحمتیں ہوں۔ خصوصاً اس یگانہ روزگار پر رحمت خدا ہو جس کی ذریت میں نور امامت ودیعت فرمایا۔ جس کی مٹی کو شفا قرار دیا۔ جس کی ضریح کو اجابت دعا کا مقام بنایا جس پر آسمانوں نے خون کے آنسو بہائے جو ساکنان یثرب و بطحاء کا فخر تھا۔ اس کے نو امام بیٹوں پر اور خصوصاً امام زمانہ حجت ابن حسن پر رحمت باری ہو

سانحہ کربلا درس گاہ توحید ہے۔ پاسبان قرآن ہے۔ حقائق اسلام کا نگران ہے۔ استقلال و آزادی کا محافظ ہے۔ تکمیل دین کا امین ہے۔ فاجعہ کربلا مادیت پر روحانیت کی فتح ہے۔ تلوار پر خون کا غلبہ ہے۔ نفاق پر وحدت کی کامرانی ہے۔ ظلمت پر نور کی کامیابی ہے۔ جہالت پر علم کی سبقت ہے اور کمزور کے مقابلہ میں جابر کی شکست ہے۔ کون نہیں جانتا کہ قیام امام حسینؑ سے قبل اور سانحہ کربلا کے بعد سینکڑوں انقلاب کرہ ارض نے دیکھے ہیں۔ اور سینکڑوں انقلاب آئیں گے۔ لیکن انقلاب کربلا سے عظیم تر ایسا انقلاب آج تک چشم فلک نے نہ دیکھا ہے اور نہ دیکھیں گی جس کے ثمرات انقلاب کربلا سے زیادہ دیرپا اور دور رس ہوں۔ اکثر مورخین کے نزدیک کرہ ارض پر ہونے والے تمام انقلابات خواہ وہ یورپین خونریزیاں ہوں۔ یا صلیبی جنگیں۔ مغلوں کی لشکر کشی ہو یا کوئی جنگ بیرونی یورشیں ہوں۔ یا داخلی بغاوتیں ان تمام کا مقصد حصول اقتدار۔ جلب شہرت۔ حب ریاست اور خواہش سربرآرائی رہا ہے اور رہے گا۔ جب کہ انقلاب کربلا سو فیصد اللہ کے لیے تھا یہی وجہ ہے کہ اس کا اثر اور ثمرات تا قیامت رہیں گے۔

جب تک اللہ کی خدائی موجود ہے۔ شاہ کربلا کا پرچم لہرا رہا ہے جو لوگ عزاداری امام حسینؑ کے مراسم عزا اور آپ سے متعلق انجمنوں پر زبان طعن دراز کرتے ہیں وہ احمقوں کی جنت میں بستے ہیں۔ اعتراض برائے اعتراض کرتے ہیں۔ دشمنان دین ہیں اور اعدائے آئین ہیں۔ ایسے لوگ درسگاہ شرف و کمال سے اعلان جنگ کر رہے ہیں۔ ایسے لوگ قرآن و دین حق کے راہنمایاں حقہ کی لعنت کا طوق گلے میں ڈال رہے ہیں۔

یہ حسین لاریب متقین اور مجاہدین کے لیے ہدایت ہے۔

۵ ربیع الاول ۱۴۰۲ھ

احقر مہدی لاجوردی

(شہید حزن وقیام قم)

۹۰ - مراسم عزا اور آیۃ اللہ حسین وحید خراسانی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

عزاداری اور مراسم عزا سے امام آئمہ معصومینؑ کی سیرت ہے۔ آپ کے فضائل ومصائب کا تذکرہ مشن آل محمد کا احیاء ہے جس کا استحباب روایات متواترہ سے مستفاد ہے۔

۴ ربیع الاول ۱۴۰۲ھ

حسین وحید خراسانی

مراسم عزا اور آیۃ اللہ عبداللہ مجید فقیہی بروجردی

الحمد للہ رب العالمین والصلوٰۃ والسلام علی محمد والہ الطاہرین ولعنۃ اللہ علی اعدائھم اجمعین۔

خلاق عالم نے آیۂ مودت میں اجر رسالت کو محبت فی القربیٰ میں محصور کر دیا ہے۔ جس طرح نبوت۔ امامت۔ قیامت اور وجوب تکلیف عدل الٰہی کے فروع سے ہیں اسی طرح ذی القربیٰ سے محبت ولایت کے فروع سے ہے اور پیغام رسالت کی امین ہے۔ جس طرح انکار عدل فی الواقع انکار توحید ہوتا ہے اسی طرح مودت فی القربیٰ ایمان کی اساس اور شرط ہے علمائے کلام نے اپنے مقام پر عدل اور امامت کو اصول مذہب سے نہیں بلکہ اصول دین سے ثابت کیا ہے۔ امام شافعی نے وجوب محبت کی تشریح یوں کی ہے۔

اے اہلبیت رسول آپ کی محبت۔ اللہ کی طرف سے فریضہ ہے۔ جو قرآن میں موجود ہے رآپ کی عظمت اور جلالت قدر کے لیے اتنا ہی کافی ہے کہ جو شخص آپ کی ذوات قدسیہ پر صلوات نہ پڑھے اس کی نماز ہی نہیں ہوتی۔

یہ ایک مسلمہ حقیقت ہے کہ محبت ہو یا مودت دونوں دلی معاملات ہیں حدیث میں ہے۔ ہمارے شیعہ ہماری فاضل طینت سے پیدا کیے گئے ہیں۔ ہماری خوشی میں مسرور اور ہمارے غم میں محزون ہوتے ہیں۔ جس نے تم سے محبت کی گویا اللہ سے محبت کی۔ جس نے تم سے بغض کیا۔ گویا اللہ سے بغض کیا۔ جس نے تمہاری اطاعت کی گویا اللہ کی اطاعت کی۔ نبی اکرمؐ

نے محبت واطاعت اہلبیتؑ کو محبت واطاعت الٰہیہ قرار دیا ہے۔

بنابریں فضائل ومصائب اہلبیت کی کتب کا لکھنا نشر کرنا۔ اور ان کے مصائب میں رونا محبت ہی کے افراد سے ایک فرد ہے۔ مجالس عزا کا انعقاد ان کی ولادات پر جشن مسرت منانا۔ اما مبارگاہیں بنانا۔ ان کی محبت میں کھانا کھلانا نوحہ خوانی کرنا۔ مرثیہ سرائی۔ سینہ زنی۔ زنجیر زنی۔ شبیہ سازی۔ سیاہ لباس پہننا جلوسہائے عزا مرتب کرنا۔ چاقو زنی۔ ایشیا اور افریقہ میں مرسوم آگ پر ماتم کرنا اور خون بہانا۔ وغیرہ تمام مراسم عزا شعائر اللہ سے ہیں اور شعائر اللہ کی تعظیم تقویٰ ہے۔ علاوہ ازیں ارشاد خالق ہے۔ زیادہ روؤ اور کم ہنسو کے مطابق رونا حکم خدا ہے۔ اسی طرح۔ جو رویا۔ رلایا یا رونے کی شکل بنائی وغیرہ جیسی احادیث میں بھی رونے کو مامور شرعی بتایا گیا ہے ان تمام امور سے عزاداری مظلوم کربلا کا جواز ہی ثابت ہوتا ہے۔ آیات واحادیث میں مذکورہ عقل کے مطابق ہیں۔ بنابریں۔ عقل۔ نقل۔ شریعت عرف عام۔ سیرت آئمۂ اہلبیت فتاوائے علمائے اسلام اور عمل خواص وعوام جو صدیوں سے چلا آرہا ہے۔ یہ سب قریب الوجوب استحباب کی دلیل ہیں۔ کیونکہ قیام امام حسینؑ اللہ کے لیے دین خدا کے لیے حکم توحید کی سربلندی کے لیے۔ کفر وظلم وجور سے نبرد آزمائی کے لیے تھا۔ روئے ارض پر ہونیوالے تمام انقلابات کے لیے مشعل راہ ہے۔ اور الحسین منی وانا من الحسین کا ترجمان ہے۔

دعا ہے خداوند عالم ہمیں اور آپ کو انصار امام حسینؑ سے شمار فرمائے۔

۱۷ ربیع الاول ۱۴۰۲ھ

عبداللہ مجید فقیہی

مراسم عزا اور آیۃ اللہ آقای شیخ ابوطالب تجلیل دامت برکاتہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

عزاداری امام مظلومؑ مذہب شیعہ کی بنیاد اور شعائر اللہ کی تعظیم ہے۔ آپ کے غم میں گریہ اور مجالس عزا کا انعقاد آنحضرت سے محبت اور الفت کا آئینہ دار ہے۔ ناجیوں کے علاوہ تمام فرق اسلامیہ کے نزدیک محبت اہلبیت ضروریات اسلامیہ سے ہے۔ کتب اہلسنت میں تواتر کے ساتھ ایسی احادیث صحیحہ منقول ہیں جن میں محبت اہلبیتؑ کی رغبت اور بغض اہلبیتؑ سے اجتناب کا حکم دیا گیا ہے۔

مستند اور معتبر تفاسیر اہلسنت میں موجود ہے کہ جب آیۂ مودت کا نزول ہوا تو اصحاب نے آنحضور سے سوال کیا کہ۔ یہ کون افراد ہیں جن کی مودت فرض کی گئی ہے؟ تو آپ نے فرمایا میرے ذوی القربیٰ۔ علی۔ فاطمہ۔ حسن اور حسین ہیں۔ دعا ہے خدائے قدوس ہمیں ان کی محبت پر ثابت قدم رکھے۔

۱۷ ربیع الاول ۱۴۰۲ھ

ابوطالب تجلیل تبریزی

مراسم عزا اور آیۃ اللہ آقائی حاج سید حسین موسوی کرمانی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اے ایمان والو۔ متقی بنو۔ بارگاہ خالق کے لیے وسیلہ تلاش کرو۔ راہ خدا میں جہاد کرو تاکہ کامران بنو۔

ذات احدیت نے کامیابی کے لیے دو اسباب بتلائے ہیں۔

۱۔ تقویٰ، جد و جہد و جہاد۔

۲۔ وسیلہ۔ یعنی ہر ناقص کا اپنے نقص اور نقائص کے لیے کسی کامل کو واسطہ قرار دینا۔ گویا انسان اپنے مقام پر خواہ کتنا ہی متقی اور صاحب اعمال صالحہ ہو پھر بھی مقام قرب میں وہ ناقص ہے اور کسی کامل کے واسطہ بنانے کا محتاج ہے۔ اس کی تشریح مفصل کتب میں اپنے مقام پر موجود ہے۔ یہ مسلمہ حقیقت ہے کہ مراتب کمال میں آل محمد سے کامل تر کوئی بھی نہیں۔ ارشاد نبوی ہے۔ تم سبیل اعظم اور صراط مستقیم ہو۔ اللہ نے آغاز کائنات تم سے کیا اور اختتام عالم بھی تم ہی سے کرے گا۔ اے اللہ اگر مجھے تیری بارگاہ میں محمد و اہل بیت محمدؐ سے زیادہ قریب کوئی شفیع ملتا تو میں ضرور اسی کو اپنا شفیع بناتا۔ ارشاد نبوی ہے۔ میرے اہلبیت کشتی نوح کی مانند ہیں۔ خصوصاً امام حسین کے متعلق ارشاد ہے۔ الحسین منی وانا من الحسین ان الحسین مصباح الھدیٰ وسفینۃ النجاۃ۔ علاوہ ازیں تمام انبیاء اور اولیا نے اپنے مصائب میں بالعموم تمام آل محمد کو اور بالخصوص غریب کربلا کو وسیلہ بنایا اور ان کے مصائب میں گریہ کیا۔ حضرت آدم کو اللہ نے فرمایا۔ اے آدم اگر تو یوم عاشور اسے دیکھتا الخ

حضرت موسیٰ سے فرمایا۔ اے موسیٰ آپ کے بچوں کو پیاس مار ڈالے گی حتیٰ کہ ملائکہ اور ملکوت اعلیٰ کے باسیوں نے بھی آپ کو وسیلہ بنایا۔ فطرس کا واقعہ معروف ہے۔ آئمہ اہلبیتؑ ہمیشہ مصائب مظلوم کربلا پر آنسو بہاتے رہے امام سجاد تو اتنا روئے کہ ان کا شمار چند رونے والوں سے ہوتا ہے۔ امام صادق امام کاظم۔ امام رضا تا حضرت حجت ہر امام اہلبیت عزادار رہا۔ روایات متواترہ میں امام مظلوم کے لیے رونے۔ مرثیہ خوانی اور نوحہ خوانی کا بے شمار ثواب موجود ہے۔

علاوہ ازیں مجالس عزا میں اصول دین۔ فروع دین، مواعظ۔ نصائح اور دیگر مفید معلومات ہوتی ہیں۔ بلکہ مجالس عزا کی حیثیت ایک عمومی مدرسہ کی ہے جس میں زن و مرد اور صغیر و کبیر سب شامل ہوتے ہیں بشرطیکہ سامعین توجہ سے سنیں۔ آج تو مشرق و مغرب کے باسی جو انسانیت سے دور۔ اور ہر قسم کی اخلاقی اقدار سے پرے ہیں بھی گم نام سپاہی۔ کی یاد میں آنسو بہاتے ہیں۔ اور اس کے کارناموں کی فرضی داستاں سناتے ہیں۔ مگر انتہائی افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ کچھ ایمان کے ضعیف۔ مغرب گزیدہ۔ آج کہتے پھرتے ہیں کہ مجالس عزا ذکر مصائب اور مراسم عزا کو اب ختم ہونا چاہیئے۔ یہ میز یا ڈائس کے سامنے کھڑے ہو کر تقریر کرتے ہیں۔ لمبی لمبی تقریریں جھاڑتے ہیں۔ امام حسینؑ اور ان کے اصحاب پر ہونے والے مصائب کو بیان نہیں کرتے۔ لیکن جو شخص بھی تعصب کی پٹی اتار کر ان تقاریر کے اندر جھانکے

اسے تمام تر تقریریں نتیجہ بے ثمر اور بے سود نظر آئے گی۔

حالانکہ مجالس و مراسم عزا کا انعقاد امور دین میں سے اہم ترین امر ہے۔
امام مظلوم ہرگز یہ نہ صرف اسلام پر عالم انسانیت کی سربلندی کا موجب ہے
نبی اکرم اور آپ کی مقدس آل ہی تو۔ علت غائی تکوین۔ لولاک لما خلقت
الا فلاک کا مصداق رشد و ہدایت کا وسیلہ اور بنا عرق اللہ الخ کا مصداق
ہیں۔ میں اپنی اس تحریر کا اختتام چند اشعار پر کرتا ہوں۔

- بقائے دین کا سبب قیام امام حسین ہے۔ کربلا کی تمام تر تاثیر نام حسین کی بدولت ہے۔
- کٹ جانا مگر ظلم کے سامنے نہ جھکنا۔ کرہ ارض پر صرف مقصد حسین ہی تھا۔
- گویا آپ نے بتا دیا کہ انسان کے لیے ذلت نا قابل برداشت ہے۔ یہ صرف حسین ہی کا کلام ہے۔
- قیام حسین کا راز عقل کہاں پا سکتی ہے۔ مقام حسین ادراک عقل سے ماوراء ہے۔
- تن پارہ پارہ کو پامال سم اسپان کرانا۔ اور پھر زندہ رہنا یہ حسین ہی کا کام ہے۔ قائد انقلاب ایران آیۃ اللہ العظمٰی امام خمینی نے فرمایا ہے کہ مجالس عزا کا انعقاد اور غم مظلوم کربلا میں رونا احیائے دین مبین ہے۔ خادم اہلبیت

السید حسین موسوی کرمانی

و گریه به حضرت امام حسین علیه السلام احیاء دین مبین
اسلام است . کتبه بمیناه الداثره خادم اهل البیت ،

السید حسین الموسوی الکرمانی نزیل قم

السیّد حسین الموسوی الکرمانی نزیل قم المشرفة
علی مهاجرها آلاف التحیة والسلام

نظر مبارك حضرت آیت الله آقای حاج شیخ محسن حرم
پناهی دامت برکاه درباره مجالس عزاداری امام حسین (ع)

بسمه تعالی

اقامهٔ عزا بانواع مختلف منتی آن که مشتمل بر فعل حرام
نباشد برای حضرت ابی عبد الله الحسین (ع) واطعام عزاداران
آن حضرت جایز است بلکه از نظر اینکه اقامهٔ عزاء حسینی
تعظیم شعائر و احیاء امر امامت و ترویج شریعت میباشد
میبایست مورد عنایت و اهتمام عموم شیعیان و دوستداران
اهلبیت (ع) واقع شود . ۷/ جمادی الثانی ۱۴۰۲
والسلام علی من اتبع الهدی

الاحقر محسن حرم‌پناهی

۱۴۰۲

والسلام علی من اتبع الهدی، الاحقر محسن حرم‌پناهی ۷ جمادی

مراسم عزا اور آیۃ اللہ محسن حرم پناہی قم المقدسہ

باسمہ تعالیٰ۔ ہر قسم کے مراسم عزا کا انعقاد عزائے امام حسینؑ بشرطیکہ افعال محرمہ سے پاکیزہ ہوں۔ اور عزاداروں کو کھانا کھلانا تمام جائز ہے۔ بلکہ اس حیثیت سے کہ عزائے امام مظلوم تعظیم شعائر احیائے دین اور ترویج شریعت ہے۔ زیادہ سے زیادہ ہونا چاہیئے اور محبان آل محمد کو اس میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینا چاہیئے۔

جمادی الثانی ۱۴۰۲ھ

احقر محسن حرم پناہی

مراسم عزا اور آیۃ اللہ ابراہیم امینی نجف آبادی قم المقدسہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

سانحہ کربلا ایسے مخصوص آثار کا حامل ہے جن کی نظیر کم از کم تاریخ اسلام میں ملنا مشکل ہے۔ حادثہ کربلا آسانی سے فراموش ہونے والا نہ تھا فاجعہ کربلا شخصی اقتدار کی جنگ نہ تھی۔ بلکہ حق و باطل۔ ایمان و نفاق۔ شرافت و ذلت حریت و غلامی اور تواضع و تکبر میں جنگ تھی۔ واقعہ کربلا ایک تاریخی داستان نہیں ہے بلکہ۔ خون اور شہادت۔ ایثار و جانبازی۔ حریت فکر و غربت دین اور نصب العین۔ جابر اور متکبر سے نبرد آزمائی۔ خود چل کر دوسروں کو درس دینے تا شہادت جنگ۔ تسلیم و رضا اور دین و عقیدہ کے تحفظ کی درسگاہ ہے کربلا کے خونی حادثہ نے روئے شیعیت کو سرخ کیا ہے جسم۔ شیعیت میں خون کو حدت دی ہے۔ وقت کے پر متکبر کے دور میں تمام علوی انقلابی کوششوں کا سرچشمہ واقعہ کربلا ہی تھا۔ ایسا واقعہ جو زندگی کی ضامن اور انسان سازی کی درس گاہ ہو ذہن سے مٹنے والا نہیں ہوتا۔ بلکہ کل ارض کربلا اور کل یوم عاشورا کا مصداق بن جاتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ تمام آئمہ اہلبیت نے اپنے اپنے دور میں عزاداری اور مراسم عزا کو زندہ رکھا۔

آئمہ اہلبیتؑ مجالس عزا منعقد کرتے تھے۔ شعرا کو مرثیہ خوانی پر آمادہ فرماتے تھے۔ انہیں انعامات سے نوازتے تھے۔ مجالس عزا میں شرکت فرماتے تھے۔ روتے تھے۔ زیارت مزار غریب کربلا کو جاتے تھے۔ اسلام کی طویل تاریخ میں واقعہ کربلا ہی انسان سازی کا محرک رہا ہے۔ کیا ایران کا اسلامی انقلاب عزاداری کا ممنون احسان نہیں ہے؟

کیا اسی صدائے یا حسین نے ملت ایران کو انقلاب سے نہیں نوازا؟

کیا آپ چند لوگ انقلاب ایران کے چند سالہ دور میں افادیت عزاداری کو لوگوں کے ذہن سے محو کر سکتے ہیں؟ کیا ایران کے اسلامی سپاہیوں نے یا حسینؑ کے حیرت انگیز نعرہ سے دشمن کی صفوں کو پراگندہ نہیں کیا۔

یقین کیجئے درس گاہ حسینؑ ایک عظیم درسگاہ ہے اور ملت شیعہ ایسی درسگاہ کو کبھی نہیں بھول سکتی۔ بلکہ ملت شیعہ کا ہر فرد ہمیشہ اس سعی میں رہے گا کہ اس درس گاہ حسینی کو زیادہ سے زیادہ پر عظمت اور شکوہ مند بنائے اور کبھی بھی امام حسینؑ اور آپ کے اصحاب واقربا کی عظیم قربانی فراموش نہ ہو جائے۔ امت مسلمہ کو اسی درسگاہ سے جانبازی اور دینداری کا درس ملتا ہے۔ یہی درسگاہ ہے جہاں سے مستضعفین عالم کی مدد ہوتی ہے۔ اور متکبرین روئے الرض سے مقابلہ ہوتا ہے۔

ا جمادی الثانی ۱۴۰۲ھ
قم ابراہیم امینی

مراسم عزا اور آیۃ اللہ سید محمد علی کاظمینی بروجردی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

وبہ نستعین ــ من یعظم شعائر اللہ فانہا من تقوی القلوب۔ (قرآن)

ہاں! جہاں تک ظاہر کا تعلق ہے نہ صرف مراسم عزا جائز ہیں۔ بلکہ مستحب ہی نہیں بلکہ لازمی ہیں کیونکہ رونے رلانے اور رونی صورت بنانے کے مذہبی شعائر واسباب ہیں:۔

کتاب وسنت سے منقول دلائل جن رونے رلانے اور رونی صورت بنانے کے اجر کا تذکرہ ہے۔ ارشاد قدرت بھی ہے۔

زیادہ رونے کا مقتضی درحالت حلبیت اور مراسم عزا کے جواز و لزوم کی دلیل میں قوت کا ہے نیز ارشاد ربانی ہے۔ انہیں کہدے مودت فی القربیٰ کے علاوہ میں تم سے کوئی اجر رسالت نہیں مانگتا۔

اس مودت اور محبت کے مصادیق میں سے عزاداری بھی ایک مصداق ہے۔ مثلاً رونا۔ سینہ زنی کرنا۔ زنجیر زنی کرنا۔ سیاہ لباس پہننا۔ وغیرہ جن کے نہ صرف جواز کے دلائل موجود ہیں بلکہ رجحان کے براہین بھی موجود ہیں۔ علمائے اعلام کی سیرت جاریہ بھی استحباب مراسم عزا کی دلیل ہے۔ جناب زینب کبریٰ کا پیشانی کو زخم کرنا اور خون بہانا بھی مراسم عزا کے جواز کی اہم دلیل ہے۔

والسلام علی الثقلین القرآن والعترۃ

۲۰ جمادی الثانی ۱۴۰۲ھ سید محمد علی کاظمینی بروجردی

مراسم عزا اور آیۃ اللہ مصطفیٰ انورانی اردبیلی دامت برکاتہ

باسمہ تعالےٰ؛

قیام امام حسین کے سلسلہ میں یوں تو بالعموم کئی کتابیں لکھی گئی ہیں۔ لیکن ان آخری سالوں میں سینکڑوں ایسی کتابیں معرض وجود میں آئی ہیں جن میں قیام امام کے مخفی اسرار کو طشت ازبام کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ اس حقیر نے بھی اس سلسلہ میں کچھ کام کیا ہے۔ چنانچہ اس جگہ چند ایک نکات پیش کرنے کی سعادت حاصل کرتا ہوں۔

• امام حسینؑ کے قیام نے حریت فکر کے خواہشمندوں اور پیشرفت اسلام کے لیے تا قیامت ایک ایسی درس گاہ کی بنیاد رکھی ہے جس پر رہتی دنیا تک تحقیق و تبصرہ ہوتا رہے گا۔

مملکت حریت کے اس تاجدار نے تحفظ صلح وحدت اسلامی قیام امن و سکون کے لیے اور حفاظت ناموس اسلام کے لیے ایسی راہ عمل اختیار کی جس میں جابرانہ ڈکٹیٹرشپ ظالمانہ نظام حکومت عسکری قوت۔ ابلیسی لشکر کشی اور اسلامی قانون شکنی سے نبرد آزمائی کا درس تھا۔ آپ نے اس سلسلہ میں عملاً کوشش کی ہے کہ انسان مکمل حریت فکر کے ساتھ باآبرو جاہ و آزادی ہو۔

اپنے وقت میں پورے جزیرۃ العرب اور تمام عالم اسلام پر چھائے ہوئے وحشت ناک اور خوف آلود سکوت کو توڑا۔ وہ حکومت جو ضد قرآن و سنت تھی کے

سامنے سر نہ جھکایا اور شہادت قبول کی۔

بنا بریں قیام امام حسینؑ کی کرنیں صرف مسلک شیعہ سے متعلق نہیں ہیں بلکہ پورے عالم اسلام کے لیے درس ہے اور حق یہ ہے۔ ان کی کرنوں کی روشنی میں پورے کرہ ارض کو اپنی راہ تلاش کرنا چاہیئے۔

کیونکہ امام حسینؑ نہ صرف حریت فکر کا علمبردار ہے بلکہ الٰہی نمائندہ اور ان اصحاب کساء سے ہے جن کے حق میں آیۃ تطہیر نازل ہوئی ہے۔ بنا بریں یہ بھی حق ہے کہ قیام امام حسینؑ کی بحث کو تاریخ۔ تفسیر۔ فقہ اور فلسفیانہ نقطہ نگاہ سے دیکھ کر حریت فکر کی اساس کے بطور پیش کیا جائے۔ اسی لیے اس سال ١٣٦١ھ شمسی کے ایام عزا میں بابائے ایران آیۃ اللہ خمینی نے مجالس و مراسم کے سلسلہ میں خصوصی حکم دیا ہے۔ کہ مراسم و مجالس عزا جیسے سابقاً تھیں انہیں ویسے ہی بحال رکھا جائے۔ کیونکہ شہادت کی موت ہی اس راہ کے ہر سالک کا نصب العین ہوتی ہے۔ اور ظالم کے ساتھ ذلت کی زندگی سے عزت کی موت ہی میں عزت اور سعادت ہے۔ امام حسین ہی نے فرمایا تھا۔ میں ظالموں کے ساتھ ذلت کی زندگی کو موت اور عزت کی موت کو ہی زندگی سمجھتا ہوں۔

یہی حسینی فلسفہ حیات ہی تھا جس نے مملکت ایران کی کئی ملین آبادی کے دلوں میں جذبات کو حدت دی اور کلمہ حق اور سربلندی دین کے لیے یہ لوگ جانباز بن کر اٹھ کھڑے ہوئے۔ انہیں اپنی موت کا یقین ہوتا تھا پھر بھی آگے ہی بڑھتے تھے۔ یہ بالکل ایسے ہی ہوا جیسا کہ امام حسین کو اپنی شہادت کا یقین تھا۔ لیکن بدکاروں کے دست بد سے دین کو آزاد کرانے۔ ولایت حقہ کی تفسیر کو ان لوگوں کے دلوں میں روشن کرنے جو فاسقوں کو اپنا ولی و مرشد اور حاکم و آقا سمجھ بیٹھے تھے کی خاطر اپنی جان کا نذرانہ پیش کر دیا۔ اور یہ ثابت کر دیا

کہ مخالف قرآن وسنت پر حکومت غلط ہے اور آپ نے اپنی قربانی سے تنگنائے
فکر۔ جابرانہ ظلم۔ انسانیت سوز استبداد اور ہر قسم کی ہر مجبوری کے باوجود سعادت
اور حریت فکر کی سد دِ راہ کو کھول دیا۔ اور ہر شخص کو آزادی فکر سے ہمکنار کر دیا۔
ہاں یہ وہ راز ہے جس نے صدیوں سے اسے زندہ رکھا ہوا ہے۔ اور وہ
درس ہے۔ جو ہر سال نیا ہوتا ہے۔ ہر سال لوگوں کو یہ بتایا جاتا ہے کہ
مکتب امام حسین ع کے پیروکار تا زندگی اس درس کی تجدید کرتے رہیں گے۔
ظالمان عالم کے ظلم کے خلاف احتجاج کرتے رہیں گے۔ اور آپ کے فرزند
ارجمند امام مہدی کے ظہور تک یہ سلسلہ برابر جاری رکھیں گے وہ امام مہدی ع
جو اپنے ظہور سے ظلم وستم کا خاتمہ کرے گا۔ دوئیت اور جور کا عفریت فضائے
عالم سے نابود ہوگا۔ فرشتہ عدالت وانسانیت اپنی مسند عدالت پر جلوہ گر ہوگا

۲۰ جمادی الثانی سنہ ۱۴۰۲ھ

قم مصطفیٰ نورانی

مراسم عزا اور آیۃ اللہ عباس محفوظی گیلانی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مجالس عزائے امام حسین ع کا انعقاد سیرت آئمہ معصومین ع سے جیسا کہ امام
باقر ع نے دم آخر وصیت فرمائی تھی کہ ایام حج میں مقام منیٰ پر امام باقر ع اور امام سجاد ع
کے لیے مراسم عزا منعقد کیے جائیں۔ اسی طرح مجالس عزا میں ذکر فضائل ومصائب
آل محمد اور ان کے مشن کا احیاء ہے۔ جس کا استحباب روایات متواترہ سے ثابت
ہے۔ یہی مجالس عزا ہی ہیں جنہوں نے صدیوں سے ہمارا تحفظ کر رکھا ہے۔

والسلام علی من اتبع الھدیٰ

۲۴ جمادی الثانی سنہ ۱۴۰۲ھ

عباس محفوظی

مراسم عزا اور آیۃ اللہ العظمیٰ مرزا خلیل

جناب والا آیۃ اللہ العظمیٰ دام ظلہ الوارف

مخلصانہ تسلیمات کے بعد عرض ہے کہ غریب کربلا کی شہادت کے بعد سے ہمیشہ مجالس عزا منعقد کی جاتی رہی ہیں اور آج بھی کی جا رہی ہیں۔ انہی مجالس عزا کے طفیل ہر دور میں ظلم ظالمین سے عوام کو آگاہ کیا جاتا رہا اور امت مسلمہ میں سے حاضرین مجالس خواب غفلت سے بیدار ہوتے رہے۔ مگر بعد افسوس کہنا پڑتا ہے کہ چند جاہل۔ یا۔ مفاد پرست افراد آج ان مجالس عزا کی مخالفت کر کے انہیں بے سود اور لغو قرار دیئے ہیں۔ براہ نوازش جناب والا اپنے نظریات کا اظہار فرمائیں تاکہ مفسرین اور منکرین کے خلاف دلیل و حجت ہو۔

الاحقر علی ربانی خلخالی

۳ شعبان ۱۴۰۲ھ

جواب: ھو اللہ تعالیٰ

چونکہ بندہ آج کل بیماری کے سبب صاحب فراش ہے اس سلسلہ میں میرے دل میں ایک بحر مواج ہے اس میں سے صرف ایک قطرہ ہی پیش کر سکتا ہوں۔ حسین کشتی نجات اور چراغ ہدایت ہے۔ میرے خیال میں اتنا کافی ہے۔ اگر تفصیل مطلوب ہو تو میری کتاب۔ امام عظیم حسین ابن علیؑ[1] سے ملاحظہ فرمائیں۔ اللہ سے توفیق کا متمنی ہوں۔

۳ شعبان ۱۴۰۲ھ میرزا خلیل

[1] موصوف کی یہ کتاب سات جلدوں پر مشتمل ہے۔ ۱/۲ ۱۰ بجے صبح ۸۸/۶/۶

حجۃ الاسلام آقائی السید حسن ابطحی کی شہرۂ آفاق تصانیف کا اردو ترجمہ

مصلح غیبی
امام زمانہ عجل اللہ تعالیٰ فرجہ سے متعلق ۷۰ سوالات اور ان کے جوابات

ملاقات بہ امام زمانہؑ
حصہ اول و دوم
امام زمانہؑ سے ملنے والے خوش نصیبوں کے حالات
(زیر طبع)

انوارِ زہراؑ

پروازِ روح
(زیر طبع)

عالم ارواح عجیب